> The essence of History is description of the physical activities of mankind in the past, with their function of eliciting various forms of emotional experiences. The emotional experiences of mankind are essential to History. For example, it is not the mere fact that two heads were detached from two human bodies that is History—the History is the emotional convulsion of the European world produced by the execution of Charles I of England, and of Louis XVI of France. Of course it is the business of historians to make it certain that the heads in question were in fact detached from their bodies. Thus the function of History is the display of emotion derived from verified facts. Social Literature is very analogous to History, but it has a wider scope. It is concerned with facts which might have happened, or perhaps did happen, and with the emotions which might have been derived from those facts. But in another sense, such Literature has a narrower scope than History. Such Literatures must in some sense be believable whereas experiences of human beings in fact develop beyond all powers of conjecture. Thus Social Literature is conventional, while History exceeds all limitations of common sense.[3]

In contrasting literature with historical works, he is emphasising the fact that truth is stranger than fiction. While a novel must

WHITEHEAD ON HISTORICAL KNOWLEDGE

OUR first objective in this chapter will be the clarification of the various meanings of the term 'history' in Whitehead's writings. The word 'history' appears in most of his works with great frequency, but his use of the term does not always manifest precisely what he means by it. With this discussion of semantics out of the way, a brief account of Whitehead's comments on historiography will then be in order. Lastly, we will exmaine some of the problems of historical knowledge which Whitehead discussed.

I. What is History? Whitehead appears to have used 'history' to mean different things on different occasions. For example, from the standpoint of metaphysics, history may be taken to mean *the universal processes of reality*. The passage of the universe from one level of creation to another, its creative advance, is its history. This is the metaphysical meaning of history in the philosophy of organism., In another context, Whitehead conceives of *history as a record* of events or happenings. 'History is the record of the expressions of feelings peculiar to humanity' [1]—a record of love and hate, wisdom and folly, war and peace, the rise and fall of civilisations. In this context history is primarily a descriptive record of events.

Whitehead's own works, *Science and the Modern World* and *Adventures of Ideas* are examples of *history in the sense of interpretation*. In suggesting how a history of mathematics should be written, he made the point that the book should not be conceived 'as a mere assemblage of dates and names of men, but as an exposition of the general current of thought which occasioned the subjects to be objects of interest at the time of their first elaboration.' [2] The decision as to what constituted 'the general current of thought' would depend upon the interpreter.

دولت عباسیہ کی تاسیس

اسلامی تاریخ میں دولت عباسیہ کو جو اہمیت حاصل ہے اس کے کوائف کم و بیش کسی سے مخفی نہیں۔ اس سلطنت کے خلفا نے قریباً پانچ سو سال حکومت کی۔ البتہ مختلف دوروں میں حکومت کے معانی مختلف تھے۔ کبھی واقعی حکومت سے اقتدار مطلق مراد تھا (جس طرح ہارون رشید اور مامون کے عہد میں) اور کبھی یہ کہ تخت نشین تو خلفائے عباسی تھے لیکن کٹھ پتلیوں کی طرح تاریں کوئی کھینچ دیتا تھا۔ مثال کے طور پر سلاجقہ کے عہد میں، یا جب ترک غلاموں اور امرا نے اتنا اقتدار حاصل کر لیا کہ جس خلیفہ کو چاہتے اسے معزول کر دیتے اور جسے چاہتے قتل کروا ڈالتے۔ یہ صورت نویں صدی عیسوی کے نصف میں پیدا ہوئی اور آخر تک قائم رہی۔ آخری عہد میں تو حالت یہ ہو گئی تھی کہ خلفائے عباسی کا دربار تو ضرور منعقد ہوتا تھا لیکن حکومت صرف بغداد اور گرد و نواح کے کچھ علاقوں تک محدود تھی۔ اس کے باوجود اس طویل فرمانروائی کے آغاز میں ایسے زیرک اور مدبر خلفا نے زمام اقتدار سنبھالے رکھی کہ صدیوں حکومت کو زوال نہ پہنچا اور جب پہنچنا شروع ہوا تو عوام کے دلوں میں خلفائے عباسی کی ہیبت کچھ اس طرح بیٹھ چکی تھی اور ان کا احترام اس درجہ مطلوب تھا کہ ایران اور دوسری سر زمینوں کے فرمانروا خلفا ہی سے پروانۂ سلطنت حاصل کرنے کو سعادت سمجھتے تھے اور شاید عافیت بھی اسی میں دیکھتے تھے۔ دوسرے یہ کہ عباسیوں ہی کے عہد حکومت میں مرکز خلافت شام سے عراق کی طرف منتقل ہوا اور ایرانیوں کے اثر و نفوذ سے جلال و سطوت شاہانہ کے ایسے ایسے مناظر دیکھنے میں آئے کہ باید و شاید۔ علوم و فنون کو اتنا فروغ حاصل ہوا کہ ہارون اور مامون کے زمانے کو اسلامی سلطنت کا عہد زریں کہتے ہیں۔ مختلف قوموں کے امتزاج سے اور مختلف تہذیبوں کے اختلاط سے عربی تمدن نے ایک نئی وضع قطع اختیار کی جس کے خد و خال میں مختلف ممالک کی ثقافتوں کا اثر صاف دکھائی دیتا تھا۔ اس

اعتبار سے خلافت عباسیہ کی تاسیس اسلامی تاریخ میں نہ صرف ایک سنگ میل ہے بلکہ روشنی کا مینار بھی ہے۔ تیسرے یہ کہ جن حالات میں عباسیوں نے اپنی تبلیغ شروع کی اور جاری رکھی وہ بے حد دلچسپ، حیرت انگیز اور عبرت آموز ہے۔ دعوت عباسی کے نقیبوں نے جو کام سر انجام دیے ان کا شمار نوادر تاریخی میں ہوتا ہے۔ اس سلسلے میں ابو مسلم خراسانی کی خدمات کو بڑا بلند مقام حاصل ہے۔ ان تمام باتوں کی تفصیل اپنے مقام پر آئے گی۔ لیکن ان باتوں کی طرف متوجہ ہونے سے پہلے کچھ گزارشات پیش کر دینا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ راقم السطور کا موقف واضح ہو جائے۔

تاریخ کے واقعات ایک مسلسل عمل سے عبارت ہیں اور درحقیقت ماضی، حال اور مستقبل اس طرح آپس میں گتھے ہوئے ہوتے ہیں کہ مختلف تاریخی ادوار کا تعین محض قارئین کی سہولت کے لئے کیا جاتا ہے۔ ایک دور دوسرے دور تک جبر تاریخ کے ماتحت یوں پہنچتا ہے کہ یہ کہنا مشکل ہو جاتا ہے فلاں دور یہاں ختم ہوا اور فلاں دوسرا دور شروع ہوا۔ حال ہر لمحہ ماضی کی طرف رواں ہے اور ہر حال وہ نقطہ موہوم ہے جو مستقبل کو ماضی سے ملاتا ہے۔ ہم ماضی کے کوائف کی روشنی میں حال کو ٹھہرا ہوا سمجھ کر متعلقہ واقعات سے بحث کرتے ہیں اور ماضی و حال کی جو دھندلی روشنی مستقبل کی مختلف راہوں تک پہنچتی ہے اس کی مدد سے دریافت کرتے ہیں کہ کتنے متنوع امکانات تھے جن میں سے چند کے سوا باقی کے چھٹتے اور کٹتے چلے گئے اور مستقبل نے اپنا راستہ متعین کر لیا۔ اس نقطۂ نظر سے دیکھیے تو بڑی حد تک سلطنت عباسی، اموی حکومت کی علمی اور سیاسی وارث تھی۔ اور خود اموی حکومت کی تاسیس میں وہ واقعات موثر تھے جو خلافت راشدہ میں پیش آئے۔ مثال کے طور پر عباسیوں نے دین و مذہب اور زبان عربی اموی خلافت سے ورثے میں حاصل کی۔ اسی طرح تہذیبوں کا جو اختلاط عباسیوں کے عہد میں نظر آتا ہے، وہ دراصل اموی عہد ہی میں شروع ہو گیا تھا۔ ایرانی اور رومی تمدن کے اثرات نظر آنے لگے تھے ماسوا عباسیوں کے عہد میں ایرانیوں کا نفوذ عروج و اقتدار کے مقام تک پہنچا درآں حال کہ اموی عہد میں خلفا عرب قبائل کی مدد سے حکومت کرتے تھے۔ اسی طرح علمی مسائل میں بھی بہت سی چیزیں ایسی تھیں جن کی جڑیں اموی خلافت کے

کوائف میں پیوست تھیں - امویوں کے عہد ہی میں قضا و قدر کے مباحث مسجدوں میں اور اداروں میں علما کی گفتگو کا موضوع بن چکے تھے۔ اموی بھی آہستہ آہستہ بدوی تمدن کو ترک کر کے شہری تمدن کی طرف مائل رہے تھے - بڑے بڑے شہروں کی اہمیت میں اضافہ ہوتا تھا - عباسیوں کے عہد میں یہ رجحانات اپنے منطقی نتیجے تک پہنچے - امین مصری تو یہ کہتے ہیں کہ عہد عباسی میں علوم و فنون کو جو فروغ حاصل ہوا اور تہذیب و تمدن کا جو اختلاط واقع ہوا اسے بہر حال ہو کر رہنا تھا - اگر عباسی ایرانیوں کو سلطنت میں شریک نہ کرتے تو کوئی اور صورت ایسی نکل آتی کہ ایرانی اپنی قدیم تہذیب اور اپنے درخشاں تمدن سے عربوں کو متاثر کرتے - امویوں کا پایۂ تخت اگرچہ شام میں واقع تھا، نہضت علمی کے آثار پہلے عراق میں نظر آئے - حسن بصری اور اس کے شاگردوں کی تعلیمات نے شہر بصرہ میں تقویت حاصل کی، اور یہ بنوامیہ کے زمانے کا واقعہ ہے - اسی طرح عمرو بن العلا اور عیسیٰ بن عمر ثقفی نے لغوی مسائل میں جو اجتہادی کارنامے سر انجام دیے ان کا مرکز بھی بصرہ ہی تھا - عرب خالص اور موالی کی کشمکش اور شعوبیہ کا ظہور اموی عہد ہی سے متعلق ہیں - عرب قبیلوں کا باہمی اختلاف جو دولت اموی کے زوال کا ایک سبب بنا عباسیوں تک ورثے میں پہنچا - اس اختلاف سے عباسیوں کے نقیبوں نے فائدہ بھی اٹھایا لیکن اس سے نقصان بھی پہنچا[1] -

اموی حکومت کے خلاف عباسی دعوت کی داستان دلچسپ بھی ہے اور دراز بھی - میں مجملاً اس کے خد و خال سے بحث کرتا ہوں لیکن ایسے مقامات ضرور آئیں گے جہاں اجمال کی بجائے تفصیل سے کام لینا پڑے گا - ہندو شاہ نخجوانی کا بیان ہے[2] -

---

۱ - دیکھیے ''ضحیٰ الاسلام'' تالیف احمد امین مصری، طبع دوم: فارسی ترجمہ عباس خلیلی، ص ۱۷ تا ۳۵ -

۲ - ان کی تصنیف ''تجارب السلف'' جو عباس اقبال مرحوم نے بڑی محنت سے منقح صورت میں شائع کی ہے دراصل مشہور ''تاریخ الفخری'' کے مندرجات کی تلخیص ہے - کہیں کہیں مولف نے اضافہ کیا ہے، اور کہیں کچھ باتیں حذف کر دی ہیں - بہر حال ''تجارب السلف'' کی اشاعت سے ''الفخری'' کے متعلق کچھ نئی باتیں معلوم ہوئیں - ہندو شاہ مقدمہ ''تجارب السلف'' میں کہتا ہے (سال تکمیل کتاب ۷۲۴ ہجری ہے) کہ میں نے کتاب ''منیۃ الفضلاء فی تواریخ الخلفاء و الوزراء'' تالیف صفی الحق والملت

حدیث صحیح میں یہ ذکر آتا ہے کہ رسول اقدس اکثر فرمایا کرتے تھے کہ بنی ہاشم ایک عظیم سلطنت قائم کریں گے۔ بعض لوگ کہتے ہیں، کہ رسول پاک کا قول یہ تھا کہ سلطنت مذکورہ میرے فرزندوں

و الدین محمد بن علی الماوری الطقطقی کا مطالعہ کیا، جو میرے مخدوم و مربی زنگی شاہ بن بدر الحق و الدین حسن بن احمد الدامغانی کے کتب خانے کے لئے تالیف کی گئی تھی۔ (دیکھیے مقدمہ ''تجارب السلف'') ''الفخری'' میں جو کچھ مصنف نے دیباچے میں لکھا ہے اس کا مطالعہ کرنے سے اور هندو شاہ کے بیانات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ''الفخری'' کا پہلا نسخہ ۷۰۱ھ میں مرتب ہوا، اور فخر الدین عیسی بن ابراہیم سے منسوب کیا گیا۔ اس کے بعد صاحب الفخری نے ایک نسخہ مرتب کیا جس کے مندرجات میں پہلے نسخے کے مقابلے میں کچھ اضافے بھی تھے، افزائش بھی اور تصرف بھی۔ اس نسخے میں سے پہلے مربی کا نام خارج کر دیا گیا اور زنگی شاہ مخدوم هندو شاہ صاحب ''تجارب السلف'' کا نام شامل کر دیا گیا۔ ان دنوں ''تاریخ الفخری'' کا وہی نام تھا جو بتفصیل درج کیا جا چکا ہے۔ تو واضح رہے کہ هندو شاہ نے اپنی تصنیف ''تجارب السلف'' کی بنیاد جس نسخے پر رکھی ہے وہ آج کل کا نسخہ نہیں جو عموماً ملتا ہے اور جس کا ترجمہ ادارۂ ثقافت اسلامیہ لاہور سے شائع ہو چکا ہے۔ هندو شاہ نے اپنی کتاب کی تالیف میں نیا مرتب کردہ نسخہ جو صاحب الفخری کی اصلاحات سے مزین تھا پیش نظر رکھا۔ اور اسی کے مطالب کو اپنی تاریخ کی اساس قرار دیا۔ اس لئے بعض معاملات میں میں نے ''الفخری'' کے موجودہ نسخے پر ''تجارب السلف'' کے بیانات کو ترجیح دی ہے۔ عباس اقبال نے بدلائل یہ بات ثابت کی ہے کہ موجودہ نسخہ اس نسخے سے بالکل مختلف تھا جو زنگی شاہ کے کتب خانے میں موجود تھا۔ ایک تو یہ کہ هندو شاہ نے بعض مطالب کے متعلق تصریح کی ہے کہ یہ متن ''منیۃ الفضلاء'' میں موجود ہیں لیکن آج کل کے نسخے میں نہیں ملتے۔ دوسرے یہ کہ وزارت و وزرا کی ابتدا و انتہا کے متعلق ''تجارب السلف'' اور موجودہ ''تاریخ الفخری'' میں اختلاف ہے۔ مثلاً سنین مرگ و حیات وزرا: مامون کے وزیر احمد بن یوسف کی تاریخ وفات کے متعلق ''تجارب السلف'' میں اور ''الفخری'' کے بیانات میں اختلاف صریح ہے (دیکھیے ''تجارب السلف'' صفحہ ۱۷۰ حاشیہ)۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ''الفخری'' کا جو نسخہ آج کل دستیاب ہے اس سے کامل تر نسخہ بھی مرتب کیا جا چکا تھا جس میں سنین میں بھی تبدیل موجود تھی اور دلائل بھی ہیں۔ لیکن میں ان سے قطع نظر کرتا ہوں۔ خلاصہ کلام یہ کہ ''تجارب السلف'' ''تاریخ الفخری'' کے ایسے نسخے پر مبنی ہے جو کامل تر ہے اور جس میں مصنف نے ترمیم و تصرف کیا ہے۔ وہ نسخہ موجود نہیں۔ اس لئے ''تجارب السلف'' اور ''فخری'' (موجودہ) میں اختلاف ہو تو ترجیح ''تجارب السلف'' کو دی جائے گی۔

سے متعلق ہوگی۔ بعض لوگوں کا قول یہ ہے کہ رسول پاک نے عباس کو نئی سلطنت کا مؤسس قرار دیا تھا۔ چنانچہ جب عباس اپنے بیٹے عبداللہ کو جو خورد سال تھے خدمت اقدس میں لائے تو رسول نے انہیں گود میں لے کر ان کے کان میں اذان دی اور اس کے منہ میں اپنا آب دہن ڈال دیا۔ پھر عباس کو اس کا بیٹا واپس دیا اور کہا ''لے یہ بادشاہوں کے خاندان کا جد امجد ہے''۔[۳]

مفتی انتظار اللہ اکبر آبادی کہتے ہیں کہ آنحضرت صلعم نے حضرت عباس سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ نبوت اور بادشاہت دونوں تم میں سے ہیں۔ لیکن وہ یہ بھی تصریح کرتے ہیں کہ علامہ جلال الدین سیوطی کے قول کے مطابق اس حدیث کے راویوں میں عامری ضعیف ہے۔[۴]

اس روایت کے مستند یا غیر مستند ہونے کے متعلق کوئی فیصلہ صادر کرنا مطلوب نہیں۔ ان باتوں کے نقل کرنے سے صرف یہ مقصود ہے کہ تاریخ کا عملِ تسلسل زیادہ واضح ہو جائے۔ اور معلوم ہو جائے کہ حسب روایات (وہ غلط ہوں یا صحیح) خلافت عباسی کی تاسیس کا سلسلہ رسول پاک کی ذات گرامی تک پہنچتا ہے۔ ان حالات میں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ پہلے ایک شجرہ مرتب کیا جائے جس سے واضح ہو کہ عباسی فرمانرواؤں کا رسول اقدس سے کیا رشتہ تھا اور جس اموی سلطنت کو انہوں نے پارہ پارہ کیا اس کے فرمانروا رسول پاک کے خانوادے سے کس طرح مربوط تھے۔ بنوامیہ کے زوال اور سلطنت عباسیہ کی تاسیس کے سلسلہ میں شیعان علی، شیعان ہاشم اور شیعوں کے دوسرے گروہوں نے بھی بہت اہم کردار ادا کیا۔ اس لئے شجرے کی ترتیب میں یہ بات ملحوظ خاطر رہے گی کہ ان تمام مختلف جماعتوں کا باہم ربط اور تعلق واضح ہو جائے۔ شجرے کی تفصیل اگلے صفحہ پر درج ہے۔[۵]

۳۔ ''تجارب السلف'' مذکور ص ۷۷: ''الفخری'' کی روایت بھی دیکھیے ص ۱۷۱، مطبوعہ ادارہ ثقافت اسلامیہ، لاہور۔

۴۔ ''تاریخ ملت'' حصہ پنجم ''خلافت عباسیہ'' ندوۃ المصنفین دہلی ۱۹۵۰ء ص ۹۔

۵۔ یہ شجرہ مندرجہ ذیل کتابوں کی مدد سے مرتب کیا گیا ہے۔ ''طبقات سلاطین اسلام'' تالیف لین پول ترجمہ عباس اقبال، ۱۳۱۲ شمسی ہجری؛ ''تاریخ ملت'' ندوۃ المصنفین دہلی؛ 'مسلمانوں کی سیاسی تاریخ'' تالیف ڈاکٹر حسن ابراہیم، مجلس ترقی ادب لاہور؛ براؤن ''تاریخ ادبیات ایران'' جلد اول؛ ''تاریخ اسلام'' شاہ معین الدین، معارف پریس، اعظم گڑھ۔


قبیلہ قریش
عبد مناف
ہاشم
عبد شمس
عبدالمطلب
امیہ
خلفائے اموی
عبداللہ
ابوطالب
عباس
محمدؐ رسول اللہ
عبداللہ
فاطمہؓ ع علی
علی
محمد حنفیہ
(حنفیہ کے بطن سے)
حسین
حسن
خلفائے فاطمین مصر
ائمہ اثنائے عشر
(بدعویٰ خود)
ابو ہاشم
محمد
عبداللہ
موسیٰ
سلیمان
منصور
(دوسرا عباسی خلیفہ)
سفاح
(پہلا عباسی خلیفہ)
ابراہیم

رسول پاک نے عربوں کی قبائلی عصبیت کا قلع قمع کرنے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا تھا، لیکن خلافت راشدہ کے بعد فوراً معلوم ہوگیا کہ یہ عصبیت کلیتاً مٹ نہیں پائی اور کوئی نہ کوئی روپ دھار کر سامنے آتی رہی۔ خلفائے اموی نے اصلاً عربی قبائل کو اپنا پشتیبان گردانا تھا اور ان کے مقابلے میں مفتوح قوموں کو وہ کلیدی اسامیوں سے دور رکھتے تھے - یہ بھی عصبیت ہی کا ایک روپ تھا کہ جو لوگ مفتوح ہونے کے بعد ایمان لائے وہ موالی کہلائے - ان لوگوں نے بتدریج یہ محسوس کیا کہ عرب خالص انہیں اچھی نظروں سے نہیں دیکھتے - موالی کا رد عمل اس بات کے خلاف بہت شدید تھا - اس کا نتیجہ مختلف تحریکوں کی صورت میں برآمد ہوا - جن میں شعوبیہ[۶] کی تحریک بہت اہمیت رکھتی ہے - براؤن نے حکومت اموی کے زوال کے اسباب گنواتے ہوئے ان تحریکات کا بھی ذکر کیا ہے - اس سلسلے میں مسئلے کا دقیق ترین مطالعہ تو حسن ابراہیم نے کیا ہے - جس کی تاریخ کا حوالہ اوپر آ چکا ہے - لیکن براؤن کے مندرجات سے استغنا نہیں برتا جا سکتا کیونکہ اس نے نہایت دقیقہ رس اور نکتہ سنج مستشرقین کی تحقیقات سے فائدہ اٹھایا ہے - براؤن لکھتا ہے، بنو امیہ کی سیاسی حکمت عملی نے مفتوح قوموں کو نہ صرف بدگمان کر دیا بلکہ ان کے دل میں عربوں کی طرف سے نفرت کے جذبات بھی پیدا کر دیے - صرف یہی نہیں بلکہ براؤن تو مدعی ہے کہ اموی عہد کی رعایا کے چار طبقات بتفصیل ذیل اموی حکمت عملی سے نالاں تھے -

۱ - متقی اور پرہیزگار مسلمان، جو اپنی آنکھوں سے دیکھتے تھے کہ

۶- اس تحریک کے خد و خال کا اجمالی بیان تو براؤن کی جلد اول میں مل جائیگا - لیکن امین مصری نے ''ضحلی الاسلام'' میں جس کا حوالہ پہلے دیا جا چکا ہے نسبتاً شعوبیہ کے کوائف سے بتفصیل بحث کی ہے - اور اپنے مآخذ کی نشاندھی بھی کی ہے - شعوبیہ کا دعویٰ تھا کہ اسلام میں تفوق کی بنا تقویٰ ہے - عرب اور غیر عرب میں کوئی فرق نہیں - ان میں جو لوگ اس سلسلے میں بہت آگے نکل گئے تھے وہ تو یہ دعویٰ کرتے تھے کہ مختلف علوم وفنون میں غیرعرب کو جو مہارت حاصل ہے وہ عرب خالص کو میسر نہیں - مفتوح قوموں کے تمام نمائندے کم و بیش اس تحریک میں شامل تھے - لیکن سب سے زیادہ فعال عنصر ایرانیوں کا تھا جو ابھی تک ساسانیوں کی عظمت اور رفعت کی یاد سینوں سے لگائے بیٹھے تھے - اور ایرانی تمدن کے احیا کا خواب دیکھ رہے تھے -

خلفائے وقت امیرالمومنینؓ کہلاتے ہوئے کیسے کیسے فسق و فجور میں مبتلا ہیں۔ مہاجر و انصار کی جماعتیں بالخصوص اور دوسرے لوگ بالعموم خلفا اور امرا کے نا مناسب اعمال سے متنفر تھے۔

۲۔ شیعان علی ، اس جماعت نے اپنے دعویٰ کے مطابق بنوامیہ کے ہاتھوں سب صدمے اٹھائے تھے۔ کربلا کا حادثہ صرف ایک واقعہ نہ تھا بلکہ واقعات کے سلسلے کی ایک نہایت اہم کڑی تھا۔ مختار نے اپنی سلطنت کے قیام میں اسی جماعت سے بیشتر مدد لی۔

۳۔ خوارج ، یہ جماعت آٹھویں صدی عیسوی کے آغاز تک خلفائے وقت کے لئے درد سر بنی رہی، اور ان کی مسلسل سر کشی اور بغاوتوں نے بنوامیہ کو سخت پریشان کیا۔

۴۔ موالی، (ان کا ذکر اوپر آ چکا ھے)۔[۷]

براؤن کے ان بیانات میں یہ اضافہ کرنا چاہیے کہ موالی میں ایرانی خاص طور پر اپنے آپ کو ستم رسیدہ سمجھتے تھے۔ اس لیے بھی کہ اُن سے خراج وصول کرنے کے سلسلے میں بڑی زیادتیاں کی گئی تھیں۔ اس کی طرف میں آگے چل کر پھر اشارہ کروں گا۔

۷۔ براؤن ''تاریخ ادبیات ایران'' ج ۱، ص ۲۳۰ تا ۲۳٤۔ براؤن مختار کی طرف اشارہ کرکے رہ گیا ھے۔ اُس کی مراد مختار بن ابی عبید سے ھے۔ جس کا شمار صف اول کے چار عرب مدبروں میں ہوتا ھے جو طائف سے متعلق تھے۔ یعنی مغیرہ ابن شعبہ ، زیاد ابن امیہ ، مختار خود اور حجاج بن یوسف۔ اصطلاح میں ان لوگوں کو چار دھات کہا جاتا ھے (جمع داھیہ، چالباز ، مدبر ، سیاستدان)۔ مختار نے حامیان اہل بیت اور شیعان علی کی مدد سے بغاوت کی۔ اور ابن حنفیہ کی تائید کی آڑ میں کامیابی پر کامیابی حاصل کرتا چلا گیا۔ یہاں تک کہ اُس نے عبیداللہ ابن زیاد اور شمر بن ذی الجوشن کے سر کاٹ کر ابن حنفیہ کی خدمت میں ارسال کیے اور کچھ مدت کے لئے اُموی حکومت کو بالکل بے بس اور معطل کر دیا۔ اس سلسلے میں امام زین العابدین نے تو مختار کی تائید سے تبرا کا اظہار کیا۔ لیکن ابن حنفیہ نے نہ مخالفت کی اور نہ مختار کو اپنی طرف سے لڑنے کی اجازت دی۔ ابن عباس البتہ اُس کی اخلاقی تائید کرتے تھے ''قرن اول کا ایک مدبر'' تالیف خورشید فارق مکتبہ برہان ، دہلی)۔

براؤن نے ولوٹن (فلوٹن) کی تحقیقات دقیق کا ذکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس عالم اور فاضل شخص نے اس مسئلے پر خوب خوب داد تحقیق دی ہے۔ براؤن کے قول کے مطابق ولوٹن اسباب زوال بنوامیہ اور عوامل اقتدار بنو عباس کے سلسلے میں مندرجہ ذیل چار عناصر کو اس تمام معاملے کی بنیاد قرار دیتا ہے۔ میں اُن چار عناصر کا بالترتیب ذکر کرتا ہوں اور پھر مستشرقین کے علاوہ علمائے مصر و شام نے جو کچھ لکھا ہے اس سے مدد لے کر ولوٹن کے مجملات کی تشریح و توضیح کرتا ہوں۔[8]

۱- مفتوح قوموں کے دل میں خارجی حملہ آوروں کی طرف سے شدید تنفر کا وجود[9] ۲- شیعی تحریک کا فروغ[10] ۳- کسی مسیحا کے ظہور کی توقع ۴- عربی قبائل کی باہمی چپقلش۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ ولوٹن نے معاملے کا اچھا تجزیہ کیا ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ حسن ابراہیم اور سعید نفیسی نے زیادہ نکتہ شناسی سے کام لیا ہے۔ مقدم الذکر نے اموی حکومت کے آواخر عہد کا ذکر کرتے ہوئے رعایا کے مختلف طبقات کے خصائص گنوائے ہیں۔ اور سعید نفیسی نے عباسی دعوت و تبلیغ کے سلسلے میں اس بات کی توجیہ کی ہے کہ ایرانی آل عباس کے مؤید کیونکر تھے، اور بالخصوص یہ کہ ابو مسلم خراسانی نے آل عباس کے سفر کو منزل اقتدار تک پہنچانے میں کیوں اتنی کاوش و تندھی سے کام لیا۔

۸- براؤن ج ۱، ص ۲۳۲-

۹- اس سلسلے میں دیکھیے ''ضحیٰ الاسلام'' جس میں بتفصیل اس بات سے بحث کی گئی ہے کہ شعوبیہ نے عوام کو کیسے کیسے عجیب و غریب طریقوں سے متاثر کیا تھا اور بنوامیہ کے عمال کے مظالم کس تفصیل سے بیان کئے جاتے تھے۔

۱۰- فلوٹن نے محض شیعی لکھ کر کچھ بات مشتبہ کر دی ہے۔ اصل قصہ یہ ہے کہ یوں تو خلافت راشدہ کے زمانے ہی میں شیعان علی کی جماعت وجود میں آگئی تھی، لیکن شہادت حسین کے بعد یہ جماعت بہت سے فرقوں میں منقسم ہوگئی۔ جن لوگوں نے مختار کا ساتھ دیا وہ کیسانیہ کہلائے۔ جو لوگ بنوہاشم کے اقتدار کے خواہاں تھے وہ ہاشمیہ۔ آئمہ اثناعشر یا دوازدہ معصومین کے حامی اثنا عشری کہلاتے ہیں۔ اور انہی کی ایک شاخ سبعیہ ہے جن کے اماموں کا سلسلہ امام جعفر صادق کے بعد شیعان اثنا عشر سے مختلف ہو جاتا ہے۔ جو شیعہ ائمہ اثنا عشر کے صحیح معنوں میں مقلد تھے، اُن کو امام خونریزی اور جنگ سے روکتے تھے۔ اس بات کی تفصیل آگے آتی ہے۔

حسن ابراہیم تاسیس سلطنت عباسی کے اسباب و عوامل سے بحث کرتے ہوئے پہلے یہ بتاتے ہیں کہ امویوں کے آخری دور میں مختلف فرقوں کی کیا حالت تھی - تاکہ عباسی دعوت کی کامیابی اور امویوں کے زوال کے رموز ہم پر روشن ہو سکیں، اور ہم عام مؤرخوں کی طرح صرف سطحی کوائف تک اپنے آپ کو محدود نہ رکھیں - اُن کے بیانات کا خلاصہ یہ ہے کہ بنوآمیہ کے آخری دور میں اہم فرقے بتفصیل ذیل تھے : سنی، شیعہ، خوارج، مرجئیہ اور معتزلہ - اس کے بعد اُن کے کوائف سے بحث کرتے ہوئے فاضل مصنف نے خود امویوں کے داخلی انتشار کے اسباب گنوائے ہیں - میں انہی کی ترتیب قائم رکھ کے اُن کے مباحث سے تعرض کرتا ہوں -

۱- سنی- حسن ابراہیم لکھتے ہیں[۱۱] کہ صرف یہی ایک فرقہ تھا جو جمہور اسلام سے عبارت تھا - انہی کی تاریخ دراصل ''اسلامی تاریخ'' ہے - یہ دعوے دونوں درست ہیں - لیکن ان پر اس بات کا اضافہ کرنا چاہیے - کہ بنوآمیہ کے خلاف جب عباسی تحریک نے زور پکڑا تو سُنی شیعہ کی تمیز کم ہو گئی - جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے، متقی سنی بھی خلفا کے فسق و فجور سے متنفر تھے - پھر یہ بھی تھا کہ عرب میں سنی جن گروہوں میں بٹے ہوئے تھے (قبائلی اعتبار سے) وہ اب آپس میں برسرپیکار رہنے لگے تھے - اصل چپقلش شمال اور جنوب کے عربوں کے درمیان تھی - یہ دونوں گروہ مختلف ناموں سے تاریخ میں ظاہر ہوتے ہیں - مثلاً مصری، یمنی، کلبی، قیسی وغیرہم- لیکن اصل[۱۲] تفریق بہرحال وہی شمال اور جنوب کی تھی - خلفائے بنوآمیہ نے اس سلسلے میں کسی ہم آہنگ حکمت عملی پر عمل نہیں کیا - کبھی وہ ایک جماعت کو آگے بڑھاتے اور کبھی دوسری کو - نتیجہ یہ نکلا کہ دونوں جماعتوں میں اقتدار حاصل کرنے کے لئے ایک مستقل کشمکش پیدا ہو گئی - خاص عربوں میں تو یہ کشمکش شاید

۱۱- مختلف طبقات رعایا کا ذکر ''مسلمانوں کی سیاسی تاریخ'' جلد دوم، مجلس ترقی ادب لاہور، کے صفحہ ایک سے شروع ہوتا ہے اور ۱۸ تک جاتا ہے -

۱۲- ان مسائل کی تفصیلات کے لئے دیکھیے براؤن ''تاریخ ادبیات ایران'' جلد اول؛ نکلسن ''تاریخ ادبیات عرب؛ ''عبرت نامہ آندلس'' تالیف ڈوزی مترجمہ عنایت اللہ؛ ''اخبار آندلس'' تالیف سکاٹ مترجمہ خلیل الرحمن؛ ''ضحیٰ السلام'' تالیف امین مصری ترجمہ عباس خلیل؛ ''تاریخ الفخری'' اور ''تاریخ الطبری'' -

زیادہ مؤثر نہیں ہوئی۔ لیکن مقبوضات و متصرفات میں یہ کشمکش (جو دراصل پرانی قبائلی عصبیت کا ایک نیا روپ تھی) امویوں کے حق میں سم قاتل بن گئی۔ اور ابو مسلم خراسانی نے تو اس کشمکش سے فائدہ اٹھا کر تمام خراسان کو مسخر کر لیا۔ تفصیل آگے آتی ہے۔

۲- شیعہ۔ حسن ابراہیم کے قول کے مطابق شیعوں کا عقیدہ یہ تھا (اور ہے) کہ خلافت کا خاندان رسول میں محدود رہنا ضروری ہے۔ خلافت کا حق دراصل حضرت علی کو پہنچتا تھا، اور اس کے بعد موروثی طور پر یہ حق اُن کی اولاد کو پہنچتا ہے۔ حسن ابراہیم کا یہ خیال صحیح ہے لیکن یہاں بھی اس پر اتنا اضافہ ہونا چاہیے۔ کہ شیعوں کا یہ عقیدہ ایرانی اثرات کا نتیجہ ہے۔ ایران میں شیعت بہت جلد رس بس گئی تھی۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ ایرانی امام حُسین کو اپنے اکاسرہ[۱۳] کا داماد سمجھتے تھے اس لئے کہ شہر بانو (ساسانی شہزادی) اُن سے بیاہی تھیں۔ جہاں تک حق خلافت کے موروثی ہونے کا تعلق ہے۔ تو امر، موقف کی جڑیں بھی ایران کے تمدنی مزاج میں پیوست ہیں۔ ایرانی فرمانرواؤں کے ہاں سلطنت کا حق نہ صرف موروثی تھا بلکہ اُسے تائید خداوندی بھی حاصل تھی۔ وہ بحکم الٰہی فرمانروائی کرتے تھے۔ غور کیجئے کہ شیعوں کے ہاں بھی یہ بات موجود ہے کہ امام کو منصوص ہونا چاہیے۔ یعنی اُس کی امامت نص کے ذریعے مستحکم اور ثابت ہو، جیسا کہ شیعوں کے عقیدوں کے مطابق دوازدہ معصومین کے سلسلے میں ہوا۔ مختلف شیعی جماعتوں کا ذکر میں پہلے کر چکا ہوں۔ ان میں ایک جماعت غالی کہلاتی تھی۔ یہ وہ لوگ تھے جن کے خیال میں خدا نے (معاذاللہ) آئمہ معصومین کا قالب اختیار کر لیا تھا۔ شیعان اثنا عشر ان لوگوں کو یعنی غلات کو دین حق سے خارج سمجھتے تھے۔ لیکن مشکل یہ آن پڑی کہ ایران میں شیعت کی جو شکل قائم ہوئی، اُس میں غلو کو زیادہ دخل تھا۔ یہاں تک کہ ایرانی غلات ابو مسلم خراسانی کو امام بھی سمجھتے تھے اور حلول پر ایمان رکھتے ہوئے خدا بھی۔ ابو مسلم کے قتل کے بعد جن غالی فرقوں نے ظہور کیا وہ سب تناسخ' حلول اور رجعت کے قائل تھے۔ اور مدعی تھے کہ ابو مسلم کی روح تحریکات کے مؤسسوں میں حلول کر گئی ہے۔ بابکی، خرم دینی اور ایسے ہی فرقے جو ایران میں اُبھرے سب کے سب غالی تھے، اور

۱۳- جمع کسریٰ (فارسی خسرو)۔

اہل سنت والجماعت کی نظر میں مزدک و مانی کے معتقد اور زندیق۔

بات یہ ہے کہ عرب مورخ غیر شعوری طور پر ہی سہی اس نکتے سے آگاہ ضرور ہو گئے تھے کہ ایران سے جو مذہبی تحریکیں اٹھتی ہیں ان کا اصل مقصد ایران کا سیاسی اور ثقافتی احیا ہے۔ اور وہ اپنے پیش نظر زرتشت، مزدک اور مانی کی تعلیمات رکھتے ہیں[۱۴]۔ نظام الملک طوسی نے سیاست نامہ میں مجملاً اس نکتے کی طرف بکمال بلاغت اشارہ کیا ہے۔

بہر حال واقعہ کربلا کے بعد بنوامیہ کے خلاف جو ماحول پیدا ہو گیا تھا وہ شیعان علی کے لئے خاص طور پر سازگار تھا۔ اب تک شیعت ایک سیاسی نظریے کی حیثیت رکھتی تھی۔ لیکن شہادت کے بعد شیعت کا عقیدہ شیعوں کے دل و دماغ اور رگ و پے میں یوں سرایت کر گیا، کہ وہ سرتاپا قصاص خواہ حسین بن گئے۔ اور اس لئے طبعاً اموی حکومت کے مخالف۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ آئمہ اثنا عشر میں سے کسی نے حکومت وقت کے خلاف خروج نہیں کیا اور امام زین العابدین کے طے کردہ مسلک کے مطابق گوشہ گزینی اختیار کئے رکھی۔ آگے چل کر میں بتفصیل اس بات کا ذکر کروں گا کہ تاسیس دولت عباسیہ کے سلسلے میں امام جعفر صادق کا طرز عمل اپنے اجداد سے کس قدر ہم آہنگ تھا۔

۱۴۔ زرتشت، مانی اور مزدک کی تعلیمات پر بہت سی کتابیں لکھی جا چکی ہیں۔ لیکن عام قاری کے لئے مندرجہ ذیل تالیفات مفید ثابت ہوں گی: ''ایران بعہد ساسانیان'' تالیف کرسٹن سین مترجمہ ڈاکٹر محمد اقبال، اورینٹل کالج، لاہور؛ ''مزدلیسنا'' تالیف ڈاکٹر محمد معین (فارسی) (اس تالیف میں زرتشت اور اس کے مسلک کے متعلق نہایت دقت نظر سے بحث کی گئی ہے اور میرے خیال میں اس موضوع پر اب تک یہ کتاب حرف آخر کی حیثیت رکھتی ہے)؛ ''ایران قدیم'' تالیف سید عابد علی عابد، مکتبہ فرینکلن، لاہور؛ ''حکمائے قدیم کا فلسفہ اخلاق'' تالیف بشیر احمد ڈار، ادارہ ثقافت اسلامیہ، لاہور۔

اردو اور فارسی کی شعری روایت کے مطابق مانی مصور تھا۔ تحقیق کا موقف کم از کم اب تک یہ رہا ہے کہ وہ مصور نہیں پیمبر تھا۔ لیکن جدید انکشافات نے ثابت کر دیا ہے کہ شعری رعایت کلیتاً جھوٹ نہیں بولتی۔ کم از کم اس میں اتنی صداقت ضرور موجود ہے کہ مانی سے ایرانی مصوری کا ایک دبستان منسوب ہے۔ اس دبستان کے مقلد فنکار وسط ایشیا میں اپنی فنکاری کے نمونے چھوڑ گئے ہیں۔ ان کی فنکاری کا اثر چین تک بھی جا پہنچا تھا۔ چنانچہ حال ہی میں تورخان کے اثری انکشافات، دیواری تصویریں اور مصور و مذہب اوراق دستیاب ہوئے ہیں۔

جن شیعوں کو آئمۂ اثنا عشر کے اس مسلک سے کہ ان کے لئے ابھی خروج کا وقت نہیں آیا مایوسی ہوئی، انہوں نے طبعاً دوسرے سہاروں کی جستجو کی۔ چنانچہ شیعوں کی ایک جماعت محمد بن حنفیہ کے حق خلافت کی دعوت دینے لگی۔ اور جب اُن کا انتقال ہو گیا تو اُن کے بیٹے ابو ہاشم کے لئے کد و کاوش جاری رکھی۔ یوں کہنا چاہیے کہ شیعان علی کی ایک شاخ نے (اور یہ بہت مؤثر اور فعّال شاخ تھی) اپنے پیشواؤں کی گوشہ گزینی سے مایوس ہو کر علویوں کا دامن تھام لیا تاکہ جس طرح بھی ہو امویوں کو شکست دی جائے اور اگر آل فاطمہ حق تخت نشینی سے دست بردار ہوتی ہے تو کم از کم اولاد علی تو اپنے حق تک پہنچ جائے۔ اس بات کے تاریخی شواہد موجود ہیں۔ کہ محمد بن حنفیہ نے اگرچہ مختار کی حمایت بصراحت نہیں کی تھی تاہم علویوں کا ایک بہت بڑا گروہ مختار کے ساتھ تھا۔ اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ جو شیعہ محمد بن حنفیہ یا ان کی اولاد کو مسند نشین خلافت دیکھنا چاہتے تھے، چپکے چپکے دعوت و تبلیغ میں مصروف تھے۔ اس سلسلے میں عباسی بھی اُن کے ہمنوا تھے۔ یا یوں کہنا چاہیے کہ علویوں نے آل عباس کی حمایت بھی حاصل کر لی تھی۔ تاہم تاریخ کے انقلابات حیرت انگیز ہوتے ہیں۔ بقدرات امور یوں واقع ہوتے ہیں کہ انسان حیران رہ جاتا ہے۔ ۹۸ ہجری میں اموی خلیفہ سلیمان بن عبدالملک نے ابو ہاشم بن محمد بن حنفیہ کو بڑی عقیدت سے اپنے ہاں بلایا۔ ملاقات ہوئی تو بہت دوستی اور محبت کا اظہار کیا۔ لیکن یہ سب دکھاوا تھا۔ حقیقت یہ تھی کہ سلیمان بن عبدالملک ڈرتا تھا کہ ابو ہاشم کی بڑھتی ہوئی مقبولیت اور اُن کا اثر و نفوذ کہیں امویوں کے لئے مہلک نہ ثابت ہو۔ یہ سوچ کر اُس نے ابو ہاشم کو اپنی راہ سے ہٹانا چاہا چنانچہ جب وہ رخصت ہو کر اپنے گاؤں حمیمہ (شام) پہنچے تو اُنہیں زہر دلوا دیا گیا۔ اتفاق کی بات ہے۔ کہ انہی دنوں محمد بن علی بن عبداللہ بن عباس اس گاؤں میں اقامت گزین تھے۔ جب ابو ہاشم کو یقین ہو گیا کہ اُنکی موت نزدیک اور اٹل ہے تو اُنہوں نے محمد بن علی کو بلایا اور دعوت ہاشمیہ کے تمام اسرار و رموز سے اُنہیں آگاہ کر دیا۔ اپنے زمانے کے ممتاز داعیوں اور نقیبوں کے نام بھی بتا دیے۔ اور وہ تمام خطوط بھی اُن کے حوالے کر دیے جو مختلف لوگوں نے بطریق اظہار عقیدت اُن کی خدمت میں بھیجے تھے۔ ابوہاشم نے محمد عباسی

کو ان تمام باتوں سے آگاہ کر دینے کے بعد اپنا جانشین مقرر کر دیا۔ اور یوں امامت کا حق اور اس سلسلے میں دعوت و تبلیغ کا استحقاق علویوں کے خاندان سے بتقدیر الٰہی عباسیوں کے دودمان میں منتقل ہوگیا[۱۵]۔

اتفاق کی بات ہے کہ محمد بن علی کو اپنے آبا و اجداد کے مقابلے میں تفوق و اقتدار حاصل کرنے کی تمنا زیادہ تھی۔ انہوں نے اس انتقال کو بسر وچشم قبول کیا، اور اس کے بعد شیعان علوی ہی کی مدد سے اپنی دعوت شروع کر دی۔ البتہ اس کی صورت یہ کر دی کہ داعی آل عباس کا صراحت سے ذکر نہیں کرتے تھے بلکہ یا تو بنوہاشم کا نام لیتے تھے یا خانوادہ رسول کے حق میں پروپیگنڈا کرتے تھے۔ محمد بن علی کی اس حکمت عملی کے متعلق مورخوں میں اختلاف رائے ہے۔ کچھ لوگ تو یہ کہتے ہیں کہ انہوں نے عوام کو فریب دیا۔ چنانچہ جب آل عباس برسراقتدار آ گئے تو کیا علوی اور کیا شیعان بنو فاطمہ اور کیا ایرانی سب کم و بیش من حیث المجموع ان کے خلاف صف آرا ہوگئے۔ کچھ مورخوں کا خیال یہ ہے کہ جب خود ہاشمی امامت کا حق منتقل کر چکے تھے، تو آل عباس کے لئے اخلاقی طور پر وہ تمام کوششیں جائز تھیں جو آخرکار ان کی تخت نشینی پر منتج ہوئیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ مؤخرالذکر جماعت حق پر ہے۔ آل عباس قانوناً و اخلاقاً محمد بن حنفیہ کے حق امامت کے وارث قرار دیئے جا چکے تھے۔ جن ایرانی مورخوں نے اس سلسلے میں انہیں قصوروار گردانا ہے۔ اور خاص

۱۵۔ ابوہاشم اور محمد بن علی کے متعلق جو واقعات میں نے بیان کئے ہیں، اساساً و اصلاً تمام مورخ کم و بیش ان کی صداقت کی تائید کرتے ہیں۔ کہیں کہیں جزئیات میں ضرور اختلاف ملتا ہے۔ چنانچہ یہ داستان ''تجارب السلف'' سے لے کر ''الفاطمیون فی مصر'' تک تمام تاریخوں میں موجود ہے۔ فخری نے بھی اس کا ذکر کیا ہے۔ اور مستشرقین نے بھی انتقال دعوت اور حق امامت کے مباحث سے تعرض کیا ہے۔ بعض مورخ البتہ یہ صراحت نہیں کرتے کہ ابوہاشم کو سلیمان بن عبدالملک نے زہر دلوا دیا تھا۔ مثال کے طور پر مفتی انتظام اللہ (''تاریخ ملت'' مذکورہ) لکھتے ہیں، کہ دشمنوں نے ابوہاشم کو زہر دے دیا۔ ساتھ ہی کہتے ہیں کہ خلیفہ سلیمان کے عمال ان کے درپئے آزار ہوئے۔ اب ظاہر ہے کہ دشمن کون ہے۔ اسی طرح شاہ معین الدین ندوی بھی یہ لکھتے ہیں کہ ابوہاشم کو اتفاق سے حمیمہ میں مرض الموت پیش آیا ہے۔ لیکن ابراہیم حسن نے مطالب مندرجہ بالا کو بالکل صحیح تسلیم کیا تھا اور انہی کی تالیف اس سلسلہ میں تازہ ترین تحقیقات کو محیط ہے۔ اور یوں وہ تعصب سے بھی خالی ہیں۔

طور پر یہ کہا ہے کہ ابومسلم خراسانی اور ابو سلمہ خلال (وزیر آل عباس) کا قتل سراسر ناجائز تھا ، وہ زیادتی کر رہے ہیں۔ ابو مسلم خراسانی نے بیشک علوی شیعوں کی نمائندگی کرتے ہوئے سلطنت عباسیہ کی تاسیس کا کٹھن کام بڑی خوبی سے سر انجام دیا ، لیکن اس کا مقصد و منشا[۱۶] جیسا کہ ایرانی مورخوں کی تحریروں سے ظاہر ہوتا ہے یہ نہ تھا کہ آل عباس تخت نشین ہوں۔ مقصد یہ تھا کہ ایرانیوں کو بنوامیہ کی حکومت سے چھٹکارا حاصل ہو۔ اور نئی سلطنت کی بنیاد یں اس طرح رکھی جائیں کہ ایرانی تمدن اور ثقافت کا اثر نفوذ قائم ہو جائے ، اور فرمانروا ایرانیوں ہی کو کلیدی اسامیوں پر فائز کریں ۔ اس مقصد میں ابو مسلم کو پوری کامیابی حاصل ہوئی۔ جہاں تک اس کے قتل کا معاملہ ہے اس کے رموز و اسرار کچھ اور ہیں اور ان سے میں اپنے مقام پر بحث کروں گا۔ یہی صورت[۱۷] ابو سلمہ خلال وزیر آل محمد کی ہے ۔ (سفاح نے تخت نشینی کے وقت عباسیوں کے اس داعی کبیر کو وزیر آل محمد کا لقب دیا تھا) اس نے بصراحت یہ چاہا تھا کہ بنو فاطمہ میں سے کوئی تخت نشین ہو۔ یا کم از کم علویوں میں سے ہی کوئی مسند اقتدار پر بیٹھ جائے۔ جب یہ تمنا پوری نہ ہو سکی تو مجبوراً سفاح کے ہاتھ بیعت کی ۔

۳- خوارج- اس جماعت کا ذکر پہلے کیا جا چکا ہے ۔ حسن ابراہیم کا بیان ہے کہ اس فرقے میں عجمی مسلمانوں کی بہت بڑی تعداد شامل ہو

---

۱۶ - دیکھئے ''احوال و اشعار رودکی'' سہ جلد (فارسی) تالیف سعید نفیسی ، ج ۱، ص ۲۷۸ تا ۲۹۲ مباحث نصیر بن سیار و ابومسلم خراسانی ۔

۱۷- اس واقعہ کی تفصیل جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں آگے آ رہی ہے۔ یہاں اتنا عرض کر دینا شاید دلچسپی سے خالی نہ ہو کہ عباسیوں سے پہلے وزارت کا باقاعدہ عہدہ موجود نہ تھا ۔ کاتب یا مشیر ، وزارت کے فرائض سر انجام دیتے تھے ۔ سب سے پہلے آل عباس نے ایرانی ثقافت اور تمدن کے تتبع میں وزارت کا عہدہ قائم کیا ، وزیر کے اختیارات معین کیے اور اس کی ذمہ داریوں کی حدبندی کی ۔ فخری نے (اردو ترجمہ ص ۱۸۳) وزیر کے معانی سے بحث کی ہے اور لکھا ہے کہ اہل لغت کہتے ہیں کہ '' وَزر '' بالفتح کے معنی ہیں جائے پناہ اور '' وِزر '' بالکسر کے معنی ہیں بوجھ ۔ اگر وزیر وِزر سے ہے تو گویا سلطنت کا یا دوسروں کا بوجھ اٹھاتا ہے اور اگر وَزر سے ، تو مطلب ہے کہ وزیر کی رائے سے رجوع کر کے فرمانروا حوادث سے پناہ میں رہتا ہے ۔ بہر حال یہ کلمہ دونوں معانی پر دلالت کرتا ہے ۔

گئی تھی - ان لوگوں نے بتدریج اپنا اثر و اقتدار بڑھا لیا، اور یہ کہنا شروع کیا کہ ہم اموی استبداد اور جبر و تعدی میں عراق اور الجزیرہ کے ضعیف اور ستم‌زدہ لوگوں کی اعانت کریں گے۔ ظاہر ہے کہ اُن کا یہ نعرہ بہت مؤثر تھا - ملک کے مختلف حصوں میں وہ یہی کہتے تھے، کہ ہم مظلوموں کے حامی اور ظالم کے مخالف ہیں - خوارج اور بنوامیہ کی باہمی کشمکش کا نتیجہ یہ نکلا کہ خوارج خود تو تباہ ہوگئے لیکن حسن ابراہیم کے الفاظ میں اُن کی شورشیں فرو کرتے کرتے بنوامیہ کے بازو بھی شل ہو گئے تھے -

یہ بات اس دقیقہ سنج مورخ نے بڑے پتہ کی کہی ہے۔ خوارج کا آل عباس کی دعوت سے کوئی تعلق نہ تھا - لیکن بالواسطہ مروان بن محمد کے زمانے میں جو آخری اموی خلیفہ تھا خوارج نے جو شورش برپا کی اُس سے عباسیوں نے فائدہ اُٹھایا - یا یوں کہہ لیجیے کہ ایسے حالات پیدا ہو گئے تھے کہ مروان بن محمد (الحمار) ایک فتنے سے فارغ ہوتا تھا تو دوسرا فتنہ کھڑا ہو جاتا تھا - ایک شورش دباتا تھا تو دوسری برپا ہو جاتی تھی - ایک ملک کی بغاوت کو کچلتا تھا تو دوسرے خطوں میں لوگ سرکشی اختیار کرتے تھے - ان حالات میں منظم دعوت عباسی سازگار ماحول میں بہت مؤثر ثابت ہوئی - اور ابومسلم خراسانیؒ نے بہت صحیح وقت کا انتخاب کیا کہ مروان چاروں طرف سے گھرا ہوا تھا - اس آخری اموی خلیفہ نے بڑی پامردی سے مقابلہ کیا اور بہرحال ڈٹا رہا ، اور اسی لئے حمار کے نام سے بھی مشہور ہوا - لیکن واقعات کے سیلاب کا رخ نہ پھیر سکا - اور فشار تاریخ سے دب کر تباہ و برباد ہو گیا -

۴- مرجئیہ - حسن ابراہیم نے یہ کہا ہے کہ مرجئیہ عرب اور غیر عرب کی مفاہمت کروانا چاہتے تھے ماوراء النہر میں (خراسان اسی کا ایک جزو ہے) اموی عمال نے جس جبر و استبداد سے کام لیا تھا یہ جماعت اُس کی شدید مذمت کرتی تھی - چنانچہ حارث بن سریج نے مہدی ہونے کا دعویٰ کیا - اور ماوراءالنہر میں علم بغاوت بلند کیا - لوگوں کے سواد اعظم نے اُس کا ساتھ دیا - اور اول اول اُسے بہت کامیابی حاصل ہوئی - لیکن آخر اموی کمانداروں نے اُسے پسپائی پر مجبور کیا - اُس نے ۱۲۸ھ میں وفات پائی -

اسی مرحلے پر یہ بات واضح کر دینی چاہیے کہ ماوراء النہر میں یا

خراسان میں عباسی دعوت کی کامیابی کوئی حیرت انگیز بات نہ تھی۔ یہ صوبہ مرکز خلافت سے بہت دور تھا۔ خراسان میں ایرانی تمدن اور ثقافت کے احیا کی تحریکیں اسی لئے بار بار اٹھتی تھیں کہ عربوں کے قدم وہاں دیر سے پہنچے اور پھر بہت جلد اکھڑ گئے۔ ساسانیوں کے عہد سے رعایا کی جو طبقہ بندی کی جاتی تھی، اس کے اعتبار سے دھقانوں کو ملک میں خاصی اهمیت حاصل تھی۔ دھقان دراصل بڑے بڑے زمینداروں کو کہا جاتا تھا۔ انھی کو حکومت عوام سے خراج لینے پر مامور کرتی تھی۔ انھوں نے اپنی اهمیت قائم رکھنے کے لئے کم و بیش اکثر اوقات اموی خلفا سے تعاون کیا۔ لیکن مرکز سے جو عامل آتے تھے۔ وہ گویا یہ سوچ کر آتے تھے کہ خراسان کے لوگوں کو تباہ کر کے چھوڑا جائے۔ خراج وصول کرنے میں بڑی سختی کی جاتی تھی۔ دھقانوں سے بھی بہت اچھا سلوک نہیں کیا جاتا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ اس صوبہ میں مرکز کے خلاف اکثر شورشیں بپا رہتی تھیں۔ پھر یہاں کے لوگ بہادر، شیر دل، چوڑے چکلے اور طبیعت کے سیدھے سادے تھے: عباسی دعوت کے تار و پود میں خراسان کو بڑی اهمیت حاصل تھی۔ اس اهمیت کا سر رشتہ ابو مسلم کے ہاتھ میں تھا۔ یوں آل عباس نے بھی اپنے داعیوں پر یہ بات واضح کر دی تھی کہ میدانِ عمل خراسان کو بنانا چاہیے۔ یہاں حارث بن سریح کی قیادت میں بنوامیہ کے خلاف کامیاب شورش برپا کی جا چکی تھی۔ لوگوں میں عام بے چینی پائی جاتی تھی۔ خواص ایرانی سیادت اور قیادت کے خواب دیکھ رہے تھے۔ ان دنوں گویا یہ صوبہ بغاوت کے لئے بالکل تیار تھا۔ رہی سہی کمی ابو مسلم خراسانی کے تدبر اور فراست نے پوری کر دی۔ جب وقت آیا تو ثابت ہو گیا کہ خراسان میں عوام کی ہمدردی عباسیوں کے ساتھ ہے۔ اس کی وجوہ تو پہلے بیان کی جا چکی ہیں لیکن یہاں یہ بھی عرض کر دینا چاہیے کہ یہ خراسان ہی تھا جو بعد میں ایرانی تمدن اور ثقافت کے احیا کا سب سے بڑا مرکز قرار پایا۔ آل ساسان نے یہیں سے ظہور کیا۔ یہیں وہ شعری دبستان قائم ہوا جسے خراسانی کہتے ہیں۔ اور جس کا سرخیل رودکی سمرقندی ہے۔ یہیں ایرانی ادب کا چشمہ پھوٹا۔ یہیں کی زبان فصیح قرار پائی۔ ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے شروع ہی سے اس خطے کو ایرانی تمدن اور ثقافت کے احیا سے ایک قدرتی ربط

رہا ہے۔[۱۸]

ان مباحث پر غور کرنے کے بعد اب حسن ابراہیم کا یہ فقرہ بڑا بلیغ اور معنی خیز ہو جاتا ہے کہ حارث کی شورشیں در اصل اموی حکومت سے ان عجمی مسلمانوں کی ناراضگی کا مظاہرہ تھیں جن کی قیادت مرجئیہ کر رہے تھے۔ اس فقرے پر غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ عجمی مسلمان جیسا کہ ایرانی مورخوں نے صراحت سے لکھا ہے ہر اس تحریک کو اپنا لیتے تھے جس سے بالواسطہ یا بلاواسطہ ایرانی تمدن اور ثقافت کا احیا ممکن ہو انہیں تحریک کے قائد کے مذہبی عقائد سے کوئی بحث نہ تھی۔ یہ عجمی مسلمان جو بالعموم شیعہ تھے، سیاسی طور پر بنو فاطمہ یا علویوں کی حکومت چاہتے تھے اور معاشرتی طور پر ساسانیوں کے عہد کے ایران کو

۱۸۔ خراسان کے کلمے پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کے دو جزو ہیں: خر+آسان۔ واضح ہے کہ پہلا جزو یعنی ''خر'' خور کا مخفف ہے۔ ''خور'' ایران کی قدیم زبانوں میں سورج کو کہتے تھے، جو اپنی عظمت اور رفعت کی وجہ سے خورشید کہلاتا تھا۔ خورشید میں شید جو بطور لاحقہ استعمال ہوا ہے اصل میں شت تھا۔ جس کے معنی ہیں روشن، بزرگ، مقدس، رفیع، عالی منزلت، دیوتاؤں کی سی صفات رکھنے والا۔ تو خورشید سے مراد ہے سورج دیوتا یا آفتاب فلک۔ یہی لاحقہ شید جمشید میں بھی پایا جاتا ہے، یعنی جم دیوتا۔ خراسان کے کلمے کا دوسرا جزو ''آسان'' میرے قیاس کے مطابق استھان ہونا چاہیے۔ جو سنسکرت میں اور قدیم فارسی میں مقام کے معانی میں مستعمل ہے۔ اس کی جدید شکل ستان ہے۔ اور لاحقہ کے طور پر استعمال ہوتی ہے، جیسے گلستان اور بوستان۔ تو خراسان کے لغوی معنی ہوئے وہ سرزمین جہاں سے سورج طلوع ہوتا ہو۔ یا سورج سے منسوب خطہ یا مشرق۔ لے سترینج اپنی مشہور تالیف ''جغرافیہ خلافت مشرقی'' (اردو ترجمہ جمیل الرحمن جامعہ عثمانیہ، حیدرآباد، ص ۵۸۲) میں لکھتا ہے کہ قدیم فارسی زبان میں خراسان کے معنی مشرق زمین کے ہیں۔ میں نے اسی بنا پر مندرجہ بالا قیاس کو صحیح سمجھا۔

زمانہ قدیم میں اس کے چار ربع مشہور تھے۔ یعنی ربع نیشاپور، ربع مرو، ربع ہرات اور ربع بلخ۔ اسلامی فتوحات کے بعد دارالحکومت کبھی مرو اور کبھی بلخ رہا۔ لیکن آل طاہر کے ماتحت نیشاپور کو یہ عزت حاصل ہوئی۔ طوس اسی علاقہ کا مشہور شہر تھا۔ اسی کے پاس آجکل مشہد آباد ہے۔ اور یہاں سے چند میل شمال طوس کے کھنڈر صاف نظر آتے ہیں۔ پہلے مشہد کا نام سناباد تھا۔ لیکن مستوفی نے آٹھویں صدی ہجری میں اسے مشہد کہا (بوجوہ معلومہ)۔ اور پھر یہ اسی نام سے مشہور ہوگیا۔ قزوینی کا قول ہے کہ ہارون رشید اور حضرت امام علی رضا کی قبریں ایک ہی گنبد کے نیچے تھیں (''جغرافیہ خلافت مشرقی'')۔

از سر نو زندہ کرنا چاہتے تھے۔ اسی لئے کہا گیا ھے کہ ایرانیوں نے خراسان میں جو شورش برپا کی تھی اُس کا نتیجہ یہ نکلا کہ مروان بن محمد الحمار کو شکست ہوئی۔ اور زاب کے مقام پر ایرانیوں نے گویا جنگ قادسیہ کا انتقام لے لیا۔ بظاہر یہ موقف بڑا حیرت انگیز نظر آتا ھے۔ لیکن حقیقت سے مفر نہیں اور جب تک ہم واقعیت کی آنکھوں سے آنکھیں چار کر کے آگے نہ بڑھیں گے تاریخی حقائق کے رموز و اسرار ہم پر نہ کھل سکیں گے۔ حسن ابراھیم نے اور ایرانی مورخوں نے جو کچھ لکھا ھے۔ اُس سے یہ بات مستخرج ہوتی ھے کہ ایرانیوں کی خاصی تعداد نے مصلحتاً اسلام قبول کر لیا تھا۔ تا کہ دربار میں کلیدی اسامیوں پر فائز ہو کر ایرانی تمدن کا احیا کیا جا سکے۔ بالک خرمی کی بغاوت کے سلسلے میں عباسی امرا اور کمانداروں نے جو کھیل کھیلا اُس کی تفصیلات تاریخ میں موجود ھیں۔ معتصم[19] (۸۳۳ - ۸۴۲ع) کے عہد میں مازیار اور افشین (ایرانی الاصل عمال حکومت جو معتصم کے عہد میں اعلیٰ عہدوں پر فائز تھے) نے بالک خرمی سے سازباز کی اور عباسی سلطنت کے نمک خوار ہونے کے باوجود پوری پوری غداری پر آمادہ ہوئے۔ آخرکار دونوں کو معتصم نے ہلاک کروا دیا۔ افشین کی ہلاکت سے پہلے معتصم نے ایک مجلس منعقد کی تھی جس نے افشین کے عقائد کا جائزہ لیا۔ اس مجلس میں یہ بات ثابت ہو گئی تھی کہ افشین اگرچہ بظاہر مسلمان تھا لیکن وطنی عصبیت میں بالک سے کم نہ تھا۔ اسی مجلس محاکمہ[20] پر تبصرہ کرتے ہوئے سر ولیم میور[21] نے لکھا ھے کہ دولت عباسیہ کے مشرق ممالک کے

---

۱۹ - ''طبقات سلاطین اسلام'' ص ۱۱ -

۲۰ - اس مجلس کی تفصیلات بہت دلچسپ ھیں اور ''تاریخ طبری'' کی جلد دھم میں دیکھی جا سکتی ھیں -

۲۱ - مشہور کتاب ''خلافت'' ص ۵۱۸-۵۱۹ بحوالہ حسن ابراھیم (''مسلمانوں کی سیاسی تاریخ'') - اس میں کوئی شک نہیں کہ سر ولیم میور نے کہیں کہیں تعصب سے کام لیا ھے - لیکن یہ بات بڑی معنی خیز ھے کہ وہ اس نتیجے پر پہنچے ھیں کہ بعض اہل فارس کا اسلام صرف ظاہری اسلام تھا - خود ابو مسلم کو اُس کے مقلد امام بلکہ خدا تک تصور کرتے تھے - اور اس بات کی کوئی شہادت نہیں کہ وہ انہیں روکتا ہو - بلکہ اُس کے کوائف قتل سے معلوم ہوتا ھے کہ وہ اپنی حکمت عملی میں ساسانیوں کے سیاسی آداب کا پابند تھا، عربوں کے سیاسی نظام کا نہیں - تفصیل آگے آتی ھے -

باشندے بت پرستی میں کٹر تھے۔ اسلام کا اثر ان کے قلوب تک نہ پہنچا تھا۔

۵۔ معتزلہ۔ حسن ابراہیم کے خیال میں معتزلہ بھی اواخر کار سیاسی معاملات میں دخل دینے لگے تھے۔ علاوہ ازیں اُن کے عقائد میں اور شیعی عقائد میں کچھ باتیں مشترک بھی تھیں۔ خاص طور پر زیدیہ تو امامیہ کی نسبت معتزلہ سے بہت ہی قریب تھے۔

اگرچہ حسن ابراہیم کے یہ تمام دعوے معتزلہ کے متعلق سچے ہیں۔ لیکن میں سمجھتا ہوں انہوں نے براہ راست سلطنت عباسیہ کی تاسیس میں کوئی حصہ نہیں لیا۔ البتہ بالواسطہ شاید وہ اس سلسلے میں معاون ہوئے ہوں کہ خوارج نے اُن کے مذہبی عقائد کو آڑ بنا کر شورشیں برپا کی تھیں۔

گذارش کیا جا چکا ہے کہ جس وقت دعوت عباسی کی تنظیم کا مرحلہ آیا ہے تو طبقات رعایا کے کوائف کی صورت یہ تھی کہ زمین امویوں کے زوال اور عباسیوں کے اقتدار کے لئے ہموار کی جا چکی تھی۔ اور رعیت کے مختلف طبقے بوجوہ معلومہ عباسیوں کی مخالفت میں مجتمع ہو گئے تھے۔ لیکن بات یہیں ختم نہیں ہو جاتی۔ اموی بہت بڑی حد تک داخلی انتشار کا شکار بھی تھے۔ اور اُن کے اسباب زوال میں اس عنصر کو بھی بہت اہمیت حاصل تھی۔ اگرچہ ولوٹن (فلوٹن) نے اس داخلی انتشار کو بہت اہمیت نہیں دی، اور اسباب زوال کے اس عنصر کو ثانوی سمجھا ہے، لیکن غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ جس طرح کسی مقدمے میں شہادت متعلقہ کے مختلف ٹکڑے مل کر ایک اہم داستان مرتب کرتے ہیں اسی طرح اموی سلطنت کے زوال میں مختلف عناصر نے جمع ہو کر ایسی صورت اختیار کی کہ عباسیوں کا بر سراقتدار آنا گویا مقدر ٹھہر گیا۔ اس داخلی انتشار کے مختلف روپ تھے۔ پہلے تو یہ کہ خود اموی خاندان کے افراد ہمیشہ ایک حریفانہ کش مکش میں مبتلا رہتے تھے۔ وجہ اس کی یہ تھی کہ بنوامیہ کے ہاں تخت نشینی کے اور مسند اقتدار حاصل کرنے کے معین طریقے نہ تھے۔ اس پر ستم بالائے ستم یہ کہ خلفا اپنے بعد یکے بعد دیگرے دو دو ولی عہدوں کے حق میں وصیت کرتے تھے۔ اس طرح ایک تو متعلقہ ولی عہدوں میں رقابت پیدا ہو جاتی تھی۔ دوسرے یہ ضروری بھی نہ

تھا کہ پہلا ولی عہد وصیت کا پاس کرے اور دوسرے کے لئے جگہ خالی کردے ۔ اکثر ہوتا یہ تھا کہ پہلا ولی عہد دوسرے کو معزول کر دیتا اور اپنے بیٹے کو یا کسی اور قریبی عزیز کو ولی عہد بنا دیتا ۔ اس عزل و نصب کا سلسلہ جاری رہتا تھا ۔ نتیجہ یہ نکلتا کہ نیا خلیفہ اپنے مخالفوں کو چن چن کے ہدف انتقام بناتا اور اپنے حلیفوں کو کلیدی اسامیوں پر فائز کرتا ۔ مثال کے طور پر ولید بن عبدالملک[۲۲] نے اپنے بھائی سلیمان بن عبدالملک[۲۳] کو معزول کر دیا اور اپنے بیٹے عبدالعزیز بن ولید کو ولی عہد مقرر کر دیا ۔ لیکن اتفاق سے خلافت سلیمان بن عبدالملک کے ہاتھ آئی ۔ اس نے ان لوگوں سے ہیبت ناک انتقام لیا جو اس کی معزولی میں ممد و معاون ہوئے تھے یا کسی طرح دخیل رہے تھے ۔

محمد بن قاسمؒ فاتح سندھ اسی سلسلے میں تباہ و برباد ہوا ۔ دراصل انتقام تو حجاج بن یوسف سے لینا مقصود تھا لیکن وہ مر چکا تھا اس لئے اس کے خاندان سے انتقام لیا گیا ۔ ظاہر ہے کہ ان اعمال کا نتیجہ اچھا نہیں نکل سکتا ۔ ایک تو حکمران دودمان کے افراد اپنے آپ کو غیر محفوظ سمجھنے لگتے ہیں دوسرے امرا ہر وقت سہمے ہوئے اور بد گمان رہتے ہیں ۔ گویا جن بنیادوں پر قصر خلافت اٹھایا جاتا ہے وہی متزلزل ہو جاتی ہیں ۔ اموی حکومت کی شکل ایک قسم کی اشرافیہ کی سی تھی کہ خلیفہ عمائد و اشراف کے تعاون اور رسوخ سے حکومت کرتا تھا ۔ لیکن جب عمائد و ارکان ہی اپنے آپ کو غیر محفوظ سمجھنے لگیں تو خلافت کس طرح محفوظ اور سلطنت کس طرح برقرار رہ سکتی تھی ۔

اس سے پہلے اشارہ کیا جاچکا ہے کہ اموی خلیفہ خالصتاً عرب سرداروں اور شیوخ قبائل کو آگے بڑھاتے تھے ۔ قبائل میں جو باہمی عداوت پیدا ہو گئی تھی وہ اس حکمت عملی کی بنا پر اور بھی ابھر آئی ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ رسول پاکؐ نے چاہا تھا کہ قبائلی تعصب کو بیخ و بن سے اکھاڑ کر پھینک دیں ۔ لیکن خلافت راشدہ کے زمانے سے پہلے ہی یہ معلوم ہوچکا تھا کہ یہ عصبیت بہت گہری ہے ، اور اس کی جڑیں اتنی دور تک دلوں میں پہنچی ہوئی ہیں کہ نہ پرانے کینے نکلتے ہیں نہ دوستی اور دشمنی

۲۲- ۷۰۵-۷۱۵ء

۲۳- ۷۱۵-۷۱۸ء ('' طبقات سلاطین اسلام '' لین پول ، ترجمہ عباس اقبال) ۔

کے روابط بدلتے ہیں ۔ رسول پاک کے بعد حضرت علی کا خلافت پر فائز نہ ہونا کوئی حیرت انگیز بات نہیں تھی ان کی تلوار سے ابھی بڑے بڑے قبائلی شیوخ کا خون ٹپک رہا تھا ۔ اس لئے اُن کی خلافت پر اجتماع (اس عصبیت کے پیش نظر) قریباً ناممکن تھا ، یعنی اسلامی شعائر کے استحکام کے لئے حضرت علی نے جو کچھ کیا تھا وہی حصول خلافت میں اُن کے سامنے دیوار بن کر کھڑا ہو گیا ۔ اور اُن کی خلافت کے زمانے میں بھی بیعت اجتماعی کو مانع آیا ۔ چنانچہ امیر معاویہ نے ایک نئی سلطنت کی بنیاد رکھدی ۔

جیسا کہ میں پہلے کہ چکا ہوں خود عرب میں قبائلی کش مکش کے فوری آثار اتنے خطرناک نہ تھے ۔ لیکن متصرفہ اور مفتوحہ علاقوں میں جب یہی بات سرایت کر گئی ، تو اس حادثے کے لئے زمین ہموار ہو گئی کہ وہ علاقہ امویوں کے ہاتھ سے نکل جائے ۔ جونہی ابو مسلم کا ذکر شروع ہو گا یہ روشن ہو جائے گا کہ خراسان میں قبائلی عصبیت کی کیا صورت تھی اور ابومسلم نے اُس سے کس طرح فائدہ اٹھا کر حاکم خراسان نصیر بن سیار کو شکست فاش دی ۔ یوں کہنا چاہیے کہ کہ قبائلی عصبیت گھر میں اتنی خطرناک نہ تھی جتنی باہر کے علاقوں میں کہ وہاں غیر یہ تماشا دیکھتے تھے اور فریقین کے اندھے تعصب اور جوش غضب سے فائدہ اُٹھا سکتے تھے ۔

سید عابد علی عابد

تعلیم اور آزادی

قرآن پاک کی رو سے خدا ایک ذی حیات ، قائم بالذات ، ابدی اور مطلقاً آزاد تخلیقی فعلیت ہے جو واحد ، قادر مطلق ، عالم کل ، حسن مکمل ، مہربان کامل ، عادل اور خیر تمام ہے ۔ مذہبی نقطۂ نظر سے انسان کی تخلیق اللہ تعالیٰ کی مشابہت میں ہوئی ہے اور اللہ تعالیٰ نے اپنی روح اس میں پھونکی ہے ۔ اس لئے خدائی صفات اس کے لئے ایک نصب العین کی حیثیت رکھتی ہیں ۔ لہٰذا وحدت ، خود اکتفائیت ، ابدیت ، صداقت ، حسن ، خیر ، محبت ، عدل ، قوت اور آزادی انسان کے لئے بنیادی اقدار ہیں جن کے زیادہ سے زیادہ حصول کے لئے سعی کرنا اس کی اپنی ذات کے لئے اور اس کے ماحول کے دوسرے افراد کے لئے انتہائی ضروری ہے ۔

خدا خیر کل ہے اور اس کی منشا یہ ہے کہ خیر ہی اس دنیا کے اندر جاری و ساری رہے ۔ اگر اس کی مشیت ہوتی تو وہ انسان کو ایک ایسی خود کار مشین کی حیثیت سے تخلیق فرماتا جس سے سوائے خیر کوئی فعل سر زد نہ ہو سکتا اور انسان شر کے انتخاب کے نا اہل ہوتا ۔ لیکن اس حقیقت کے پیش نظر کہ انسانی معاشرے میں شر کا وجود ہے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اگرچہ خدا نے انسان کو نیک کاموں کی توفیق دی ہے تاہم وہ انسان کی شخصی آزادی کو اتنی وقعت دیتا ہے کہ اس کو کچلنا تو درکنار وہ اس شر تک کو بھی برداشت کرتا ہے جو انسان کی آزادیِ انتخاب اور خود مختارانہ افعال سے نتیجہ کے طور پر ظاہر ہوتا ہے ۔ اگرچہ انسان خود مختار ہے لیکن اس کی خود مختاری مشیت ایزدی اور ان عالم گیر قوانین فطرت کے سبب محدود ہے جو خدا کی قدرت عاملہ اور معاشرے کے دیگر افراد کے اضافی اختیار کی بنا پر متعین ہوتے ہیں ۔ لہٰذا انسان کی خود مختاری محض اضافی ہے ۔ اس اضافی خود مختاری کے صحیح نفاذ کے لئے خدا نے اپنے پیغمبروں کے ذریعے اور عقل کے ذریعے انسان کو ہدایت دی ہے کہ وہ خیر و شر میں امتیاز کر سکے ۔ اس نے اسے شیطانی قوتوں سے محفوظ رہنے اور ان پر غلبہ حاصل کرنے کے لئے طاقت بھی عطا کی ہے ۔ ایسا

معلوم ہوتا ہے کہ خدا یہ بہتر سمجھتا ہے کہ انسان خیر و شر دونوں کا حامل ہو بجائے اس کے کہ وہ خیر محض ہو لیکن ہر طرح مجبور اور پابند سلاسل ۔ آزادی و اختیار کی اس واضح اہمیت کو تعلیمی سرگرمیوں کے نصب العین کی حیثیت سے نیز اس نصب العین کے طریق حصول کی حیثیت سے ہمیں تسلیم کرنا چاہیے ۔ عمرانی نقطۂ نظر سے بھی کسی ملک کے نظام تعلیم میں زیادہ سے زیادہ آزادی ملحوظ رکھی جانی چاہیے ، اس لئے کہ معاشرتی ترقی کا انحصار ان لوگوں پر ہوتا ہے جو فکر و عمل کی روایتی راہوں سے انحراف کرتے ہیں ۔ آزادی ہی کی وجہ سے ایک بچے کی شخصیت کی تمام مضمر صلاحیتیں جلا پاتی ہیں ۔

تعلیم ایک ایسا عمل ہے جس کے ذریعے مردوں اور عورتوں اور جوانوں اور بوڑھوں کو یہ تربیت دی جاتی ہے کہ انھیں اپنی اور اپنے معاشرے کی فلاح و بہبود میں کس طرح حصہ لینا چاہیے ۔ تعلیم انھیں تمام انسانی اقدار کے حصول کی خاطر مناسب کردار ادا کرنے کے لئے تیار کرتی ہے ۔ حکیم افلاطون کے الفاظ میں تعلیم ہر فرد کو یہ تربیت دیتی ہے کہ وہ ایسا کام کرے جس کے لئے خاص طور پر اس کے اندر صلاحیت موجود ہو تاکہ وہ اپنے معاشرے کی اجتماعی بہبود کا باعث بن سکے ۔

اپنے نظام تعلیم کو اگر ہم اسلامی اقدار پر مبنی دیکھنا چاہتے ہیں تو ہمیں چاہیے کہ شخصی آزادی کو تعلیم کے اصول عاملہ اور ایک مقصد کی حیثیت سے لازمی طور پر قبول کریں ۔ عالمگیر اصول اخلاق کے نقطۂ نظر سے بھی آزادی تعلیم کے بنیادی مقاصد میں سے ایک ہے اور جو نظامِ تعلیم کسی قوم کے بچوں اور جوانوں میں آزادی کی روح پھونکنے سے احتراز کرتا ہے وہ اپنے اہم بنیادی فرائض کی بجاآوری میں کوتاہی کرتا ہے ۔

''فلاح'' ایک ایسا لفظ ہے جو اجتماعی اور انفرادی تمام اقدار پر محیط ہے ۔ تاریخی اعتبار سے تمام فلاحی مملکتوں میں خوشحالی اور آزادی کا کسی نہ کسی مفہوم میں چولی دامن کا ساتھ رہا ہے ۔ یہ بات یورپ کی شمالی اور مغربی ریاستوں اور ریاستہائے متحدہ امریکہ کے متعلق صحیح پائی جاتی ہے ۔ غالباً ان ریاستوں میں آزادی بحیثیت ذریعۂ حصول مقصد کی نسبت آزادی بحیثیت مقصد پر زیادہ زور دیا جاتا ہے ۔ تاہم تمام جمہوری ممالک تعلیمی آزادی کی ان دونوں حیثیتوں کو تسلیم کرنے میں متفق ہیں ۔

ان ممالک میں لوگوں کو جو زیادہ سے زیادہ آزادی حاصل ہے وہ عالمگیر حق رائے دہی، آزادئ خیال، آزادئ مذہب اور آزادئ تقریر پر مشتمل ہے۔ اس کے علاوہ انہیں اعلیٰ تعلیم کے حصول اور پیشے کے انتخاب کی آزادی اور اپنی آمدنی اور جائداد کو اپنی مرضی کے مطابق صرف کرنے کا اختیار حاصل اور عام احتیاجات زندگی سے فراغت میسر ہے۔

ان ممالک کے سکولوں اور کالجوں میں بچوں اور نوجوانوں کو عام احتیاجات زندگی سے جو فراغت حاصل ہے اس کی شکل یوں ہے کہ انہیں تعلیم مفت دی جاتی ہے۔ کھانے پینے کی، رسل و رسائل کی اور طبی امداد کی سہولتیں بھی مہیا کی جاتی ہیں۔ فارغ اوقات میں اپنے دلچسپ مشغلوں، کھیلوں، سیر و سیاحت اور صحت مند تفریحات میں حصہ لینے کی انہیں مکمل آزادی ہے۔ چنانچہ ان میں خود اعتمادی، اظہار خیال اور سماجی معاملات میں اختلاف رائے کی آزادی بھی پائی جاتی ہے۔

بعض مغربی مفکرین اس معاملے میں انتہا تک پہنچ جاتے ہیں۔ نشاۃ ثانیہ کے فروغ کے وقت سے ترقی پسندوں، رومانیت پسندوں اور نتائجیت کے حامیوں کے ایک گروہ نے فطری سادگی کی طرف لوٹ جانے کا پرچار کیا ہے۔ انارکی تعلیم میں سیاسی تدبر اور عمل کے لحاظ سے مکمل آزادی کی تبلیغ کرتے ہیں اور دہرئیے مذہب کے معاملے میں اس پر زور دیتے ہیں۔ برٹرنڈ رسل نے بجا طور پر تعلیم میں آزادی کی اس بنا پر حمایت کی ہے کہ جبر و تشدد سے اختراعی استعداد اور ذہنی صلاحیتیں ماؤف ہو جاتی ہیں۔ ذہنوں میں ایک نفرت سی پیدا ہو جاتی ہے۔ جو اظہار کا موقع نہ ملنے کی بنا پر کئی قسم کی نفسیاتی اور سماجی بیماریوں کا سبب بنتی ہے۔ وہ (رسل) چند عادات مثلاً صفائی، پابندیِ اوقات اور دیانتداری کی عملی تربیت کی تلقین کرتا ہے اور جوانوں کی زندگی میں روزمرہ کے معمولات کی اہمیت پر زور دیتا ہے۔ اس کا موقف یہ ہے کہ تربیت میں بچے کی رائے کا تعاون حاصل کرنا ضروری ہے۔ اگرچہ اس کی ہر ابھرنے والی خواہش کا پورا کرنا بھی لازمی نہیں بلکہ کسی صورت میں بھی فطرت کو من مانی کار روائی کرنے کی اجازت نہیں دینی چاہئے۔ لیکن رسل بعض اوقات حد سے تجاوز کر جاتا ہے۔ مثال کے طور پر وہ کہتا ہے "بزرگوں کا احترام کرنے کی پابندی بھی بچوں پر نہ ہونی چاہیے اور

بزرگوں کو اس بات کے لئے تیار رہنا چاہیے کہ بچے چاہیں تو انہیں بدھو یا بے وقوف کہہ سکیں۔ بچوں کو قسم کھانے سے نہ روکنا چاہیے۔ ان کے لئے یہ سوچنا مستحسن ہے کہ قسم کھانے یا نہ کھانے سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ انہیں جنسی معاملات میں بالکل آزاد رکھنا چاہیے اور ناشائستہ گفتگو سے بھی انہیں نہیں روکنا چاہیے۔"

میرے خیال میں یہی وہ غلط قسم کی تعلیم ہے جو صدیوں کے روایتی طرز عمل کے خلاف موجودہ دور کے نوجوانوں میں بغاوت کے جذبات پیدا کرنے کی ذمہ دار ہے۔ اسی کے سبب معاشرتی زندگی میں ٹیڈی لڑکوں اور ٹیڈی لڑکیوں کی افراط ہے۔ اسی بنا پر سکولوں میں لڑکوں اور لڑکیوں کے درمیان جنسی تعلقات میں اضافہ ہو رہا ہے اور ناکتخدا ماؤں کا تناسب غیر معمولی طور پر بڑھتا جا رہا ہے۔ ایک مغربی ملک کے ایک خاص حصے میں تو ان کا تناسب ۸۰ فیصد تک جا پہنچا ہے۔

مذکورہ بالا تمام مکاتیبِ فکر بجا طور پر بچے کی انفرادی اور امتیازی حیثیت کو تسلیم کرتے ہیں لیکن اس کے آفاقی رجحانات کو نظر انداز کر دیتے ہیں اور یہ ان کی بہت بڑی غلطی ہے۔ اسلامی نظریۂ تعلیم آزادی پر بہت زور دیتا ہے لیکن اس بات کا شعور بھی دلاتا ہے کہ تصویر کا ایک دوسرا رخ بھی ہے۔

نوزائیدہ بچہ ایک نہایت ہی بے بس مخلوق ہے۔ فطرت نے اسے بلا شبہ چند ایسے رجحانات تفویض کئے ہیں جن سے وہ اپنی ابتدائی زندگی میں غیر شعوری طور پر ہدایت پاتا ہے۔ لیکن اس کے باوجود اگر وہ مکمل طور پر فطرت کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا جائے تو وہ پیدائش کے چند ہی گھنٹوں بعد ختم ہو جائے۔ چنانچہ اس کی زندگی کے پہلے ہی دن سے نگہداشت اور رہنمائی ناگزیر ہے۔ اس بات سے انکار نہیں کہ کسی حد تک آزادی بچے کے لئے انتہائی ضروری ہے: ہاتھ پاؤں مارنے کی آزادی، ہلنے جلنے اور پھر رینگنے کی آزادی اور آخر کار چلنے پھرنے کی آزادی۔ جیسے جیسے بچہ بڑا ہوتا جاتا ہے اسے آزادی کی زیادہ سے زیادہ ضرورت پیش آتی ہے۔ لیکن اس بات کو کبھی نظرانداز نہ کرنا چاہئے کہ بچے کے پیدائشی رجحانات کو مناسب خطوط پر استوار کرنے کے لئے نظم و ضبط کی بھی انتہائی ضرورت ہے۔ یہ لازم ہے کہ یہ نظم و ضبط سب سے پہلے والدین اور اساتذہ کی جانب سے عائد ہو۔

جونہی بچے کے پیدائشی رجحانات رفتہ رفتہ فطری مقاصد کے مطابق ڈھلتے ہیں اور بنیادی انسانی اقدار سے ہم آہنگ ہوتے چلے جاتے ہیں ویسے ہی اُس پر والدین اور اساتذہ کی نگرانی کم ہوتی چلی جاتی ہے اور اُسے زیادہ سے زیادہ تر آزادی دی جاتی ہے ۔ بہرکیف اس منزل پر بھی نظم و ضبط لازمی ہے ۔ تاہم اگر رجحانات کو مناسب انداز میں صحیح خطوط پر استوار کیا گیا ہو تو بچہ اس وقت تک ضبط نفس کی عادت اپنا چکتا ہے۔ ضبط نفس کا نفاذ جس قدر زیادہ ہو اُسی تناسب سے اُس پر خارجی دباؤ کم کر دینا چاہیے ۔

ہم ایک فرد کی شخصیت اور اس کی آزادی کو بڑی وقعت دیتے ہیں اور یہ اُس کا پیدائشی حق ہے۔ لیکن فاشستی اور اشتراکی طرز کی آمریت کی حمایت کئے بغیر ہمیں اس حقیقت سے انکار نہیں کہ ایک فرد پر معاشرے کی جانب سے کچھ ذمہ داریاں بھی عائد ہوتی ہیں جو اُسے اپنے مقاصد کے حصول کے مواقع مہیا کرتی ہیں ۔

تعلیم کی ابتدائی منازل میں رجحانات کی مناسب خطوط پر استواری اور اس سے صاف ستھری اور نیک عادات کی تعمیر کے علاوہ کسی حد تک نظریاتی تعلیم ناگزیر ہے ۔ یہ نظریاتی تعلیم معاشرے کی ثقافتی روایات ، رسم و رواج اور اخلاق، اُس کی زبان کی گرامر، اس کے نصاب کی کتابوں اور سائنس ، تاریخ ، جغرافیہ اور ریاضیات کے مسلمہ حقائق پر مشتمل ہونی چاہیے ۔ جوں جوں وہ تعلیم کے میدان میں آگے بڑھتا جائے اُسے تنقید اور تحقیق کی زیادہ سے زیادہ آزادی دینی چاہیے لیکن اس آزادی کو کسی معاملے میں بھی بے راہ روی میں تبدیل نہ ہونے دینا چاہیے ۔ کسی موقع پر بھی ایک طالب علم کو چہ جائے کہ طلبہ کے ایک گروہ کو ، یہ آزادی نہیں ملنی چاہیے کہ وہ اپنے اساتذہ کا استاد بننے کی کوشش کرے ۔ اگرچہ استاد کے لئے یہ امر قابل ستائش ہے کہ بعض اوقات وہ خود اپنے نظریات پر شاگردوں کو تنقید کی دعوت دے ۔ ایک نسبتاً پسماندہ معاشرے میں طلبہ نصاب کی کتابوں کے چناؤ ، زمانۂ تعلیم کے تعین اور فیسوں میں رعایت حاصل کرنے کے لئے ہڑتالیں شروع کر دیتے ہیں۔ اس نوعیت کی ہڑتالیں جاہلیت کی علامت ہیں۔ یہ اس امر کی طرف نشاندھی کرتی ہیں کہ اساتذہ کے ساتھ طلبہ کے حقیقی روابط موجود نہیں ہیں اور یہ کہ بعض اساتذہ اور تعلیم کے ارباب بست و کشاد کے ہاں کج فہمی اور نا عاقبت

اندیشی پر مبنی آمریت پائی جاتی ہے۔ ازمنہ وسطیٰ میں اور آج سے تین سو سال قبل اس نوعیت کی ہڑتالیں یورپی سکولوں اور یونیورسٹیوں میں بھی عام تھیں۔ لیکن آج کل وہاں یہ صورت حال بہت کم دیکھنے میں آتی ہے۔ بزرگوں اور نوجوانوں ، والدین اور بچوں ، استادوں اور شاگردوں اور راعی اور رعیت کے درمیان اس قدر گہرے تعلقات ہونے چاہئیں کہ معاشرے کے کسی حصے میں طبائع میں رکاؤ پیدا نہ ہو۔

اگر طبائع میں رکاؤ اور شکستگی نہ ہو تو ہڑتالیں ہو ہی نہیں سکتیں۔ بزرگوں اور نوجوانوں کے درمیان گہرے تعلقات کی عدم موجودگی اس قسم کے اداروں کو جنم دیتی ہے جیسے نوجوانوں کی پارٹیاں جن کی تشکیل کا مقصد آزادی نہیں بلکہ بے راہ روی کا حصول ہے - ایسے معاشرے میں جہاں بزرگوں اور نوجوانوں کے درمیان ایک خلیج حائل ہوتی ہے وہاں بزرگوں کو اپاہجوں کی طرح الگ تھلگ کر دیا جاتا ہے۔ اس معاشرے کا ثقافتی ورثہ آنے والی نسلوں میں منتقل ہونے سے رک جاتا ہے اور آئندہ نسلیں بیرونی اثرات کا آسانی سے شکار ہو جاتی ہیں۔ ایسے اثرات مستقل اقدار پر مبنی ہونے کی بجائے بالعموم سطحی اور نمائشی ہوتے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ معاشرہ تدریجی ترقی حاصل کرنے کی بجائے انقلابی نوعیت کی معاشری تبدیلیوں کی آماجگاہ بن جاتا ہے۔ بدقسمتی سے یہ صورت حال اس وقت ہمارے معاشرے کے متوسط اور اعلیٰ طبقوں یعنی ان طبقوں کے درپیش ہے جن پر تمدنوں کے بننے بگڑنے کا انحصار ہوتا ہے۔ ہمارے معاشرے پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ ان رجحانات کا قلع قمع کر دے جو بزرگوں اور جوانوں کے درمیان موجود خلیج کو وسیع کرنے کے ذمہ دار ہیں پیشتر اس کے کہ ایسا کرنا ناممکن ہو جائے۔ خاص طور پر ان پارٹیوں میں جہاں نوجوان لڑکے اور لڑکیاں اکٹھے ہوتے ہیں والدین اور اساتذہ کو موجود ہونا چاہیے۔ حق آزادی کا تقاضا یہ ہے کہ بزرگوں کو نوجوانوں سے ملنے کی اتنی ہی آزادی حاصل ہو جتنی کہ نوجوانوں کو اپنے بزرگوں سے اور آپس میں ملنے کی۔

ایک اسلامی ریاست میں استاد کو کس نوعیت کی آزادی حاصل ہونا چاہیے؟ اس بات پر سبھی متفق نظر آتے ہیں کہ ایک استاد کو اپنے مخصوص دائرہ فکر میں صداقت کا کھوج لگانے ، اس صداقت کی اشاعت کرنے اور اس کی تعلیم دینے کی مکمل آزادی حاصل ہونی چاہیے۔ تاہم یہ

آزادی فقط ماہرین کا ہی حق ہے۔ تعلیم کے نچلے درجے کے اساتذہ علم کی اپنی اپنی شاخوں میں محقق اور ماہر ہونے کا دعویٰ نہیں کر سکتے۔ لہٰذا جہاں انہیں اپنی مرضی کے مطابق نظریات حاصل کرنے کی آزادی حاصل ہے وہاں انہیں پڑھاتے وقت اس نصاب کو ملحوظ رکھنا بھی لازمی ہے جو ماہرین نے مرتب کیا ہو اور جسے قوم نے واضح یا غیر واضح طور پر قبول کر لیا ہو۔ تاویل کے علاوہ کسی معاملے میں بھی ایک استاد کو اس عقیدے کے خلاف بولنے یا لکھنے کی اجازت نہیں ملنی چاہیے جس کا وہ خود دعویدار ہے۔ عقیدے اور عمل کا تضاد، خاص طور پر تحریر و تقریر میں، ایک استاد کے شایان شان نہیں۔ اسلام بغیر کسی استثنا کے تمام مردوں اور عورتوں کی آزادی پر کچھ پابندیاں (حدوداللہ) عائد کرتا ہے جو ان کی روحانی اور اخلاقی بہبود کے لئے ضروری ہیں۔ لہٰذا ایک استاد جو مسلمان ہونے کا دعویدار ہے دیگر مسلمانوں کی طرح انہی حدود کے اندر رہتے ہوئے مذہبی آزادی حاصل کر سکتا ہے۔

استاد کا سیاسی آزادی کے بارے میں کیا موقف ہونا چاہیے؟ استاد محض استاد ہی نہیں ہوتا بلکہ ایک شہری بھی ہوتا ہے اور ایک شہری کی حیثیت سے اسے اپنی پسند کی کسی بھی سیاسی جماعت میں شامل ہونے کی آزادی حاصل ہے۔ لیکن ایک اسلامی اور جمہوری ریاست میں قوم کو بھی یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنے تعلیمی اداروں میں جس طرز کا نصاب نافذ کرنا چاہے کرے۔ استاد کو ایک شہری کی حیثیت سے اپنی قومی ذمہ داری سے عہدہ برآ ہونے کے لئے لازم ہے کہ وہ اسی نصاب کے تقاضوں کے مطابق تعلیم دے اگرچہ اپنے پیشے میں ایک ماہر کی حیثیت سے اسے تعمیری تنقید کا حق ہر وقت حاصل ہونا چاہیے۔ ایک شہری کی حیثیت سے اسے اپنے ارادے کو دیانتداری سے قوم کے اس ارادے کے ماتحت کر دینا چاہیے جو جمہوری حکومت کے ارادے سے عیاں ہوتا ہے۔ اور اگر وہ دیانتداری سے ایسا نہیں کر سکتا اور محض غیر دیانت داری سے اس کی مطابقت کرتا ہے تو وہ اپنے اس حق آزادی سے خود ہی محروم ہو جاتا ہے جسے دوسروں سے حاصل کرنے کی اسے توقع ہے۔ اور اگر وہ قوم یا جماعت کے ارادوں کے خلاف پوشیدہ طور پر سازش کرنے کی کوشش کرتا ہے تو بجا طور پر اس کی علمی آزادی سلب کی جا سکتی ہے۔

میاں محمد شریف

کندی اور مستشرقین

کندی سے متعلق ابتدائی مآخذ ابن الندیم (المتوفی ۹۹۰ء) کی کتاب الفہرست، قاضی صاعد اندلسی (۱۰۲۹ء-۱۰۶۹/۷۰ء) کی طبقات الامم، قفطی (۱۱۷۲ء-۱۲۴۸ء) کی تاریخ الحکماء اور ابن ابی اصیبعہ (۱۲۰۳/۴ء-۱۲۷۰ء) کی عیون الانباء ہیں۔ ابن جلجل، ظہیرالدین بیہقی، شمس الدین شہرزوری وغیرہم نے بھی اس کا ذکر کیا ہے۔ تاہم اس کی زندگی کے حالات اور بالخصوص اس کی تصانیف کے مدون گوشواروں کی تفصیل کے لئے مذکورۃ الصدر کتب حوالہ ہی اہم ترین بلکہ ناگزیر ہیں۔ کندی کی علمی و فلسفیانہ کاوشوں کا قدرے متحقق جائزہ بہر کیف ہمیں صرف زمانۂ جدید کے مصنفین میں ہی ملتا ہے۔ اس سلسلہ میں سب سے پہلی قابل توجہ کوشش محمد عبدہ کے شاگرد رشید مصطفیٰ عبدالرازق کی تصنیف بعنوان الفیلسوف العرب والمعلم الثانی ہے جو ۱۹۴۵ء میں قاہرہ سے شائع ہوئی۔ اس کے بعد قاہرہ یونیورسٹی کے استاد فلسفہ دکتور احمد فؤادالاہوانی نے کندی کے ایک اہم فلسفیانہ رسالے، کتاب فی الفلسفۃ الاولیٰ کو مرتب کیا اور اپنے مقدمہ میں اس کے آرا و افکار پر سیر حاصل تبصرہ کیا۔ اسی طرح سے انہوں نے دو اور رسائل شائع کئے۔ لیکن کندی کے حال ہی میں نئے دریافت شدہ رسائل کو مع قابل قدر مقدمہ اور تعلیقات و حواشی ترتیب و تدوین دینے کا سہرا الاستاذ محمد عبدالہادی ابو ریدہ کے سر ہے۔ یہ کل پچیس رسائل ہیں جو دو حصوں میں ۱۹۵۰ء اور ۱۹۵۳ء میں شائع ہوئے۔ مستشرقین میں سے فی الحال دو محقق قابل ذکر ہیں: علامہ ہیلموٹ رٹر (Hellmut Ritter) اور استاذ رچرڈ جوزف مکارتھی (Richard Joseph McCarthy)۔ اول الذکر نے استنبول کے کتب خانوں سے کندی کے گم شدہ رسائل ڈھونڈ پائے۔ اور ۱۹۳۲ء میں اپنے شریک کار مارٹن پلیسنر (Martin Plessner) کی معیت میں ان کی تفصیل دنیائے علم کے سامنے پیش کی۔ استاد مکارتھی نے دسمبر ۱۹۶۲ء میں ''احتفالات بغداد والکندی'' کے موقع پر جدید سائنسی طریق سے اسکی تصانیف اور ان سے متعلق موجودہ مطبوعات و

مخطوطات اور تراجم کا مبسوط گوشوارہ شائع کیا۔

محولہ بالا سب مراجع و مصادر کے باوجود ہمارا یہ خیال ہے کہ اسلامی فلسفہ کی تاریخ میں کندی سے اپنوں اور بیگانوں دونوں نے کافی بے اعتنائی سے کام لیا ہے۔ بالخصوص انگریزی یا اردو میں ایک بھی مستقل تحقیقی (یا غیر تحقیقی) کتاب کندی کے بارے میں ابھی تک معرض وجود میں نہیں آئی۔ بلکہ یہ کہ کوئی تسلی بخش مضمون یا مقالہ بھی نظر نہیں آتا۔ J. D. Pearson نے بڑی محنت و کاوش سے Index Islamicus میں اسلامی فکر سے متعلق ان سب مضامین و مقالات کی تفصیل دی ہے جو انگریزی اور دیگر مغربی زبانوں میں مختلف رسائل و مجموعات میں ۱۹۰۶ء سے ۱۹۵۵ء تک لکھے گئے۔ کندی کے بارے میں ان کی تفصیل باوجود ادّعاء جامعیت کے نہایت نامکمل ہے۔ کیونکہ انہوں نے صرف دس مضامین کا حوالہ دیا ہے۔ حالانکہ تھوڑی سی مزید تحقیق کے بعد وہ کم از کم دس اور مضامین کا ذکر کر سکتے تھے۔ لیکن افسوس تو اس بات کا ہے کہ جن انگریزی مضامین کا وہ حوالہ دیتے ہیں ان میں اسی کا ذکر نہیں جو خاص طور پر قابل ذکر تھا۔ یعنی ڈاکٹر صغیر الحسن معصومی کا وہ مضمون جو بعنوان Al-Kindi as a Thinker اسلامک کلچر کے ۱۹۵۵ء کے جنوری کے شمارہ میں چھپا۔ ڈاکٹر صاحب موصوف کا یہ مضمون اگرچہ کم و بیش مذکورہ بالا ابو ریدہ کے رسائل الکندی کے مقدمہ سے ماخوذ ہے۔ تاہم انگریزی خواں حضرات کے لئے کندی سے ایک نئے تعارف کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس کے علاوہ انگریزی میں مستشرقین میں سے ڈی بور، سارٹن، گیوم، ہٹی، رینان، اولیری وغیرھم نے مستقل عنوان کے تحت یا ضمنی طور پر اپنی جدا گانہ تصانیف یا عام کتب حوالہ میں کندی سے متعلق جو لکھا ہے۔ وہ قابل قدر اور اہم ہے۔ لیکن اکثر غلطیوں کا معجونِ مرکب بھی۔ اس آرٹیکل میں خصوصیت سے مستشرقین کی ان ہی غلطیوں، لغزشوں اور کوتاہیوں کی طرف توجہ دلانا مقصود ہے۔ کہیں کہیں مسلمان مصنفین کی خامیوں اور عدم تحقیق کی طرف بھی اشارہ ہوگا۔ لیکن کندی کے بارے میں مسلمان مورخین، تذکرہ نویسوں اور محققین کی علمی کاوشوں کا تنقیدی جائزہ ایک علاحدہ مضمون چاہتا ہے۔

کندی کا مختصر نام یعقوب ہے۔ لیکن کنیت اور نسبہ کے لحاظ سے پورا

نام ابو یوسف یعقوب ابن اسحٰق الکندی۔ اگرچہ وہ صرف الکندی کی نسبت سے ہی مشہور ہؤا۔ جس نے قرون وسطیٰ میں لاطینی کی عیسائیت نما Al-Kindius, Alchindus, Al-Cuandis وغیرہم کی بگڑی ہوئی شکلیں اختیار کیں۔ اور دیر تک بلکہ عہد حاضر تک انگریزی میں بھی رائج رہیں۔ بہر کیف اس کا الکندی کہلانا اس بات کی طرف اشارہ ہے۔ کہ اس کا تعلق عرب کے ایک قدیم اور نسبتاً زیادہ مہذب و متمدن قبیلہ کندہ سے تھا۔ بلکہ یہ کہ وہ کندہ کے شاہی خاندان کا چشم و چراغ تھا۔ کندہ کے لوگ ابتداً اور رسول اکرم کے زمانہ میں بھی (جب اس کے ایک امیر اشعث بن قیس نے اسلام قبول کر کے صحابی ہونے کا شرف پایا) جنوب مغربی عرب کے صوبہ حضرموت میں مقیم تھے۔ اس اعتبار سے کندہ کے افراد بعد میں حضرمی بھی کہلائے۔ ابن الندیم، قفطی اور ابن ابی اصیبعہ نے کندی کے عربی النسل اجداد کا سلسلہ بالترتیب ۲۹، ۳۲، ۳۴ پشتوں تک پیش کیا ہے۔ اور سب مورخین بلکہ مستشرقین بھی اس بات پر متفق ہیں۔ کہ کندی کے آبا و اجداد کا شمار ملوک الکندہ میں تھا۔ لیکن تعجب ہے کہ ڈی بور جیسا فاضل مستشرق اس کو قبول کرنے میں بڑا ہچکچاتا اور شک و تذبذب کا اظہار کرتا ہے۔ افسوس تو یہ ہے کہ وہ اس بارے میں کوئی وجہ یا دلیل پیش نہیں کرتا۔ اس سے بھی زیادہ تعجب انگیز اور حیرت کن وہ بیان ہے۔ جو مغرب کی تحقیق و تدقیق کی مستند ترین مایۂ ناز تصنیف ''انسائیکلوپیڈیا بریٹینیکا'' میں Arabian Philosophy کے آرٹیکل کے تحت ملتا ہے۔ اس آرٹیکل کے دو فاضل مقالہ نویسوں کے قول کے مطابق سرے سے ہی مشکوک ہو جاتا ہے کہ کندی عربی النسل تھا۔ یہ بڑی ہی انوکھی بات ہے۔ اور ایسی ہی غیر مدلل جیسے کہ ڈی بور کی سابقہ تشکیک۔ قدیم تذکرہ نویس کیا اور جدید مغربی و مشرقی مصنفین و محققین کیا سب اس بات پر مصر ہیں۔ کہ کندی کو الفیلسوف العرب کہا گیا تو اسی لئے کہ وہ خالص عربی النسل تھا۔ لیکن یہ بھی دلچسپ ہے کہ کندی کے عربی النسل ہونے اور الفیلسوف العرب کہلائے جانے کے اصرار میں بعض اوقات اس قدر غلو کیا جاتا ہے۔ کہ وہ ایک دوسری قسم کی غلطی کا پیش خیمہ بن جاتا ہے۔ یہ غلو یہ ہے کہ کندی ایسا خالص عربی النسل فلسفی تھا۔ کہ تاریخ اسلام میں کوئی اور دوسرا عربی النسل فلسفی اس جیسا ہوا ہی نہیں۔ چنانچہ رینان، اولیری، الفریڈ گیوم، صاف صاف اور ڈی بور اور سارٹن

ذرا اُلجھے ہوئے الفاظ میں یہ کہتے ہیں کہ وہ واحد عرب فلسفی تھا۔ اور اس کے علاوہ کوئی اور عربی النسل فلسفی نہیں ہوا۔ اس قسم کا بیان تاریخ فلسفہ اسلام سے یقیناً ایک دلچسپ عدم واقفیت کا مظاہرہ ہے۔ کندی کے علاوہ ایک نہیں بلکہ چار اور فلسفیوں کے نام فوراً ذہن میں آ جاتے ہیں جو خالص عربی النسل تھے: ۱۔ ابن باجہ تُجیبی جو نہ صرف فلسفی بلکہ غالی تعقل پسند فلسفی تھا۔ ۲۔ ابن طفیل القیسی مشہور و معروف مصنف ''حی بن یقظان''۔ ۳۔ ابن خلدون معرکۃ الارا ''مقدمہ'' کا مصنف اور فلسفہ تاریخ کا موجد اور ۴۔ اسی کے خاندان سے ابو مسلم عمر بن احمد بن خلدون (المتوفی ۱۰۵۷ء) جو مسلمیٰ ابن احمد المجریطی کا شاگرد اور مشہور ریاضی دان ابن سفار (المتوفی ۱۰۳۵ء) کا استاد تھا۔ آخرالذکر دونوں اپنے تئیں الحضرمی کہلاتے تھے۔ اور جیسا کہ ہم نے اوپر ذکر کیا۔ الحضرمی الکندی کی ہی دوسری شکل ہے۔ یہاں ہم دوسرے عربی النسل مشاہیر مفکرین مثلاً مسعودی، جاحظ، اصمعی، ابن بشکوال، ماوردی کا ذکر نہیں کرتے۔ کیونکہ وہ خاص معنوں میں فلسفی نہ تھے۔

ڈی بور، اولیری، گیوم، ہٹی، ڈیورنٹ القصہ قریب قریب سب مستشرقین کی تصانیف اور ان کی تیار کردہ انگریزی کتب حوالہ میں درج ہے۔ کہ کندی کوفہ میں پیدا ہؤا۔ لیکن فاضل اجل اور محقق ادق مستشرق سارٹن اپنے ضخیم اور صحیح طور پر قابل ستائش مقدمہ تاریخ سائنس میں لکھتا ہے۔ کہ کندی کا مولد بصرہ تھا۔ ہماری رائے میں یہ دونوں باتیں یعنی کندی کا کوفہ میں پیدا ہونا یا بصرہ میں ٹھیک نہیں۔ یا کم از کم غیر مستند ہیں۔ قدیم تذکرہ نویس ہی اس مسئلہ پر کچھ روشنی ڈال سکتے تھے۔ لیکن وہ قطعی انداز میں اس بارے میں کچھ نہیں کہتے۔ بیشتر اتنا ضرور کہتے ہیں۔ کہ کندی کا والد مہدی اور رشید کے زمانہ میں کوفہ کا گورنر تھا۔ لیکن اس سے حتمی طور پر یہ نتیجہ نہیں نکالا جا سکتا۔ کہ کندی کوفہ میں پیدا ہوا۔ اندلس کے اموی خلیفہ ہشام دوم موید باللہ کا طبیب ابو داؤد سلیمان بن حسان الاندلسی معروف بہ ابن جلجل اپنی مشہور تالیف تاریخ الاطباء و الفلاسفہ (صفحہ ۷۳، ۷۴) میں البتہ یوں رقم طراز ہے ''ان یعقوب بن اسحٰق الکندی: شریف الاصل، بصری، کان جدہ ولی الولات لبنی ہاشم، و ترک البصرۃ وضیعۃ ھنالک، و انتقل الی بغداد و ھنالک تادب''۔ (یعقوب بن اسحٰق

الکندی ایک شریف خاندان کا فرد بصرہ کا رہنے والا تھا۔ اس کا دادا بنو ہاشم یعنی خلفائے عباسیہ کے زمانے میں گورنر تھا۔ وہ بصرہ کو، جہاں اس کی جاگیر تھی چھوڑ کر بغداد چلا گیا، اور وہیں تعلیم پائی)۔ ابن جلجل کی اس عبارت کو قفطی اور ابن ابی اصیبعہ نے اپنے تذکروں میں قریب قریب اسی طرح نقل کر دیا ہے۔ اس سے یہ تو پتہ چلتا ہے کہ کندی نے اوائل عمر میں بصرہ میں رہائش اختیار کی اور تربیت پائی، اور یہ بھی ٹھیک کہ بصرہ میں اس کی آبائی جائداد تھی۔ دوسرے ماخذ سے ہمیں یہ بھی معلوم ہے کہ کندی کے بچپن ہی میں اسکے والد کا انتقال ہو گیا۔ اس کا ایک بھائی بھی فوت ہو چکا تھا۔ چنانچہ اس کی والدہ اسے کوفہ سے بصرہ لے آئیں جہاں کافی عرصہ سے کندہ کے لوگ آباد تھے۔ بلکہ بصرہ کا ایک محلہ کندہ کے نام ہی سے مشہور تھا۔ لیکن منقولہ بالا بیان میں ابن جلجل صاف صاف یہ ہرگز نہیں کہتا کہ کندی بصرہ میں پیدا ہوا۔ سارٹن نے بصرہ کو اس کا مولد قرار دے کر ذرا عجلت سے کام لیا۔ اور اگرچہ یہ ھلکی سی لغزش ہے۔ لیکن قابل گرفت ہے۔ کیونکہ سارٹن جیسے محقق و مدقق سے ہے۔ ہمیں یہ احتمال ہے کہ سارٹن کی یہ گرفت بعض حلقوں میں اچھی نگاہ سے نہ دیکھی جائے گی۔ لیکن اس عقیدہ کے تحت کہ علمی تحقیق کے امکانات غیر محدود ہیں راقم السطور اس بات کی اجازت چاہتا ہے کہ سارٹن کی کئی ایک اور لغزشوں اور کوتاہیوں کی طرف اشارہ کرے۔ فاضل موصوف اصرار سے بلکہ قدرے عقیدت سے دو بار اس بات کا ذکر کرتا ہے کہ کندی نے ہندی علم الہندسہ پر چار کتابیں تالیف کیں۔ ابن الندیم، قفطی اور ابن ابی اصیبعہ نے کندی کے علم الہندسہ یعنی حساب پر بارہ رسائل کا ذکر کیا ہے۔ یہ ان انیس رسائل کے علاوہ ہیں جو اس نے علم الہندسہ یعنی جیومیٹری پر لکھیں۔ لیکن ان بارہ رسائل میں صرف ایک ہی رسالہ ہے جس پر سارٹن کی عقیدت کا اطلاق ہو سکتا ہے۔ اور وہ ہے کتاب رسالۃ فی استعمال الحساب الھندی اربع مقالات (حساب الھندی کے طریق استعمال پر ایک کتاب جس کے چار ابواب ہیں۔) قدیم تذکرہ نویسوں کے علاوہ جدید محققین میں سے جنہوں نے کندی کی تصانیف کی فہرست مرتب کی ہے۔ مثلاً فلوگل، براکلمن، مکارتھی، جمیل العظم، اسماعیل پاشا بغدادی، کورکیس عواد کسی کے ہاں بھی صرف اس ایک کتاب کے علاوہ کسی اور کا حوالہ نہیں ملتا جو

ہمارے فلسفی نے ہندی علم الهندسه پر لکھی ہو۔ چنانچہ یہ کہنا پڑتا ہے کہ مذکورہ کتاب کے چار ابواب کو ہی سارٹن نے چار کتابیں سمجھ لیا۔ اور یہ اسی طرح ہے جیسے کوئی کہے کہ نظامی عروضی کا چہار مقالہ چار کتابیں ہیں۔ سارٹن کندی کی کتاب رسالۃ فی اختلاف المناظر کا ذکر تعریفی پیرائے میں کرتے ہوئے قوسین میں یہ کہتا ہے کہ دراصل اس کی اساس بیشتر اقلیدس، ایران اسکندری اور بطلیموس کی کتب المناظر پر ہے۔ جہاں تک اقلیدس کی کتاب المناظر کا تعلق ہے۔ سارٹن کی یہ بات آسانی سے سمجھ آتی ہے اور اسکی تائید ابن الندیم کی الفہرست (صفحہ ۲۶۶ سطر ۱۴، ۱۵) میں بھی ملتی ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ کندی نے ایران اسکندری کی کتاب المناظر کا بھی مطالعہ کیا ہو۔ لیکن اس سلسلہ میں مزید تحقیق کی ضرورت ہے۔ اور یہ تحقیق ہے بھی بہت اہم۔ اس لحاظ سے کہ اگر کندی کا ایران اسکندری سے استفادہ ثابت ہو جائے تو اس سے اس دعویٰ کو بھی تقویت ملے گی کہ کندی یونانی زبان سے واقف تھا۔ کیونکہ اس کے زمانہ تک ایران اسکندری کی کتاب المناظر کے عربی ترجمے کا حوالہ باوجود کوشش کے کہیں نہیں ملتا۔ البتہ کندی کا بطلیموس کی کتاب المناظر سے استفادہ ایک بہت مشکوک اور عسیر القبول دعویٰ ہے۔ اور اتنا ٹیڑھا اور الجھا ہوا ہے کہ اس کے لئے علاحدہ طویل بحث و تمحیص درکار ہے۔ یہاں مختصراً صرف اتنا ہی عرض کیا جا سکتا ہے کہ اول تو یہ مشتبہ ہے کہ بطلیموس کی کوئی کتاب علم المناظر پر تھی بھی۔ کیونکہ اصل یونانی نسخہ اب ناپید ہے، اور نہ ہی پانچویں صدی عیسوی کے بعد اس کا حوالہ کہیں ملتا ہے۔ اتنا طے ہے کہ عربی میں بطلیموس کی کسی حقیقی یا منحول کتاب المناظر کا ترجمہ ہوا تھا، لیکن کب ہوا؟ کس نے کیا؟ — کچھ معلوم نہیں۔ یہ بھی طے ہے کہ یہ عربی ترجمہ بھی بارھویں صدی عیسوی کے بعد تلف ہو گیا۔ اب محض اس منحول یا حقیقی کتاب کے عربی ترجمے کا لاطینی ترجمہ موجود ہے جس کو سسلی کے حکمران روجر دوم اور ولیم اول کے عہد حکومت میں ان کی مجلس منتظمہ کے رکن Eugene نے ۱۱۵۴ء میں تیار کیا اور جسے Gilbert Govi نے مرتب کرکے ۱۸۸۵ء میں Torino سے شائع کیا۔ اس لاطینی ترجمے اور کندی کی کتاب المناظر (جس کا اصل عربی نسخہ ابھی تک صرف مخطوطوں کی شکل میں دستیاب ہے) کا امعان النظر سے تقابلی مطالعہ کیا جائے تو پھر ہی یہ فیصلہ ہو سکتا ہے کہ آیا علم المناظر

سے متعلق کندی اور بطلیموس کے نظریات میں کوئی مماثلت ہے یا نہیں۔ میرے علم میں یہ تقابلی مقابلہ اور مطلوبہ تحقیق ابھی تک کسی نے نہیں کی۔ اور نہ سارٹن ہی کو خود اس کا دعویٰ ہے۔ بلکہ فی الحال تو بطلیموس اور کندی کے بارے میں جو کچھ علحدہ علحدہ فاضل مصنف نے اپنے مقدمہ تاریخ سائنس میں لکھا ہے۔ اس میں ایک بین تناقص اور ارتباک ہے۔ بطلیموس کے باب میں تو سارٹن یہ کہتا ہے کہ علم المناظر پر اس کی تصنیف کی امتیازی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں شعاعوں کے عمل انعطاف (Refraction) پر خاص طور پر توجہ دی گئی۔ بلکہ پہلی دفعہ اس سلسلے میں تجرباتی تصدیق و شواهد کا ذکر کیا گیا۔ اور کندی کے بارے میں اگرچہ سارٹن یہ بتلاتا ہے کہ اس کی کتاب المناظر کافی حد تک بطلیموس سے ماخوذ و متاثر ہے۔ وہ یہ بھی تاکیداً واضح کرتا ہے کہ اس میں شعاعوں کے عمل انعطاف کا قطعاً کوئی ذکر نہیں اور یہ کہ اس میں محض عمل انعکاس (Reflection) سے بحث کی گئی ہے۔ ظاہر ہے سارٹن کی یہ دونوں باتیں صحیح نہیں ہو سکتیں، ان میں سے ایک ضرور غلط ہو گی۔ لیکن کونسی اس کا فیصلہ محولہ بالا تحقیق کے بعد ہی ہو سکتا ہے۔

کئی ایک اور مستشرقین کی طرح سارٹن بھی کندی پر یہ الزام عائد کرتا ہے کہ اس نے ایک منحول کتاب بعنوان اثولوجیا ارسطا طالیس کو ارسطو کی اصل تصنیف قرار دے کر ایک بہت دور اثر غلطی کا ارتکاب کیا۔ یہ الزام بے بنیاد یا کم از کم غیر متحقق ہے۔ سارٹن خود اس الزام کے لئے کوئی دلیل پیش نہیں کرتا۔ بلکہ یہ کہنے میں کہ اس کتاب کو ایک عیسائی عبد المسیح ناعم الحمصی نے عباسیہ خلیفہ المعتصم کی فرمائش پر عربی میں ترجمہ کیا، عدم احتیاط کا ثبوت دیتا ہے اور غیر ضروری الجھن پیدا کرتا ہے۔ اثولوجیا کے اس ایڈیشن میں جس کو فرید رخ دتریسی نے ۱۸۸۲ء میں مرتب کیا اور جس کا سارٹن خود حوالہ دیتا ہے۔ پہلے ہی صفحے پر یہ مرقوم ہے کہ اس کا عربی ترجمہ عبدُ المسیح ابن عبد اللہ ناعم الحمصی نے کیا اور کندی نے خود معتصم کے لئے نہیں بلکہ اس کے بیٹے احمد کے لئے اصل سے مقابلہ کرکے تصحیح و اصلاح کر دی۔

سارٹن کو ایک زبان سے دوسری زبانوں میں تراجم میں خاصی دلچسپی ہے۔ چنانچہ وہ اپنے ضخیم مقدمۂ تاریخ سائنس میں جو چار ہزار سے اوپر

صفحات پر پھیلا ہوا ہے مختلف سائنسی کتب کا یونانی سے سریانی و عربی وغیرہ اور عربی سے عبرانی و لاطینی وغیرہ تراجم کا ذکر بڑے التزام سے کرتا ہے ۔ کندی کی تصانیف کے لاطینی تراجم کا حوالہ بھی جا بجا ملتا ہے۔ لیکن اس ضخیم و عظیم شاہکار میں کندی سے متعلق صرف دس کتابوں کے لاطینی تراجم کا ذکر ہے ۔ راقم السطور نے بھی مختلف کتب حوالہ کی مدد سے کندی کی تصانیف کے لاطینی، عبرانی، اطالوی، جرمنی، فرانسیسی اور دوسری زبانوں میں تراجم کی فہرست تیار کرنے کی ایک حقیر سی کوشش کی ہے ۔ اس کی ضرورت یوں پیش آئی کہ کندی کی کئی کتابوں کے اصل عربی نسخے ضائع ہو چکے ہیں ۔ اور اب وہ صرف تراجم کی شکل میں ہی محفوظ ہیں ۔ بہر کیف مختلف زبانوں میں کندی کی کوئی پچاس کتابوں کے تراجم موجود ہیں ۔ اس میں لاطینی میں کل اکیس کتابوں کے تراجم ہیں ۔ یعنی سارٹن کے مذکورہ تراجم کی لسٹ میں گیارہ مزید تراجم کا اضافہ ہو سکتا ہے ۔ حیرت ہے کہ سارٹن جیسے متبحر محقق کی نظر سے یہ کیوں اوجھل رہے ۔ اور پریشان کن بات تو یہ ہے ۔ کہ یہ سب کے سب زائد لاطینی تراجم کندی کی خالص سائنسی کتب سے متعلق ہیں ۔ جن کا ذکر سارٹن کے مقدمۂ تاریخ سائنس میں از بس ضروری تھا ۔ ہمیں سارٹن سے یہ بھی شکایت ہے کہ وہ کندی کے متعلق اسماء الکتب میں قدیم تذکرہ نویسوں میں سے ابن الندیم، قفطی اور ابن ابی اصیبعہ تک کا حوالہ نہیں دیتا ۔ دوسروں کا تو ذکر کیا ۔ ہماری سمجھ سے یہ بالاتر ہے ۔ کہ کندی سے متعلق کوئی علمی تحقیق ان قدیم مصنفین کے حوالے کے بغیر شروع ہی کیونکر ہو سکتی ہے ۔ لیکن سارٹن کی یہ عام روش ہے کہ وہ مسلمان مفکرین پر تحقیقی مواد پیش کرتے وقت ہمارے تذکرہ نویسوں کی تصانیف کا حوالہ دینے سے ارادتاً پرہیز کرتا ہے ۔ اور اپنی توجہ مغربی مصنفین پر ہی مرکوز رکھتا ہے ۔ بہر کیف کندی کے سلسلہ میں اس تحدیدی طریق کار کے لحاظ سے بھی اس سے چوک ہو گئی ہے ۔ اور وہ ڈی بور جیسے متبحر کیطرف اشارہ تک نہیں کرتا ۔ حالانکہ فاضل مستشرق نے متعدد حیثیات سے کندی کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے ۔ اور کچھ نہیں تو سارٹن کو چاہیے تھا ۔ کہ وہ کندی پر ڈی بور کے انسائیکلو پیڈیا آف اسلام والے مقالے کا حوالہ ضرور دیدیتا کیونکہ اس میں بالخصوص علم المناظر سے متعلق کندی کے نظریات کی دلچسپ تفصیل درج ہے ۔

ہمارے تذکرہ نویسوں نے بد قسمتی سے کندی کے سن ولادت اور سن وفات کا کہیں ذکر نہیں کیا۔ مصطفیٰ عبدالرازق کے نزدیک قرائن سے قیاس کرتے ہوئے یہ کہا جا سکتا ہے کہ کندی خلیفہ ہارون الرشید کے عہد حکومت سے پہلے تقریباً ۸۰۱ عیسوی میں پیدا ہوا۔ اور خلیفہ المتوکل کے کچھ عرصہ بعد ۸۶۶ عیسوی کے قریب فوت ہو گیا۔

احمد فؤاد الاھوانی اور ابو ریدہ نے اس معاملے میں قریب قریب مصطفیٰ عبدالرازق کا ہی تتبع کیا ہے۔ لیکن مستشرقین حضرات میں سے بعض نے تو اس مسئلہ پر بعید از قیاس گرچہ دلچسپ آرا کا اظہار کیا ہے۔ اور ڈی بور تو عجب متلون مزاجی کا مظاہرہ کرتا ہے۔ اپنی معروف اور کثیر المستعمل تاریخ فلسفہ اسلام میں جو ابتداً جرمن زبان میں ۱۹۰۱ء میں شائع ہوئی۔ ڈی بور کندی کا سن ولادت نویں صدی عیسوی کا شروع بتلاتا ہے۔ کچھ عرصہ بعد انسائیکلو پیڈیا آف اسلام میں اپنے مضمون بعنوان 'الکندی' میں یہ لکھتا ہے۔ کہ وہ نویں صدی کے وسط میں پیدا ہوا لیکن اسی اثنا میں Encyclopaedia of Religion and Ethics میں اپنے دو مضامین Muhammadan Atomic Theory اور Muslim Philosophy میں یہ کہتا ہے۔ کہ کندی قریب ۸۷۰ء میں فوت ہو گیا۔ چنانچہ ان متناقص بیانات کے پیش نظر یہ فیصلہ دشوار ہو جاتا ہے کہ فاضل مستشرق کی اس بارے میں صحیح رائے کیا ہے۔

اگرچہ ریوبن لیوی (Reuben Levi) کے خیال میں کندی ۸۵۰ء کے قریب فوت ہو گیا۔ الفریڈ گیوم کا کہنا ہے کہ وہ ۸۵۰ء کے قریب پیدا ہوا۔ ہم ان دونوں میں سے کسی رائے کو بھی درخور اعتنا نہیں سمجھتے۔ ریوبن لیوی تو اپنی ضخیم Sociology of Islam میں کندی کو ٹھیک دو سطروں سے زیادہ جگہ نہیں دیتا۔ اور الفریڈ گیوم اگرچہ مشہور و معروف میراث اسلام کا شریک مرتب ہے۔ سمجھ نہیں آتا کہ اس نے اس اہم کتاب کی ادارت کی کڑی ذمہ داری کیونکر اپنے سر لی۔ اس کے اپنے ہی مضمون بعنوان "فلسفہ والٰہیات" میں ادارت کی متعدد غلطیاں ہیں۔ اور تو اور امام غزالی کا سن وفات تک غلط ہے۔ اسی طرح مشہور و نامی مترجم حنین ابن اسحاق کا سن وفات بھی درست نہیں۔ اور دلچسپ بات تو یہ ہے۔ کہ اسی مجموعے کے دوسرے مضامین میں یہ دونوں سن ٹھیک درج ہیں۔ علاوہ بریں ابن رشد کی معروف تصنیف فصل المقال کا پورا عنوان بھی

گیوم غلط لکھتا ہے - اور اسی کتاب کے فرانسیسی ترجمے کا جو نسخہ راقم الحروف نے دیکھا ہے۔ اس کا بھی عنوان وہ نہیں جو گیوم نے دیا ہے۔ فرید رخ دتریسی کی مرتب شدہ اثو لوجیا ارسطا طالیس کے عربی ایڈیشن کا سن اشاعت بھی وہ غلط بتلاتا ہے -. ہاں البتہ سارٹن اور دیگر بیشتر مستشرقین کیطرح وہ کندی پر یہ الزام عائد نہیں کرتا - کہ اس نے منحول اثو لوجیا کو ارسطو کی اصل کتاب سمجھ لیا - اگرچہ جو دلیل وہ اس بارے میں پیش کرتا ہے - وہ سطحی سی ہے (اس کی تفصیل بعد میں آئے گی) گیوم، سارٹن کے خلاف ہماری اس سند کی بھی تائید کرتا ہے کہ کندی نے اثو لوجیا کی تصحیح و اصلاح خلیفہ معتصم کے بیٹے احمد کی خاطر کی تھی - لیکن وہ یہ بھول جاتا ہے کہ کندی احمد کا اتالیق تھا - اور اس کا یہ تقرر خلیفہ معتصم کے زمانۂ حکومت یعنی ۸۳۳ اور ۸۴۲ عیسوی کے درمیان ہی کہیں ہوا ہوگا - یہ کیونکر ممکن ہے کہ کندی خود گیوم کی سابقہ تحریر کے مطابق ۸۵۰ء میں پیدا ہوا ہو اور پھر ۸۴۲ء سے پہلے خلیفہ کے بیٹے کا اتالیق بھی مقرر ہو جائے - اس سے زیادہ لغو بات کوئی اور نہ ہوسکتی تھی -

لیکن حیرت تو یہ ہے - کہ ہٹی جیسا فاضل مورخ جو سنین ولادت و وفات دینے میں اکثر بڑا محتاط ہے - وہ بھی یہ کہتا ہے کہ کندی کی پیدائش کا زمانہ وسط نویں صدی کا ہے - اول تو یہ خیال ہوا کہ یہ محض تسامح ہے - لیکن نہیں ہٹی اپنی مایۂ ناز تاریخ العرب میں اس ادّعا کا تکرار کرتے ہوئے دکھائی دیتا ہے - ہٹی ایک جلیل القدر مصنف سہی لیکن کندی کے سن ولادت کو متعین کرنے میں اُسے بھی سخت غلطی ہوئی - اس دعویٰ کی تائید میں مذکورہ بالا دلیل کے علاوہ ہٹی کے احترام میں مزید شواہد پیش کرنا ضروری ہیں - چنانچہ عرض ہے کہ کندی نے اپنی بعض تصانیف کا انتساب خلیفہ معتصم، اس کے بیٹے احمد، اور خلیفہ مامون کی طرف کیا ہے - ان کی تفصیل یوں ہے - احمد بن المعتصم کی طرف دو کتابوں کا انتساب ہے - اور دونوں چھپ چکی ہیں - ایک رسالے کا انتساب مامون کی طرف ہے - جیسا ہم نے اوپر عرض کیا خلیفہ معتصم کا زمانہ ۸۳۳ سے ۸۴۲ عیسوی کا ہے - اسی زمانہ میں کندی شہزادہ احمد بن المعتصم کا اتالیق مقرر ہوا - خلیفہ مامون کا زمانہ ظاہر ہے اس سے بھی پہلے یعنی ۸۱۳ء سے ۸۳۳ء کا ہے - یہ تسلیم کرنے میں بڑا استبعاد ہے - کہ کندی نے

اپنی کتابوں یا رسائل کا انتساب معتصم یا مامون کیطرف انکی وفات کے بعد کیا ہو۔ جہاں تک شہزادہ احمد کا تعلق ہے ۔ تو شہرۂ آفاق مورخ جریر الطبری اپنی مستند تاریخ الکبیر کی جلد سوم صفحہ ۱۵۰۲ پر ۸۶۲ عیسوی کے واقعات کا ذکر کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ اس وقت کندی اور احمد بن المعتصم دونوں آپس میں مصاحب تھے ۔ جریر الطبری کی تاریخ الکبیر کے متعلق خود ہٹی تسلیم کرتا ہے ۔ کہ یہ حیرت انگیز طور پر صحیح تاریخ ہے ۔ محولہ بالا انتساب و تہدیہ کے علاوہ کندی کا ایک رسالہ حنین ابن اسحاق کے استاد اور مامون کے زمانے میں بیت الحکمہ کے منتظم اعلیٰ نسطوری یوحنا ابن ماسویہ کے نام بھی ہے ۔ قدیم و جدید تذکرہ نویسوں کے مطابق ابن ماسویہ کا سن وفات ۸۵۷ عیسوی ہے ۔ اس سے بھی یہ ثابت ہوتا ہے کہ کندی کا سن ولادت ۸۰۵ عیسوی سے کہیں پہلے کا ہونا چاہیے ۔

ہٹی کو نہ صرف کندی کے سن ولادت کے بارے میں غلطی ہوئی بلکہ ایک اور لغزش بھی ہوئی جس سے اس کا تعصب بھی صاف مترشح ہے ۔ اس کے بیان کے مطابق کندی ایک کیمیا ساز بھی تھا لیکن یہ بیان قطعاً غیر مستند ہے ۔ ہمارے علم میں ہٹی کے سوا کسی اور مستشرق نے کبھی ایسی بے بنیاد بات نہیں کہی ۔ بلکہ اکثر ان میں سے مثلاً ڈی بور ، سارٹن کرّ دی وا (Carra de Vaux)، میئر ہاف (Meyerhof) ، ریوبن لیوی و غیرہم یہ جانتے ہیں کہ کندی کیمیا سازی کے سخت خلاف تھا ۔ چنانچہ اس ضمن میں ابن الندیم ، قفطی ، ابن ابی اصیبعہ سب اس کے دو رسالوں کا ذکر کرتے ہیں: کتاب رسالة ' فی التبنیه علیٰ خدع الکیمیائیین (کیمیا سازوں کے مکر و فریب سے خبردار رہنے پر ایک رسالہ) ۲۔ کتاب رسالة فی بطلان دعوی لمدعین صنعة الذهب و الفضة و خدعهم (سونا چاندی بنانے کا دعویٰ کرنے والوں اور انکے مکر و فریب کے بطلان میں ایک رسالہ) بدقسمتی سے یہ دونوں رسالے اب ناپید ہیں ۔ لیکن اس میں شک کی قطعاً کوئی گنجائش نہیں کہ کندی کیمیا سازی کے سخت خلاف تھا ۔ چنانچہ ابو بکر زکریا الرازی نے جو کیمیا سازی کا بڑا حامی اور دلدادہ تھا کندی کے خلاف ایک کتاب بعنوان الرد علی الکندی فی رده علی الصناعة (کیمیا سازی کی تردید میں الکندی کی تردید) لکھی ۔ الرازی کے ذکر میں اکثر قدیم تذکرہ نویس اس کتاب کا حوالہ دیتے ہیں ۔ ہماری رائے میں ہٹی بھی

اس بارے میں کچھ ایسا بے خبر نہیں ۔ چنانچہ جب وہ اپنی تاریخ العرب میں رازی کی علمی تحصیلات اور کارہائے نمایاں بیان کرتا ہے ۔ تو ابن الندیم کی کتاب الفہرست کے حوالہ سے کیمیا سازی پر اسکی بارہ تصنیفات کا ذکر کرتا ہے ۔ اب اسی کتاب الفہرست کے صفحہ ۳۵۸ سطر ۱۳ پر مذکورہ بالا تصنیف الرد علی الکندی فی ردہ علی الصناعۃ بھی مرقوم ہے ۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ الفہرست کے مطالعہ سے ہٹی کو رازی کی کیمیا سازی پر اس کی بارہ تصانیف کا تو علم ہو لیکن یہی ایک موضوع بحث کتاب نظروں سے اوجھل ہو جائے ۔ اور شاید ہو بھی سکتا ہے جب آنکھوں پر تعصب کی پٹی بندھی ہو ۔ اور نیت یہ ہو کہ ایک ماہر سائنس کیمسٹ کو کیمیا ساز کی جعلی شکل میں متشکل کر کے دکھایا جائے ۔

ایک اور بے بنیاد جھگڑا یہ اٹھایا گیا ہے ۔ کہ کندی عیسائی المذہب تھا ۔ اور اس نے اسلام کے مقابل عیسائی مذہب کی مدافعت اور حمایت میں ایک معرکۃ الآرا رسالہ تصنیف کیا ۔ جو انگریزی ترجمہ میں Apology for Christianity کے عنوان سے معروف ہوا ۔ چنانچہ ول ڈیورنٹ (Will Durant) اپنی ضخیم و عظیم The Story of Civilization کی چوتھی جلد The Age of Faith کے صفحہ ۲۵۱ پر کندی کے بیان میں لکھتا ہے : "He shocked the Moslem world by writing an Apology for Christianity" یہ تسلیم کہ ول ڈیورنٹ ایک فاضل متبحر ہے لیکن پھر بھی اسے ایک مستند مستشرق کی حیثیت ہرگز حاصل نہیں ۔ نہ خود ہی اس کو اس کا دعویٰ ہے ۔ اس لئے اس کا اوپر کا بیان اتنا درخور اعتنا نہ تھا ۔ لیکن ایک نہایت پر پیچ طریقے اور مبہم انداز میں ڈی لیسی اولیری (De Lacy O'leary) بھی مذکورہ Apology کو کندی کی تصانیف میں شمار کرتا ہے ۔ اور اس سے زیادہ یہ کہ ایران کے جلیل القدر استاذ فاضل سعید نفیسی نے بڑے ہی اصرار سے ۱۹۶۲ء میں تہران میں ایک ملاقات پر راقم الحروف کو یہ بتلایا کہ کندی واقعی ہی عیسائی العقیدہ تھا ۔ اس لئے ضروری ہے کہ اس غلط فہمی کا ازالہ کر دیا جائے ۔ اول تو عرض یہ ہے کہ ہمارے کندی کے علاوہ دو اور کندی بھی ہیں ۔ جو قبیلہ کندہ کے فرد ہونے کی حیثیت سے الکندی کے نام سے ہی معروف ہوئے ۔ ان میں تو ایک مشہور مصری مسلمان مؤرخ ابو عمر محمد بن یوسف ابن یعقوب الکندی ہے ۔ اس کا سن ولادت ۸۹۷ء

اور تاریخ وفات ۱۰ اکتوبر ۹۶۱ء ہے۔ یہ فلسفی ابن باجہ کی طرح قبیلہ کندہ کی تجیبی شاخ میں سے تھا۔ اس کی دو مشہور کتابیں کتاب الولاۃ، اور کتاب القضاۃ ہیں۔ جولیڈن سے ۱۹۰۸ء اور ۱۹۱۲ء کے درمیان شائع ہوئیں۔ دوسرا کندی عبدالمسیح ابن اسحٰق الکندی ہے۔ عیسائی المذہب در اصل یہ کندی تھا، نہ کہ ہمارا کندی۔ اور اسی کی طرف Apology for Christianity منسوب کی جا سکتی ہے۔ جس کا اصل عربی عنوان محض الرسالۃ عبدالمسیح ابن اسحق الکندی ہے۔ یہ رسالہ اس کے انگریزی مترجم William Muir کے مطابق خلیفہ مامون کے زمانہ میں ۸۱۹ء میں تالیف ہوا۔ اب چونکہ دونوں کندی مامون کے زمانہ میں تھے۔ اور دونوں ہی ابن اسحق الکندی بھی ہیں۔ اس لئے بعض مستشرقین کو دونوں کو خلط ملط کر دینے میں آسانی ہوئی۔ ہمارے کندی نے عیسائیت کی حمایت یا مدافعت میں تو کیا بلکہ عیسائیوں کی تردید میں ایک رسالہ بعنوان مقالہ فی الرد النصاریٰ تصنیف کیا۔ جو اتنا زور دار تھا۔ کہ کوئی ایک صدی بعد فارابی کے ہم جماعت اور شاگرد ابو زکریا یحییٰ ابن عدی ابن حمید تکریتی (المتوفیٰ ۹۷۴ء) نے کندی کے رسالے کو نقل کرتے ہوئے اس کی تردید لکھی۔ چنانچہ ایک فرانسیسی مصنف Augustine Perier نے یحییٰ ابن عدی کی تردید کو مع کندی کی سابقہ تردید کے (بعنوان رسالۃ لیحیٰ بن عدی فی الدفاع عن عقیدۃ الثالوث الاقدس من اعتراضات الکندی) Revue de l' Orient chretien یعنی ایک فرانسیسی مجلہ الشرق المسیحی کی ۲۱-۱۹۲۰ء کی بائیسویں جلد میں شائع کیا۔ بلکہ اس کا فرانسیسی ترجمہ بھی عربی متن کے بعد دے دیا۔ اس کے مطالعہ سے ہمارے اس دعویٰ کی تصدیق ہو سکتی ہے۔ کہ کندی عیسائی المذہب یا عیسائی العقیدہ نہ تھا۔ بلکہ مسلمان باپ کا مسلمان بیٹا تھا۔ اس کے آبا و اجداد چھ پشتوں سے مسلمان چلے آ رہے تھے۔ چھٹی پشت میں اشعث بن القیس امیر کندہ نے رسول اکرم کے زمانہ ہی میں اسلام قبول کر کے صحابی کا شرف پایا۔ بلکہ ایک روایت کے مطابق اشعث بن القیس نے حضرت ابوبکر صدیق رض کی بہن سے شادی کا اعزاز بھی حاصل کیا۔ اس شادی سے جو لڑکا پیدا ہوا اس کا نام محمد رکھا۔ لیکن طرفہ یہ ہے کہ ہمارے تذکرہ نویسوں میں سے بھی ظہیر الدین بیہقی تتمہ صوان الحکمۃ میں، نظامی عروضی چہار مقالہ میں، شمس الدین

شہر زوری نزہۃ الا رواح میں کندی کو عیسائی المذہب تو نہیں یہودی المذہب ضرور قرار دیتے ہیں۔ چونکہ مسلمان تذکرہ نویسوں کے بیانات کا تنقیدی جائزہ ہمارے موضوع سے خارج ہے۔ ہم فی الحال اس جھوٹے ادعا پر محض گہرے تاسف کا ہی اظہار کر سکتے ہیں۔

جہاں تک مستشرقین کا تعلق ہے کہ ہمیں ڈی بور، اولیری، آربری، رچرڈ والزر و غیرہم کے اس بیان سے بھی پورا اتفاق نہیں کہ کندی سرا سر معتزلہ عقائد کا حامی تھا۔ یا یہ کہ وہ مذہب کے معاملہ میں فلسفیانہ حریت فکر کا قائل تھا۔ اور مستشرقین کا یہ کہنا توکسی طرح بھی درست نہیں کہ وہ ارسطو یا افلاطون کا کورانہ مقلد تھا۔ یا یہ کہ نو افلاطونی فلسفہ کندی کے دل و دماغ پر اس قدر مسلط تھا کہ وہ اپنے فلسفیانہ یا مذہبی طرز تفکر میں کبھی بھی اس کی گرفت سے رہائی حاصل نہ کر سکا۔ یہ سب مباحث ایک علحٰدہ مضمون چاہتے ہیں۔ اور ہم شائق حضرات سے فی الحال یہ درخواست کریں گے کہ وہ ڈاکٹر صغیر الحسن معصومی کے ان دو مضامین کی طرف رجوع کریں جو انہوں نے ابوریدہ کے رسائل الکندی کے قابل قدر مقدمہ کی وساطت سے آردو اور انگریزی میں لکھے۔ آردو کا مضمون بعنوان "کندی اور اس کا فلسفہ" دو قسطوں میں معارف ۱۹۵۴ء میں چھپ چکا ہے۔ اور انگریزی کا وہی مضمون ہے جس کا حوالہ ہم شروع میں ہی J. D. Pearson کے Index Islamicus کی ایک کوتاہی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے دے آئے ہیں۔

یہاں ہم مستشرقین اور کندی کے فلسفہ و مذہب کے متعلق ایک بنیادی سوال اٹھانا چاہتے ہیں۔ وہ یہ کہ کندی کے فلسفہ و مذہب کے لحاظ سے واقعی طور پر اہم رسائل سن ۱۹۳۲ عیسوی سے پہلے ایک گوشہ گمنامی میں پڑے ہوئے تھے۔ کندی کی وہ کونسی تصانیف تھیں جن کی بنا پر ڈی بور اور اولیری یا ان سے پہلے ناجی اور فلوگل نے کندی کے مذہبی عقائد یا فلسفیانہ طرز فکر اور نظریات کی توضیح و تعبیر کی؟ لے دے کر ان کے پیش نظر وہ لاطینی تراجم ہی ہو سکتے ہیں جو کندی کے رسائل کے قرون وسطیٰ میں ہوئے۔ یہ سارے کوئی اکیس رسائل ہیں۔ ہمیں یہ بھی بڑا شک ہے، کہ ان کو ان سارے رسائل کے لاطینی تراجم کا علم تھا۔ کیونکہ سارٹن جیسا متبحر محقق ان میں سے صرف دس لاطینی تراجم کی طرف

اشارہ کرتا ہے۔ بہر کیف دس یا اکیس میں سے صرف چار ایسے رسائل ہیں جن میں کندی کے فلسفیانہ نظریات و خیالات مل سکتے ہیں۔ باقی سب سائنسی موضوعات سے متعلق ہیں۔ اور حقیقت یہ ہے کہ قرون وسطیٰ میں مغربی مفکرین کندی کو محض ایک سائنس دان کی حیثیت سے ہی جانتے تھے۔ اس کے فلسفہ کا ذکر بہت شاذ تھا۔ بہر کیف وہ چار لاطینی میں ترجمہ شدہ رسائل اپنے اصل عربی عنوانوں کے ساتھ حسب ذیل ہیں:۔(۱) رسالۃ الکندی فی العقل؛ (۲) رسالۃ الکندی فی جواہر الخمسہ؛ (۳) رسالۃ الکندی فی ماھیتہ النوم والرویا؛ (۴) کتاب رسالۃ بایجاز و اختصار فی البرھان المنطقی۔ ان میں سے تین پہلے رسالے ابوریدہ کے رسائل الکندی کے جز اول و دوم میں چھپ چکے ہیں۔ آخری رسالے کا صرف لاطینی ترجمہ موجود ہے۔ جس کو روما کے استاذ فلسفہ البینو ناجی (Albino Nagy) نے تین اور رسائل کے لاطینی تراجم کے ساتھ ۱۸۹۷ء میں Munster سے مع تعلیقات و حواشی شائع کیا۔ لیکن یہ رسالہ محض منطقی طرز استدلال پر ایک مختصر تعارفی مقالہ ہے۔ اس کی مابعدالطبیعاتی یا فلسفیانہ اہمیت بہت کم بلکہ صفر ہے۔ اسی طرح تیسرا رسالہ نیند اور خواب کی ماھیت پر نفسیات سے متعلق ہے۔ خالص فلسفیانہ اہمیت اس کی بھی کچھ نہیں۔ البتہ پہلا رسالہ عقل کی چہارگانہ اقسام: عقل فعال، عقل بالقوہ، عقل مستفاد اور عقل بالفعل یا عقل ظاہر سے متعلق ہے۔ اس رسالے میں کسی حد تک اسکندر افرودیسی کا اثر دکھائی دیتا ہے۔ جو نو افلاطونیت کا شدید مخالف تھا۔ دوسرا رسالہ ہیولیٰ، صورت، حرکت، زمان اور مکان کے پانچ اصولی تصورات کی تشریح و توضیح کرتا ہے۔

اب اگر فلوگل، ناجی، ڈی بور، اولیری یا کوئی اور مغربی یا مشرقی محقق ۱۹۳۲ء کے رسائل الکندی کی نئی دریافت سے پہلے پوری علمی ایمانداری سے کام لیتا۔ تو اسے کندی کے فلسفہ کی توضیح و تعبیر کی اساس محض ان دو رسالوں پر قائم کرنا چاہیے تھی۔ کیونکہ ان کے علاوہ کوئی اور حقیقی فلسفیانہ مواد اس کے سامنے ہو ہی نہیں سکتا تھا۔ راقم الحروف کی فرمائش پر فاضل شریک کار استاذ مرزا محمد منور گورنمنٹ کالج لاھور ان دو رسالوں کا اردو ترجمہ عنقریب قارئین کے سامنے پیش کرنے والے ہیں۔ ان دو رسائل کے مطالعہ سے ناظرین خود اس بات کا اندازہ کر لیں گے۔ کہ مستشرقین نے کندی کے فلسفیانہ انداز فکر اور مذہبی عقائد کی جو

تعبیر و توضیح کی ہے - وہ کہاں تک منصوص اور حقیقت پر مبنی ہے - راقم الحروف نے تو بار بار انہیں دیکھا ہے - ان میں سے کہیں بھی ان نوافلاطونی نظریات و خیالات کا سراغ نہیں ملتا جنہیں مستشرقین نہایت شد و مد سے کندی کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ اور نہ ہی ارسطو یا افلاطون کی کورانہ تقلید نظر آتی ہے - بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مستشرقین نے کندی کے فلسفہ کی جو تعبیر و تاویل کی ہے - وہ محض ان کی اپنی قیاس آرائی پر مبنی ہے - واللہ اعلم بالصواب -

محمد سعید شیخ

پاک و ہند کی فارسی شاعری اور اقبال

فارسی زبان پانچویں صدی ہجری کے آغاز میں محمود غزنوی کے مسلسل حملوں کے ساتھ ہندوستان میں آئی اور ایرانی جنگجوؤں اور صوفیوں کے ذریعے اس برصغیر خصوصاً پنجاب میں آہستہ آہستہ مروج ہو گئی۔ بعد ازاں جب دہلی میں خلجی، تغلق، لودھی اور مغل بادشاہوں کے ہاتھوں ایک مدت مدید کے لئے اسلامی حکومتیں تشکیل پائیں اور شمال سے لے کر ہندوستان کے جنوب تک مسلمان حکمران مسلط ہو گئے تو فارسی زبان نے غیر معمولی ترقی کی۔ ان بادشاہوں بالخصوص مغلوں اور ان کے اہل ذوق وزیروں نے جو عموماً شاعر اور شاعر پرور تھے فارسی ادب کی ترقی و توسیع کے لئے قابل قدر کوشش کی، نتیجہ یہ نکلا کہ فارسی زبان صدیوں تک کے لئے ہندوستان کی سرکاری زبان بن گئی۔ مغلیہ بادشاہوں بالخصوص اکبر، جہانگیر، شاہجہان اور اورنگ زیب کے درباروں میں ہمیشہ بہت سے فارسی شعرا اور ادیب، بعض ایرانی اور بعض ہندوستانی، جمع رہتے تھے۔ ان ارباب ذوق کی بدولت ہندوستان کے تقریباً تمام بڑے بڑے شہر فارسی ادب کے مسکن و ماویٰ بن گئے۔

گیارھویں صدی ہجری کے نصف اول میں اردو جو ہندوستان کی مختلف بولیوں میں فارسی کے اختلاط سے وجود میں آئی تھی اور جس نے شاہجہان کے فوجی لشکروں میں پرورش پائی تھی آہستہ آہستہ شاہی درباروں میں وارد ہو گئی اور اس نے جلد ہی فارسی کی جگہ سنبھال لی۔ شعر و ادب کی زبان بھی اردو ہی قرار پائی یہاں تک کہ مغلیہ خاندان کا آخری بادشاہ بہادر شاہ ظفر خود اردو کا ایک بلند پایہ شاعر تھا۔ لیکن اس کے باوجود فارسی زبان ملک کی سرکاری زبان سمجھی جاتی تھی اور اس دور کا عظیم الشان شاعر غالب بڑے فخر کے ساتھ فارسی میں شعر کہتا تھا اور اپنے اردو کے معرکۃ الآرا دیوان کو اپنے فارسی اشعار کے مقابل بے رنگ تصور کرتا تھا۔ انیسویں صدی عیسوی کے شروع میں جب ہندوستان کے افق پر انگریزی اقتدار کا آفتاب طلوع ہوا اور ۱۸۵۷ء میں مغلیہ خاندان کا چراغ بجھ گیا، ہندوستان کے تمام ادبی اور ثقافتی رشتے جو ایران کے

ساتھ صدیوں سے چلے آ رہے تھے یکسر منقطع ہو گئے۔ انگریزی زبان ملک کی سرکاری زبان بن گئی اور فارسی جو سینکڑوں سالوں تک اس وسیع سر زمین کی محبوب زبان رہ چکی تھی ہر طرح کی سرپرستی سے محروم ہو کر مساجد و مدارس کے گوشہ و کنار میں پناہ گزیں ہوئی۔ یہ سب سے بڑی ضرب تھی جو ہندوستان میں فارسی زبان و ادب کو پہنچی اور جس کے بعد یہ زبان ایران سے باہر اپنے عظیم الشان مقام کو ہمیشہ کے لئے کھو بیٹھی۔

ایران سے ہندوستان کا یہ ادبی قطع تعلق جس کا زمانہ تقریباً ڈیڑھ صدی کا ہے اس بات کا باعث بنا کہ ایرانی محاورات اور روزمرہ کی زبان ہندوستان کی فارسی سے بہت مختلف ہو گئی۔ خصوصاً ان آخری پچاس سالوں میں مغربی تمدن کے زیر اثر مشرق ممالک میں جو انقلاب رونما ہوا ہے اس کے نتیجے کے طور پر فارسی بھی تمام دوسری زبانوں کی طرح بہت حد تک متاثر ہوئی ہے اور اس میں خواہ مخواہ تبدیلیاں پیدا ہوئی ہیں جن سے برصغیر پاک و ہند کے باشندے قطعی طور پر نا واقف ہیں۔ ایران کی قدیم فارسی کی بعض اصطلاحات اور امثال جو ہمارے ہاں اپنی اصلی صورت میں محفوظ ہیں ایران میں بعض لسانی تحولات کی بنا پر یا تو بالکل متروک ہو گئی ہیں یا اس قدر بدل گئی ہیں کہ ایک ایرانی کے لئے ان کا پہچاننا غیر ممکن نہیں تو بے حد مشکل ضرور ہے۔ اس بارے میں تہران یونیورسٹی کا پروفیسر آقای مجتبیٰ مینوی رقمطراز ہے:

''جس طرح ہم بہت سے عربی الفاظ کو ان معنوں سے مختلف استعمال کرتے ہیں جو عربی میں ہیں، اور ترک بہت سے فارسی و عربی الفاظ کو دوسرے معنوں میں استعمال کرتے ہیں، ہندوستانی (افغانستانی اور تاجیکستانی) بھی فارسی اور عربی کے بہت سے کلمات کو مختلف معنوں میں استعمال کرتے ہیں۔ وہ اپنے اردو اور فارسی کے اشعار میں ایسے الفاظ استعمال کرتے ہیں جن کی صورت تو فارسی یا عربی ہی ہوتی ہے لیکن مفہوم ہمارے مفہوم سے کسی حد تک مختلف ہوتا ہے۔ اسی طرح کا اختلاف بعض اوقات ان منظوم اور منثور کتب میں بھی پایا جاتا ہے جو ایران کے مختلف علاقوں میں لکھی جاتی تھیں۔ چنانچہ جو کتاب غزنوی یا سلجوق دور میں قم میں لکھی جاتی وہ اس کتاب سے مختلف ہوتی جو اصفہان میں لکھی جاتی، اور جو شعر طوس میں کہا جاتا وہ اس شعر سے لفظی اور معنوی

اعتبار سے قدرے مختلف ہوتا جو ہرات میں کہا جاتا۔ ہندوستان، افغانستان اور تاجیکستان میں خصوصاً ان آخری ڈیڑھ سو سالوں میں یہ خلیج اور بھی زیادہ وسیع ہو گئی ہے۔ چنانچہ بعض ایسے الفاظ جو ایران میں عامیانہ تصور ہوتے ہیں اور جنہیں عمدہ شعر میں جگہ نہیں دی جاتی وہ ہندوستان میں فصیح اور ادبی شمار ہوتے ہیں۔''[1]

بیسویں صدی کے آغاز میں اقبال نے کمر ہمت باندھی اور فارسی کے احیا کے لئے سعی بلیغ کی۔ محمد حسین مشائخ فریدنی اس بارے میں لکھتا ہے: ''اقبال نے فارسی کو جو اس زمانے میں قبروں کی تختیوں، مزاروں کے کتبوں اور یونانی حکیموں کے نسخے لکھنے تک محدود ہو چکی تھی دوبارہ ادبی زبان کی صورت میں زندہ کیا۔ اس نے اس تاریک دور میں فارسی اشعار کہے اور اپنے ذیقیمت افکار کی نشرو اشاعت سے ہندوستان میں فارسی زبان کے بجھتے ہوئے چراغ کو ازسر نو روشن کر دیا۔''[2]

اقبال کے زمانے میں فارسی زبان برصغیر پاک و ہند میں ہر لحاظ سے اپنی قوس نزولی کو طے کر رہی تھی - یہ فارسی ادب سے اقبال کی گہری دلچسپی تھی جس کی بنا پر اس نے فارسی زبان میں اس حد تک مہارت اور مشق کی کہ اپنی سات تصنیفات کو فصیح و بلیغ فارسی میں منظوم کیا اور اس کی عروق مردہ میں پھر سے تازہ روح پھونک دی۔

کلام اقبال کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اگرچہ اس نے سبک ہندی کے بڑے بڑے شعرا مثلاً عرفی (م ۹۹۹ھ)، فیضی (م ۱۰۰۴ھ)، نظیری (م ۱۰۲۳ھ)، ظہوری (م ۱۰۲۴ھ)، طالب (م ۱۰۳۶ھ)، کلیم (م ۱۰۶۱ھ)، غنی (م ۱۰۷۲ھ)، صائب (م ۱۰۸۱ھ) اور غالب (م ۱۲۸۵ھ) وغیرہ کے آثار کا گہرا مطالعہ کیا تھا اور ایک زمانے تک ان کے اشعار کو اپنے لئے دلیل راہ بھی قرار دیا۔ لیکن بعد میں وہ ان کی سبک شاعری سے کنارہ کش ہو گیا اور سبک عراقی اور کسی حد تک سبک خراسانی کی طرف متوجہ ہوا۔ اس نے سبک ہندی میں اس سستی اور ابتذال کا مشاہدہ کیا جسے صفوی دور کے ایرانی شعرا نے اچھی طرح پہچان لیا تھا اور اپنے اشعار کو قدیم شعری دبستانوں کی طرف معطوف کر لیا تھا۔ اقبال نے برصغیر

۱- 'اقبال لاہوری': ''مجلہ یغما'' تہران ۱۳۲۷، ص ۶۔

۲- ''اقبال ایرانیوں کی نظر میں'' کراچی، ص ۲۳۶۔

پاک و ہند میں فارسی شاعری کو سبک ہندی کی فرسودگی و بیہودگی سے نجات دی جو خصوصاً گیارھویں، بارھویں اور تیرھویں صدی ہجری میں بعض باریک بینوں اور خیال بندوں کے ہاتھوں پروان چڑھ کر ایک لاینحل مسئلہ بن چکی تھی۔ اس نے اپنے شعر کے رشتے ایران کے جلیل القدر متصوفین مثلاً سنائی (م ۵۴۵ھ)، عطار (م ۶۲۷ھ)، رومی (م ۶۷۲ھ)، عراقی (م ۶۸۸ھ)، حافظ (م ۷۹۱ھ)، محمود شبستری (م ۷۲۰ھ) اور جامی (م ۸۹۸ھ) کے رمزیہ سبک سے ملائے اور فن شاعری میں کچھ ایسے کارنامے بھی دکھائے جو قطعی طور پر اقبال کی جید مبتکر طبیعت کا نتیجہ ہیں، اس لحاظ سے اقبال کی نہایت قابل ستائش خدمت یہ ہے کہ اس نے ایران سے باہر سبک ہندی کو ناقص قرار دیتے ہوئے اس کی بیخ کنی کی۔

یہاں ضروری معلوم ہوتا ہے کہ سبک ہندی پر تھوڑی سی روشنی ڈالی جائے تاکہ یہ امر واضح ہو جائے کہ اقبال نے کس بنا پر سبک شاعری میں تغیر پیدا کیا اور اس تغیر کو اس نے کس حد تک ضروری سمجھا۔

جب ہم فارسی ادب کی تاریخ کا مطالعہ کرتے ہیں تو سبک عراقی کے آخری دور میں سبک ہندی کے ابتدائی آثار اس زمانے کی شاعری میں تھوڑے بہت نظر آتے ہیں۔ لیکن جامی کے بعد تو سبک ہندی پورے طور پر ابھر آیا۔ ہندوستان میں جو بھی فارسی شاعر اور ادیب آتے وہ اپنے آپ کو مذہبی، ثقافتی، ادبی، لسانی، تاریخی اور جغرافیائی لحاظ سے ایک مختلف ماحول میں پاتے اور لازمی طور پر اس سے متاثر ہوتے، کیونکہ ان سے پہلے فارسی شاعروں اور ادیبوں نے خواہ وہ ایرانی تھے یا ہندوستانی ادبی میدان کو یہاں کے مذاق کے مطابق ہموار کر دیا ہوا تھا۔ امیر خسرو دہلوی (م ۷۲۵ھ) اور امیر حسن دہلوی (م ۷۲۷ھ) سب سے قدیم شاعر ہیں جنھوں نے پاک و ہند کی سر زمین میں سبک ہندی کی بنیاد رکھی۔ امیر خسرو اگرچہ ایرانی شعرا اور مثنوی سرائی میں خصوصاً نظامی (م ۶۱۴ھ) کی پیروی کرتا رہا، لیکن ہندوستانی ماحول اور یہاں کی فارسی کے تقاضوں کے مطابق اس کی سبک شاعری میں بعض ایسی خصوصیات ملتی ہیں جو ایرانی شعرا کے ہاں نہیں تھیں۔ ان دو شاعروں کے بعد بعض اور شاعروں نے بھی فارسی میں شعر کہے لیکن ان کا کلام چنداں مشہور نہیں۔ بہر کیف ان کے ذریعے فارسی ادب بہت فروغ پاتا رہا

یہاں تک کہ نویں صدی ہجری میں ہندوستان میں مغلیہ خاندان نے اپنی عظیم الشان حکومت کی بنیاد رکھی - جس کے حکمرانوں میں اکبر ، جہانگیر ، شاہجہان اور اورنگ زیب خاص طور پر معروف ہیں - ان بادشاہوں کے عہد سلطنت میں ہندوستان میں فارسی زبان و ادب نے نہایت ترقی کی اور ایران کے سب بڑے بڑے شاعر مغلیہ دربار میں آ گئے - اس کے برعکس یہی زمانہ ہے جب ایران میں فارسی کا بازار کاسد ہو گیا تھا - اس زمانے میں ایران میں صفویوں کی حکومت تھی - ان کے عہد میں دو وجوہ سے فارسی شاعری زوال پذیر ہوئی : اول یہ کہ یہ بادشاہ اپنا تمام وقت دوسرے ممالک کے ساتھ جنگ میں گزارتے تھے اور دوسرے یہ کہ انکی حکومت کی بنیاد مذہب تشیع پر استوار تھی جس کی وجہ سے ان کے دربار شعر و شاعری کے دربار نہ تھے اور نہ ہی انہیں مدح سرائی پسند آتی تھی - شاہ طہماسپ اول کی مدح میں ایک شاعر نے قصیدہ کہا تو اس نے حکم دیا کہ اگر اس کی طبع میں واقعی قوت ہے تو اہل بیت کی تعریف میں قصائد کہے اور ان کے مرثیوں میں طبع آزمائی کرے[۳] - ہندوستانی بادشاہوں کی شاعر پروری اور ایرانی سلاطین کی شعر و شاعری سے یہ بے اعتنائی اس بات کا باعث بنی کہ فارسی ادب کا مرکز ایران کی بجائے ہندوستان میں منتقل ہو گیا - اس دور کے شعرا کو تین گروہوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے :

اول وہ شعرا جو ہندوستان میں پیدا ہوئے اور اس اعتبار سے ہندی الاصل فارسی شاعر تھے - دوسرے وہ جو ایران سے ہندوستان میں آئے اور آخری عمر تک اسی سر زمین میں رہے - تیسرے وہ شعرا ہیں جو کسب معاش کے لئے برصغیر ہند میں آتے تھے اور پھر ایران لوٹ جاتے تھے - اس آمد و رفت اور اختلاط و امتزاج کا نتیجہ یہ نکلا کہ فارسی شاعری میں ایک نئے سبک کی بنیاد پڑی جو سبک ہندی کے نام سے مشہور ہوا -

سبک ہندی کا صحیح آغاز تیموری دور میں ایران میں ہوا - ہرات کے تیموری سلاطین خصوصاً سلطان حسین بایقرا اور اس کے ادب پرور وزیر میر علی شیر نوائی نے جو تصوف اور سبک ہندی کیطرف بہت مائل تھے اس شعری رجحان کو بہت فروغ دیا - سبک ہندی کا دور نویں صدی ہجری یعنی

۳- رک : ''عالم آرای عباسی'' از اسکندر بیگ ترکمان ، تہران ۱۳۱۴ھ ، ج ۱ ، ص ۱۲۹ -

جامی کے بعد شروع ہوتا ہے اور پوری دسویں، گیارھویں اور کسی قدر بارھویں صدی تک زور شور سے جاری رہتا ہے - گویا پوری تین صدیوں تک سبک ھندی فارسی شاعری پر مسلط رہا - اس کے بعد ایران میں اس سبک کو ترک کر دیا گیا - لیکن ایران سے باہر فارسی شعرا نے اس کی پیروی کی اور برابر اسی انداز میں شعر کہتے رہے - سبک ھندی کی چند نمایاں خصوصیات قابل ذکر ہیں:

سخن سرائی کے ابتدائی ادوار میں ادیب بعض شعری کلمات کو نثر کے لئے انتخاب کر لیتے تھے - علاوہ ازیں وہ ایسے الفاظ بھی استعمال کرتے تھے جو شعر میں مستعمل نہیں ہوتے تھے - یعنی نثر کے الفاظ کا دائرہ نظم کی نسبت زیادہ وسیع تھا - مثلاً نثر میں ادبا خصوصاً چھٹی اور ساتویں صدی ہجری کے ادبا ہر طرح کے عربی الفاظ کا استعمال جائز سمجھتے تھے - چنانچہ اس دور کی تالیفات کو مشکل عربی الفاظ کے معانی جانے بغیر سمجھنا دشوار ہے - لیکن ایسے الفاظ شعر میں غیر مستعمل تھے - بالفاظ دیگر، شاعر مجاز نہ تھا کہ ہر طرح کی لغت کو شعر میں استعمال کر سکے - بلکہ وہ مجبور تھا کہ شعری الفاظ کی حدود سے باہر قدم نہ رکھے - فارسی شعر نے نویں صدی ہجری یعنی تقریباً جامی کے زمانے تک اس پابندی کو برقرار رکھا - لیکن سبک ہندی کے دور کے آغاز کے ساتھ ہی یہ پابندی تقریباً اٹھ گئی اور شعر میں ہر طرح کے الفاظ خواہ وہ اصیل تھے یا دخیل، فصیح تھے یا سست، جائز سمجھے جانے لگے - چنانچہ شعر کی زبان عوام کی زبان بن گئی اور یہی وجہ ہے کہ فارسی شعر میں جتنے بھی محاورات اور ضرب الامثال ہیں وہ اسی دور سے متعلق ہیں -

دوسری خاص بات جو سبک ہندی میں نظر آتی ہے وہ ذوق تنوع ہے - اس سبک کے شاعر چاہتے تھے کہ جو کچھ وہ کہیں جدید اور تازہ ہو - پیش پا افتادہ مضامین کا تکرار انہیں گوارا نہیں تھا - چنانچہ شعری زبان میں سست اور مبتذل الفاظ کے داخل ہونے کا ایک بڑا سبب یہی ذوق تنوع تھا جس کی تسکین کی خاطر شعرا ہر اس مضمون کو باندھتے جو انہیں جدید اور بدیع نظر آتا، اور ہر اس لفظ کو استعمال کرتے جو انہیں تازہ اور غیر مستعمل دکھائی دیتا - مثلاً کلیم کا یہ شعر:

باریک بینیت چو زپہلوی عینک است ، باید زفکر دلبر لاغر میان گذشت

پہلی بار ہے کہ فارسی شاعری میں ''عینک'' کا لفظ استعمال ہوا ہے ۔ ''پہلوی عینک'' کی ترکیب سست بلکہ مضحک ہے کیونکہ قدما نے کبھی بھی لفظ ''پہلو'' کو کنار اور گوشہ کے معنوں میں استعمال نہیں کیا ۔ کلام کلیم میں پھر یہ شعر :

معبود جہانیان بخاری است   منقل معشوق هر کنار است

''بخاری'' اور ''منقل'' عامیانہ اور سست لفظ ہیں جو یہاں پہلی دفعہ فارسی شعر میں داخل کئے گئے ۔ ارباب دانش جانتے ہیں کہ کلیم کس قدر پختہ اور قوی شاعر تھا ۔ اس نسبت سے سبک ہندی کے دوسرے اور تیسرے درجے کے شعرا کا اندازہ کیا جا سکتا ہے ۔ ایک اور شاعر کہتا ہے :

بخیه کفشم اگر دندان نما شد عیب نیست
خنده آرد کفش من بر هرزه گردیهای من

جدت پسندی اور ذوق تنوع اس امر کا موجب بنے ہیں کہ شاعر نے لفظ ''بخیہ'' کو فارسی شعر میں داخل کر لیا ہے ۔ بخیہ کفش کو دندان نما کہنا کس قدر مبتذل ہے ۔ اس سے بڑھ کر یہ کہ شاعر کے جوتے کو اس کی آوارہ گردی پر ہنسی آتی ہے ، ایک نہائت پست اور مہمل مضمون ہے ۔ سبک ہندی کے شعرا کا نصب العین محض مضامین کا تنوع تھا خواہ اس تنوع میں فصاحت ہو یا نہ ہو۔ ان کے نزدیک شاعری کی بنیاد مضمون پر ہے ۔ حالانکہ ایک حقیقی شاعر اپنے احساس کا مطیع ہوتا ہے ، یعنی ضروری ہے کہ شاعر کسی کیفیت سے متاثر ہو اور احساس اسے مجبور کرے کہ وہ اس مضمون کو بیان کرے ۔ لیکن سبک ہندی کے شعرا عموماً اپنے آپ کو مقید سمجھتے تھے کہ وہ فلاں مضمون باندھیں۔ اس طرح شاعری ادائیگی احساس نہیں بلکہ مضمون سازی بن گئی۔ اس سبک کے آخری دور میں یہ معاملہ یہاں تک پہنچا کہ شاعر صرف مضمون سازی کی طرف ہی متوجہ رہتا اور تمام قوتوں اور صلاحیتوں کو اس فن پر صرف کر دیتا ۔

سبک ہندی کی جملہ خصوصیات میں سے ایک مبالغہ ہے ۔ مبالغہ اس سبک میں اتنا زیادہ اور قوی ہو گیا کہ شعر اپنی سادگی اور فطری روش سے بہت دور جا پڑا ۔ مثلاً :

دل آسوده ای داری مپرس از صبر و آرامم
نگین را در فلاخن، می نهد بیتابی نامم

شاعر چاہتا ہے کہ اپنی بے تابی اور بیقراری بیان کرے چنانچہ کہتا ہے کہ میرا اضطراب میرے نام پر بھی اثر انداز ہوا۔ میری انگشتری کا نگینہ جس پر میرا نام کندہ ہے اس پتھر کی مانند ہے جو منجنیق میں ہو اور ہر لحظہ مضطرب ہو۔

بعض سیاسی اور فطری وجوہ کی بنا پر سر زمین ہند کے رہنے والوں کے خیالات توہم و تخیل کی جانب اور باریک و لطیف معانی کو مجسم کرنے کی طرف مائل ہیں۔ جو رجحان خاص طور پر قابل ذکر ہے وہ ہے محسوسات کے ساتھ معقولات کی تشبیہ اور بر عکس۔ اس طرز بیان کے لئے جو اصطلاح خود اہل ہند نے منتخب اور مستعمل کی وہ ''خیال بندی'' ہے۔

خیال بندی کا نمونہ یہ ہے کہ سبک ہندی کے شعرا معشوق کی مژگاں کو ایک مٹھی سوئیاں تصور کرتے ہیں پھر انہیں دل کے درزی کے سپرد کر دیتے ہیں۔ خیاط رونے کو کہتا ہے تاکہ دل کے چیتھڑوں سے آنکھ کے لئے کرتہ سیے۔ چنانچہ اس عجیب و غریب مفہوم کو شاعر الفاظ میں یوں بیان کرتا ہے:

مشتِ سوزن بدلم زان مژہ تا ریختہ اند
گریہ از پارۂ دل دوختہ پیراہن چشم (عرفی)

وہ کبھی اپنی بے نم پلکوں پر خاک ڈالتا ہے اور پھر اپنے دل کا ہاتھ پکڑ کر اس کے ساتھ بھیک مانگنے جاتا ہے تاکہ کچھ غم حاصل کرے۔ چنانچہ اس مضمون کو یوں باندھا جاتا ہے:

خاک دیگر بر سر مژگان بی نم میکنم
دست دل میگیرم و دریوزۂ غم میکنم (نظیری)

یہ مبالغہ جتنا بھی زیادہ ہوتا لوگ اسی قدر اسے پسند کرتے۔ چنانچہ سبک ہندی اس قدر مبالغہ آمیز بن گیا کہ بارھویں صدی ہجری کے آخر میں اس کا ایک تجدیدی دور شروع ہوا۔ اس میں شک نہیں کہ سبک ہندی کے تمام ادوار قابل اعتراض نہیں بلکہ ایک دور عمدہ بھی ہے۔ لیکن بعد میں جب مبالغہ، خیال بندی اور مضمون آفرینی اپنی انتہا کو جا پہنچی تو یہ سبک خراب ہو گیا۔ اس دور کے بڑے بڑے شعرا: عرفی، نظیری،

فیضی، صائب، وحشی، طالب اور کلیم ہیں۔ بعد ازاں جب شعرا نے احساس کے دامن کو بالکل ترک کر دیا اور صرف خیال باقی کو اپنا نصب العین ٹھہرا لیا تو یہ سبک فاسد ہو گیا۔ جلال اسیر (م ۱۰۶۹ھ)، زلالی خوانساری (م ۱۰۳۱) اور میرزا عبدالقادر بیدل (م ۱۱۳۳) کے ہاتھوں سبک ہندی اپنے انتہائی نقطۂ زوال تک جا پہنچا۔ اس کے بعد خوش ذوق شعرا کے واسطے یہ سبک ناقابل تحمل بن گیا۔ بارھویں صدی ہجری میں فارسی شاعری اپنے انتہائی زوال و انحطاط کے مراحل طے کر رہی تھی۔ شعر جس قدر آگے بڑھ رہا تھا اسی قدر سست اور مبتذل ہوتا جا رہا تھا۔ اس کا نتیجہ آخر یہ نکلا کہ اس زمانے میں چند شعرا جمع ہوئے اور انہوں نے ایک نئے سبک کی بنیاد رکھی جسے فارسی شاعری کے تحول کی تاریخ میں ''باز گشت ادبی'' سے موسوم کیا جاتا ہے۔ حقیقت میں یہ شعرا چاہتے تھے کہ شعر کو اس کی موجودہ حالت سے نجات دلائیں۔ لیکن ان کی یہ کوشش کسی نئے سبک کی ایجاد کی طرف متوجہ نہ ہوئی بلکہ نتیجہ یہ نکلا کہ فارسی شاعری دوبارہ بہت حد تک، سبک عراق اور کسی حد تک سبک خراسانی کی طرف مائل ہو گئی۔ سبک کی اس رجعت میں جن شعرا نے خاص طور پر کوشش کی، ان میں مشتاق (م ۱۱۷۱ھ)، ہاتف (م ۱۱۹۸ھ) اور آذر (م ۱۱۹۵ھ) کے نام پیش پیش ہیں۔

اس تحریک سے اسالیب قدیم دوبارہ زندہ ہو گئے اور امید کے برعکس کوئی جدید سبک وجود میں نہ آیا۔ اسی لئے قاجاری دور میں اکثر شعرا کی توجہ قدیم معروف اسلوبوں کی تقلید میں مصروف رہی۔ چنانچہ اس طولانی دور میں شعرا کی کثرت کے باوجود بہت کم ایسے شاعر ہیں جن کے اشعار میں سبک کے اعتبار سے استقلال ملتا ہو۔ دورۂ مشروطیت کے بعض آثار کو مستثنیٰ قرار دیتے ہوئے جو کوشش کسی جدید سبک کی ایجاد کے لئے کی گئی وہ ابھی تک کسی صحیح نتیجے تک نہ پہنچ سکی۔ اس دور کی شاعری کا بہت بڑا حصہ لغات اور اصطلاحات کی معمولی سی تبدیلی کے سوا پرانے اسلوبوں کی پیروی کرتا رہا۔

ان حالات میں جو تحریک سبک ہندی کو تبدیل کرنے کے لئے صفوی دور کے بعد شروع ہوئی وہ ایرانی حدود سے تجاوز نہ کر سکی۔ چنانچہ فارسی شاعری نے ہر جگہ منجملہ برصغیر پاک و ہند میں اپنی اسی روش

کو جاری رکھا ۔ جو شعرا ان ممالک میں شعر کہتے تھے انہوں نے اس اسلوب کو ترک نہ کیا ، البتہ بعض جدید اصطلاحات اور الفاظ کو اپنے شعری قوالب میں ڈھالتے اور اپنے مضامین و مطالب کو اس معمولی سے تغیر کے ساتھ بیان کرتے ، یہاں تک کہ نوبت اقبال تک پہنچی ۔

In spite of serious omissions and possible overstatements, these passages, cited above, clearly indicate that Whitehead was acquainted with the environmental interpretation of history. He appreciated its strong points and its suggestiveness. But 'in great historical events,' he cautioned, 'you can seldom assign a single cause. Several causes coalesce.'[17] There can be little doubt that he saw the limitations of an environmental interpretation of history.

Changes in human history, according to Whitehead, are effected by the workings of several causes. These causes may be divided into the following categories: 'senseless agencies,' chance, great men, and ideas. These causes are not necessarily equally influential at the same time.

Senseless Agencies. 'Steam and Barbarians,' Whitehead writes, 'each in their own age were . . . senseless agencies driving their res-

It seems doubtful that the historian in question would set about to verify the actual existence of Galileo unless he had some weighty reason; namely, hitherto undiscovered 'events.' Instead, he would assume that the fact of Galileo's existence had already been reasonably verified. As he proceeded in his investigation of his subject's life, he would be confronted with sources, primary and secondary, which appear to contain 'events' which he feels are questionable. The historian strives to ascertain their true nature and status. Did such a thing happen for certain? Is it reasonable to suppose that it did? If not, why not? Throughout his study, the working historian is guided by his sense of 'importance,' the availability of data, and the requirements of verification.

Though intellectual history was his major historical concern, Whitehead's works show that he was keenly aware of the significant role played by the physical environment in the development of human culture. In fact, he placed considerable stress on its role. 'Man's earliest essays in recorded civilization occur in hot climates,' he writes, 'where food is abundant and clothes and shelter next to needless. Rice, in large part, sustained the civilization in India; in Mesopatamia, a civilized society arose on grain ; in Egypt the food staple was mainly the date ; in Central and South America among the Aztecs and Incas it was maize and the banana.' According to Whitehead, the plentifulness of food resulted in over-population; this, in turn, depressed labor, and led ultimately to despotic rule. Despotism and the comparatively easy satisfaction of physical needs had far-reaching consequences. '. . . Although the wealth, and hence the leisure requisite for culture may result from cheap labour' he observes, 'the consequent loss of liberty stultifies the intellect. Thus it was that in Europe, a colder climate, where food, clothes, and shelter are harder to get, and where proliferation of the human species is not so exuberant but individuality is more pronounced, our northern civilization ventured into rational thought, thought less shackled by religious superstition, and finally produced the energetic and self-reliant creative, European man.'[15] We assume that Whitehead regards Athens as a representative of

correspondence theory of truth and assumes that its possibility arises from the correspondence between the eternal objects exemplified in perception, and those appearing in memory and imagination.'[11] In Whiteheadian philosophy, the author of a recent study comments there are two chief kinds of error: '(*i*) that in which, within the degree of abstraction attempted, the actual relations do not obtain; and (*ii*) that in which the degree of abstraction obtained is not understood to be what it is.'[12] Whitehead assumed that one of the functions of history was the verification of events.[13] Depending on his interests, the historian must rely, to some extent, upon the 'verification' of historical events secured by preceding historians. In *Adventures of Ideas*, Whitehead acknowledged his debt when he said that the specific detailed history upon which his interpretation rested was 'dependent upon the great band of critical scholars whose labours today, and for the past three centuries, lay upon mankind the obligation to deepest reverence.'[14]

At this time it seems appropriate to relate the conception of an historical event, suggested by Whitehead's works, to the actual tasks of the 'working historian.' As here used, the term 'working historian' denotes the historian who is not particularly concerned with the philosophical problems related to historical knowledge. He is somewhat akin to the natural scientist who conducts his research carefully and with creative insight, but without any perceptible interest in the metaphysical presuppositions of science. The working historian selects the large event that especially interests him. His selection is a result of his interest and is conditioned in some degree by his temperament, training and culture. These conditioning factors are very likely the source of his standard of values in relation to his material. His 'large event' has special importance to him. However, this does not mean that its importance is necessarily limited to him. Others may also have a similar feeling of importance for the same 'large event,' say, the life of Galileo Galilei. The large event will necessitate an investigation of a considerable number of lesser events. Each of the lesser events will also be a result of selection and subject to the same conditions as the large historical event.

thoughts and purposes are affected by its occurrence . . . .'[8] In amplification, we may say an historical event is characterised by 'importance' and is subject to study and verification. An historical event (for example, a happening, person, place, or thing) may be said to be that which is characterised by 'importance' and subject to study and verification. 'Importance' in this context means that the 'event,' in question, is a focal point of the historian's interest. Out of the welter of 'matter-of-fact,' as Whitehead terms it, the historian selects *this* event rather than *that*. He thereby indicates the importance of the event for him. An event, in addition to possessing importance, must be subject to analysis, examination, study. In *The Function of Reason*, Whitehead wrote : 'A secret which cannot be shared must remain a secret." In the study of history, we may interpret this to mean that a 'secret,' important and genuine as it may be, is not an historical event, strictly speaking. Without its disclosure, its existence cannot be verified. If the secret is shared and made known, it then may become an object of historical investigation. The point may be illustrated as follows: It is conceivable that a certain thinker, a genius and recluse, in Periclean Athens perfected the integral and differential calculus and disclosed the fact to his trusted slave. For reasons of his own, the master made his slave swear to secrecy. At his death the master ordered all of his works to be destroyed. His slave obeyed and carried the secret to his own grave. So far as historical knowledge is concerned the event did not take place. That it could have taken place is a possibility ; that it did not, very probable

An event must be subject to verification of some degree. Did the event take place? How do we know that it did? What are some of the ways of obtaining verification? Whitehead did not concern himself with specific problems of verification relevant to history. However, a reference to Whitehead's theory of truth, as given in his *Adventures of Ideas*, may suggest his general position with respect to verification. 'Truth,' he observes, 'is the conformation of Appearance to Reality. This conformation may be more or less, also direct or indirect.'[10] Whitehead adheres to a

the Near East, and Europe. These four histories cannot be understood apart from a study of the reactions of these vast regions on each other.'[5]

IV. Whitehead's Theory of History. Historical reality, according to Whitehead, encompasses the cosmos and human experiences. Passage and process characterise both. '. . . on a grand scale our cosmology discloses,' he writes, 'a process of overwhelming change, from nebulae to stars, from stars to planets, from inorganic matter to life, from life to reason and moral responsibility. We can no longer conceive of existence under the metaphor of a permanent depth of ocean with its surface faintly troubled by transient waves.' There exists, in his view, 'an urge in things which carries the world far beyond its ancient conditions.' This urge is Whitehead's metaphysical notion of subjective aim. Besides change on the cosmic scale, Whitehead points out that change is no less real on the smaller scale, in the lives of individual men and societies. In fact, since the advent of modern science and technology, 'the change in the conditions of social existence is recognizable within the life of one human being and almost within the span of one year.'[6] In his studies and investigations, the historian usually confines himself to the smaller scale. Whitehead feels that on the smaller scale of events and human experience, history 'cannot be written in its total variety, because the richness and complexities of past events and experience escape the historian. It is likely that many, if not most, historians would agree with Whitehead on this point. Probably few would claim that they attempt to ecompass human experience 'in its total variety.'[7]

Nowhere in his writings does Whitehead specifically discuss his conception of what is meant by an historical event. However, from our discussion of his comments on historical knowledge earlier, it is possible to give a definition of an historical event which is in keeping with his thought and appears to be implicit in his works. Professor Dorothy M. Emmet has an excellent definition which seems to capture the Whiteheadian meaning: An '. . . event becomes an historical event when human

their emphasis of importance, as we have inherited from them, differs. From the Greeks our inheritance has been primarily aesthetic and logical; from the Semites it has been moral and religious; from the Egyptians it has been practical.' In his view, 'The Greeks bequeathed enjoyment, the Semites worship, the Egyptians practical observation.'[3]

Whitehead's interpretation of history is permeated with the notions of interrelatedness and inheritance. This is in keeping with his philosophical point of view. Professor Victor Lowe characterised Whitehead's philosophy as follows: 'Historical context is . . . emphasized; the primary constituents of every event are threads which come to it from earlier events, and live anew in it.'[4] Though this description applies especially to a Whiteheadian 'event' as conceived in the philosophy of organism, it applies equally well to Whitehead's interpretation of history, an interpretation which is essentially an interpretation of the history of ideas.

III. A eas and Periods. In studying significance of 'certain ideas in promoting the slow drift of mankind towards civilization,' Whitehead's major purpose is an analysis of those ideas which have been highly important in the gradual development of the contemporary Western European mind. In addition to discussing the dominant intellectual attributes of the sixteenth, seventeenth, eighteenth and nineteenth centuries in Europe, he also makes stimulating generalisations about the medieval period; and, going back beyond this, he indicates certain intellectual characteristics of classical civilisations of Greece and Rome. His two works, *Adventures of Ideas* and *Science and the Modern World*, taken together form a broad outline of 'philosophic ideas of high generality' in the Western world from the time of the Greek city-states to the end of the nineteenth century. Though his main interest was the role of ideas in the Western world, he often stressed the interrelatedness of civilisations. 'The history of civilization in the Old World,' he observed, 'is the history of the internal development of the four continental regions fringing Asia, namely, China, India,

dominant in the educated sections of the communities in question.' In this context, he is using 'science' in the sense of scientific ideas, not applied science, technology. He concludes, 'The key to the book is the sense of the overwhelming importance of a prevalent philosophy.'

Later, in *Adventures of Ideas*, he is even more explicit. In the prefatory remarks, we are told that the title of the book has two meanings. 'One meaning is the effect of certain ideas in promoting the slow drift of mankind towards civilization. This is the Adventure of Ideas in the history of mankind.' The other meaning is his own adventure in framing a 'speculative scheme of ideas which shall be explanatory of the historical adventure.' Lest there be any confusion as to his meaning of ideas in the 'historical adventure,' he concludes the Preface by describing two kinds of ideas, more precisely, two levels of ideas. There are 'two levels of ideas which are required for successful civilization namely, particularized ideas of low generality, and philosophic ideas of high generality. The former set are required to reap the fruit of the type of civilization immediately attained; the latter set are required to guide the adventure toward novelty, and to secure the immediate realization of the worth of such ideal aim.' Whitehead's meaning may be illustrated if we contrast 'pure science' and 'applied science'. Ideally, the former advances the frontiers of knowledge by abstract, theoretical speculation, whereas the latter seeks practical applications of the knowledge gained from abstract speculation. A vigorous civilization requires both kinds of ideas, according to Whitehead.

Whitehead's conception of ideas is not confined to philosophical and scientific ideas nor to modern European culture alone. In *Modes of Thought* he states, 'The general notions which underlie the detailed thoughts of the modern Western civilization of Europe and America are largely derived from the expressions of fundamental ideas bequeathed to us by the ancient world of Greeks, Semites, and Egyptians.' Continuing, he writes, 'All three sources emphasize the matter-of-fact world around us. But

deposits its message as to the secret character of the nature of things. Civilizations can only be understood by those who are civilized. And they have this property, that the appropriation of them in the understanding unveils truths concerning our own natures.' A knowledge of history broadens man's knowledge of himself and it may suggest new realms of possibility. '. . . The great periods of history act as an enlightenment. They reveal ourselves to ourselves.'[1] In sum, a knowledge of history is important because it extends man's range of vision and understanding.

In Whitehead's view, the importance and usefulness of history resides in its utility. History is important because it tells us things about ourselves which can be helpful to us in our own lives. 'The true use of history,' he says in *The Function of Reason*, 'is that we extract from it general principles as to the discipline of practice and the discipline of speculation. The object of this discipline is not stability but progress.'[2] History is useful, Whitehead feels, because it provides us with data (events, lives, experiences) from which we can deduce concepts which will assist us in our practical affairs; for example, statecraft. Also, history makes us cognizant of the spectrum of human values and experiences and thereby aids us in the formulation of our scientific, philosophical, or religious speculations. History is useful, according to Whitehead, because it can guide man in his quest for improvement.

II. Intellectual History. There can be no doubt about the fact that Whitehead's major interest in the study of history was the history of ideas. In his Preface to *Science and the Modern World*, he is quite clear about his interest. He describes the book as 'a sympathetic study of main ideas as seen from the inside,' that is to say, an attempt to discuss the ideas in question in the cultural context in which they developed. His book is 'a study of some aspects of Western culture during the past three centuries, in so far as it has been influenced by the development of science. This study has been guided by the conviction that the mentality of an epoch springs from the view of the world which is, in fact,

WHITEHEAD'S THEORY OF HISTORY

THOUGH Whitehead firmly believed in the relativity of philosophical systems, this did not inhibit his own creation of a metaphysical system. Similarly, his belief in historical relativism did not prevent his development of an interpretation of history. And this is as it should be, according to Whitehead. In his view, an interpretation as well as a philosophy of history provides 'a platform from which it is worthwhile to make criticisms.' In the course of criticism it is possible that new, fruitful insights may be gained and thereby human knowledge enriched. Just as Whitehead offered his philosophy as a 'tentative formulation' of his ideas on the character of reality and human experience, so likewise his interpretation of history is an attempt at descriptive generalizations of historical development. Though his thought in both these areas was characterised by tentativeness, this does not mean that he believed his positions weak with respect to the 'facts' of reality. On the contrary, he felt his respective positions were well founded on the facts of human experience. They were tentative, that is to say, subject to discard or revision; not to be construed as final pronouncements.

I. The Importance and Use of History. If a catastrophe should befall man in which his memory was destroyed, Whitehead feels that he could recover knowledge of the multiplication table by introspection, but little else. Without his past, his knowledge of history, man would be deprived of an awareness of the richness of human experience. He would, more importantly, in Whitehead's view, be denied the opportunity to learn truths about his own nature. In *Adventures of Ideas* he states, 'In each age of the world, the actions of men and their interpretations of feelings, motives, and purposes throw light upon the recesses of their experience.' Whitehead continues, 'In this elucidation of what it means to live, to act, and feel, age differs from age. . . . Each age

(28 February 1893 — 10 December 1965)

The Bazm-i-Iqbal regrets to report the death on 11 December 1965 of Professor M. M. Sharif, the Editor of the Quarterly IQBAL since 1952. May his soul rest in peace !

INDEX TO IQBAL, Volume XIV, 1965-1966

ARTICLES

"Akbar Allahabadi and Politics," M. Sadiq, July 1965, pp. 20-38.

"Ancient Languages of Iran," A. Shakoor Ahsan, July 1965, pp. 39-65.

"Art of Composing Chronograms and Faizi," (Urdu), A. D. Arshad, April 1966, pp. 22-38.

"Attempts to Make Religion Scientific," M. A. Usmani, January 1966, pp. 53-58.

"Basic Factors of Islamic Culture," (Urdu), Amanullah Khan, April 1966, pp. 55-65.

"Education and Freedom," (Urdu), M. M. Sharif, October 1965, pp. 23-29.

"Founding of the 'Abbasid Dynasty," (Urdu), Syed Abid Ali Abid, October 1965, pp. 1-22.

"Freud's Contribution Towards Mental Health," M. A. Qureshi, January 1966, pp. 59-64.

"Imam Fakhr al-Din al-Razi on God," Jamila Hussain, January 1966, pp. 23-33.

"Iqbal and Existentialism," Niaz Erfan, January 1966, pp. 65-71.

"Iqbal and Indo-Pak Persian Poetry," (Urdu). Sayyid Muhammad Akram, October 1965, pp. 46-56.

"Iqbal and Mathnawi," (Urdu), Sayyid Muhammad Akram, April 1966, pp. 16-21.

"Islamic Foundations of a Code for Primary Education," Abdul Ghafoor Chaudhari, July 1965, pp. 66-85.

"Kindi and the Orientalists," (Urdu), M. Saeed Sheikh, October 1966, pp. 30-45.

"Magic of 'Magic'," Syed Abid Ali Abid, July 1965, pp. 86-94.

"Religious Tendencies of the Arabs before the Advent of Islam," (Urdu), Abbadullah Faruqi, October 1965, pp. 57-67.

"Sciences and Religions : Ibn Hazm's Standpoint," (Urdu translation from Arabic), Muhammad Hanif Nadawi, April 1966, pp. 39-54.

"Social Sciences and National Development," Abdur Rauf, January 1966, pp. 34-52.

"Story of *Kulliyat-i-Iqbal*," (Urdu), Syed Abdul Vahid Mu'ini, April 1966, pp. 1-15.

"Time and Predestination in Iqbal's View," (Urdu), Abbadullah Faruqi, April 1966, pp. 66-72.

"Whitehead on Historical Knowledge," Howards F. Didsbury, July 1965, pp. 1-19.

"Whitehead's Theory of History," Howards F. Didsbury, January 1966, pp. 1-22.

BOOK REVIEWS

"Islamic and Educational Studies," M. M. Sharif, C. A. Qadir, July 1965, pp. 95-97.

"Islamic Methodology in History," Fazlur Rahman, Abdul Hamid, July 1965, pp. 102-104.

"National Integration and Other Essays," M. M. Sharif, C. A. Qadir, July 1965, pp. 97-100.

"Studies in Aesthetics," M. M. Sharif, S. Abid Ali Abid, July 1965, pp. 100-101.

«کلیات اقبال» کی سرگذشت

۱۹۲۴ء میں جب علامہ اقبال اپنے اردو کلام کے پہلے مجموعہ "بانگ درا" کی اشاعت کا لاہور میں انتظام کر رہے تھے تقریباً اسی وقت مولوی عبدالرزاق صاحب ان کے اردو کلام کے ایک زیادہ مکمل مجموعہ کی اشاعت کے لیے حیدر آباد میں انتظامات کرنے میں مشغول تھے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ "بانگ درا" اور "کلیات اقبال" تقریباً ایک ہی وقت میں شائع ہوئیں۔ راقم الحروف کو "کلیات اقبال" پہلی بار دیکھنے کا موقعہ ۱۹۲۶ میں ملا۔ "بانگ درا" ہوتے ہوئے بھی "کلیات" اپنی دلچسپ دیباچہ اور نظموں کی ترتیب اور تعداد کے لحاظ سے جملہ متعلمین اقبال کے لیے دلچسپی کی حامل ہے۔ پھر بھی علامہ کی اردو نظموں کے دو مجموعوں کی بیک وقت اشاعت کا مطلب یہی ہو سکتا تھا کہ جس وقت مرحوم لاہور میں اپنے کلام بلاغت نظام کا مجموعہ اشاعت کے لئے تیار کر رہے تھے اسی وقت مولوی عبدالرزاق بغیر علامہ کو اطلاع کیے اپنے طور پر "کلیات" کی تیاری میں دکن میں مشغول تھے۔ قارئین کے ذہن میں یہی خیال آ سکتا تھا کہ شاید عبدالرزاق صاحب نے علامہ کی اجازت کے بغیر "کلیات" شائع کی تھی۔ اس خیال کو دو امور سے اور بھی تقویت ہوتی تھی۔ ایک تو علامہ کی بیشتر نظمیں مختلف رسالوں میں شائع ہو چکی تھیں اور ان کی اشاعت کے حقوق کے تحفظ میں قانونی نقطۂ نگاہ سے بہت سی خامیاں تھیں۔ لہٰذا قانون تحفظ حقوق کی رو سے بعض لوگوں کے خیال میں علامہ کی شائع شدہ نظموں کو دوبارہ شائع کرنے سے پہلے ان کی اجازت کی ضرورت نہ تھی۔ دوسرے ہندوستان کا قانون تحفظ حقوق اشاعت ریاست حیدر آباد میں کبھی نافذ نہیں ہوا تھا۔ لٰہذا اس قانون کے اطلاق کا سوال ہی نہیں اٹھتا تھا۔ پھر "کلیات اقبال" کی ہر دلعزیزی اور دلچسپی کے باوجود اس کے فاضل مرتب نے اس کا دوسرا ایڈیشن شائع نہیں کیا جس کا مطلب یہ ہی ہو سکتا تھا کہ شاید علامہ نے اس کی اشاعت کو پسندیدگی کی نگاہ سے نہیں دیکھا تھا۔ اس سے پہلے اسی قسم کا ایک واقعہ مولوی احمد دین کی

کتاب ''اقبال کی شاعری'' کا ہوا تھا جس میں علامہ کی بہت سی لغزشیں آ گئی تھیں۔ اسے علامہ نے ناپسند کیا تھا اور اس کے نتیجہ کے طور پر مولوی احمد دین صاحب نے تمام نسخوں کو نذر آتش کر دیا تھا۔

الغرض ضرورت اس امر کی محسوس ہوئی کہ ''کلیات اقبال'' کی اشاعت کی صحیح داستان دریافت کی جائے اور اصلی واقعات کو سپرد قلم کر دیا جائے تاکہ آئندہ نسلیں غلط فہمی میں مبتلا نہ ہوں۔ چونکہ ''کلیات اقبال'' پر ایک نظر ڈالنے سے یہ امر روشن ہو جاتا تھا کہ جناب عبدالرزاق صاحب نے اس گراں قدر مجموعہ کی ترتیب میں بے حد جگر سوزی سے کام لیا تھا اور اس کی طباعت پر ایک کثیر رقم بھی صرف کی تھی، لہٰذا یہ ہمارا ایک فرض تھا کہ عبدالرزاق صاحب کی خدمات کا اعتراف کر لیا جائے۔ اس کے ساتھ ہی راقم الحروف کو اپنے اس خیال پر کہ ''کلیات اقبال'' کو علامہ کی اجازت کے بغیر ہی شائع کیا گیا تھا اس قدر یقین واثق تھا کہ کبھی اس امر کی ضرورت ہی محسوس نہ ہوئی کہ اصل واقعات کی تحقیق کی جائے، حالانکہ خوبیٔ قسمت سے راقم الحروف کو برسوں جناب عبدالرزاق صاحب کی ہم نشینی کی سعادت نصیب رہی۔ مدت کے بعد علامہ کا ایک خط سر اکبر حیدری کے نام نظر سے گزرا جس میں علامہ نے اپنی اس خواہش کا اظہار کیا تھا کہ سر اکبر حیدری عبدالرزاق صاحب کو اس پر راضی کر لیں کہ وہ ''کلیات'' کو ریاست حیدرآباد سے باہر فروخت نہ کریں اور جب عبدالرزاق صاحب نے سر اکبر حیدری کی تحریک پر علامہ کی یہ تجویز منظور کر لی تو علامہ نے سر اکبر حیدری کو ایک شکریہ کا خط بھی لکھا تھا۔ ان خطوط سے یہ صاف ظاہر ہوتا تھا کہ عبدالرزاق صاحب نے ''کلیات'' کی اشاعت کی اجازت علامہ سے حاصل کر لی تھی۔ اگر ''کلیات'' علامہ کی اجازت سے شائع ہوئی تھی تو پھر سوال پیدا ہوتا تھا کہ تقریباً ایک ہی وقت میں ''بانگ درا'' کی لاہور سے اور ''کلیات'' کی حیدرآباد دکن سے اشاعت کے کیا معنی۔ ان تمام امور پر غور و خوض کے بعد راقم الحروف نے سوچا کہ ''کلیات'' کے متعلق صحیح واقعات کے معلوم کرنے کی صرف ایک ہی صورت تھی اور وہ یہ کہ خود مولوی عبدالرزاق صاحب سے رجوع کیا جائے۔ لہٰذا ایسا ہی کیا گیا۔ مولوی عبدالرزاق صاحب نے اپنے اخلاق کریمانہ سے جملہ استفسارات کا جواب عنایت فرمایا اور اپنے خطوں میں صرف ''کلیات اقبال'' ہی کے متعلق نہیں بلکہ چند اور امور پر بھی نہایت سود مند

روشنی ڈالی - پیشتر اس کے کہ ہم ان کے متعلق کچھ تحریر کریں یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ "کلیات اقبال" کی شان نزول کی بابت عبدالرزاق صاحب کا جواب ان ھی کی زبانی قارئین کرام کے گوش گزار کریں -

عبدالرزاق صاحب اپنے ۲۴ جون ۱۹۶۴ کے خط میں تحریر فرماتے ھیں:

"آپ کے استفسارات کا فقرہ وار جواب یہ ہے:

(۱) 'کلیات اقبال' میں نے علامہ اقبال کی تحریری اجازت کے بعد شائع کی تھی -

(۲) میں نے ایک ہزار روپے علامہ کو بطور رائلٹی دیے تھے - (خلیفہ عبدالحکیم کے ذریعہ رقم ادا کی گئی تھی - خلیفہ علی گڑھ میں میرے ہم جماعت تھے اور ہم کمرہ تھے اور حیدرآباد میں میرے مخلص دوستوں میں سے تھے -)

(۳) میں نے پانچ سو جلدیں چھپوائی تھیں - مگر مالک مطبع نے بد دیانتی سے ایک ہزار جلدیں. الگ طبع کر لی تھیں جس کا مجھے بر وقت علم نہ ہو سکا -

(۴) کوئی دو سو جلدیں مفت تقسیم کی گئیں - باقی تین سو پبلشر کو دے دی گئی تھیں جو وہ فروخت کرتا رہا -

(۵) علامہ کی خواھش کے احترام میں بیرون ریاست فروخت نہ کرنے پر میں رضا مند ہو گیا تھا -"

یہاں تک تو عبدالرزاق صاحب کا بیان ہو گیا - اب اس واقعہ کا حال جناب خلیفہ عبدالحکیم صاحب کی زبانی بھی سن لیجیے - خلیفہ صاحب فرماتے ھیں:

"عرصہ سے احباب مصر تھے کہ [علامہ] اپنا مجموعۂ کلام چھپواؤ لیکن وہ سن کر ٹال دیتے تھے - اس بارے میں یہاں تک ٹال مٹول ہوئی کہ حیدرآباد میں ایک صاحب نے اخباروں اور رسالوں سے ان کی تمام مطبوعہ نظمیں جمع کر کے، ان کی اجازت کے بغیر اور بغیر ان کو خبر کئے، ایک مجموعہ چھپوا کر فروخت کرنا شروع کر دیا جس سے وہ بہت برھم ہوئے - کوئی اچھا شاعر اپنے مختلف زمانوں کا کلام جوں کا توں شائع کرنا نہیں چاھتا - بعض نظموں کے متعلق وہ چاھتا ہے کہ دنیا انہیں فراموش کر دے، بعض اشعار میں رد و بدل کرتا ہے، کہیں کچھ مٹاتا ہے،

کہیں اضافہ کرتا ہے۔ کچھ نہ پوچھیے کہ ان صاحب نے کیا غضب کیا اور اقبال کو ان پر کس قدر غصہ آیا۔"[۱]

اب عبدالرزاق صاحب اور خلیفہ عبدالحکیم صاحب کے بیانوں میں مطابقت پیدا کرنے کی ایک ہی صورت ہے۔ یہ تو مسلم ہے کہ عبدالرزاق صاحب نے "کلیات اقبال" کی طباعت تو علامہ کی اجازت کے بغیر ہی کرا لی تھی مگر جب یہ معاملہ علامہ کو معلوم ہوا تو انھوں نے ایک ہزار روپیہ معاوضہ لے کر عبدالرزاق صاحب کو باقاعدہ اجازت مرحمت فرما دی، مگر اس اجازت کے بعد یہ شرط بھی عائد کر دی کہ "کلیات اقبال" صرف ریاست حیدرآباد میں فروخت کی جائے، باہر نہیں فروخت کی جائے۔

خلیفہ صاحب کا بیان اس لحاظ سے صحیح معلوم ہوتا ہے کہ علامہ نے بارہا اکثر اصحاب کو اپنے کلام کے مجموعہ کی اشاعت کی اجازت دینے سے انکار کر دیا تھا اور جیسا کہ ہم اوپر تحریر کر چکے ہیں، جب مولوی احمد دین صاحب نے ان کے کلام پر تبصرہ کے سلسلہ میں ان کا منتخب کلام شائع کر دیا تھا تو علامہ نے اس کو بھی پسند نہیں کیا تھا۔

یہاں پر ڈاکٹر محی الدین زور صاحب کی اس رائے کا ذکر بھی ضروری ہے جو صاحب موصوف نے "رہبر دکن" میں ظاہر فرمائی تھی۔ زور صاحب لکھتے ہیں: "اقبالیات کے بعض ماہر اب تک اس غلط فہمی میں مبتلا ہیں کہ حیدرآباد سے جو "کلیات" چھپا وہ علامہ اقبال کے علم و اطلاع کے بغیر چھپا تھا۔"[۲]

اب آئیے "کلیات اقبال" کی ترتیب پر نظر ڈالیں۔ "کلیات اقبال" کی بسم اللہ مولانا عبداللہ العمادی کی پاکیزہ تقریظ سے ہوئی ہے۔ جس وقت یہ تقریظ لکھی گئی تھی مولانا دارالترجمہ حیدرآباد میں ناظر کتب مذہبی کے عہدہ پر مامور تھے۔ یہ تقریظ مختصر مگر بصیرت افروز ہے۔ اس تقریظ میں مولانا ممدوح رقم طراز ہیں:

"لیکن اقبال کا دل وحی الٰہی کا آئینہ دار ہے۔ کشف غطا نے اس کے سامنے سے آسمان و زمین کے پردے اٹھا دیے ہیں اور اس کو صاف

---

۱ - "اقبال ریویو" جنوری ۱۹۶۶، ص ۱۳۲ -
۲- "رہبر دکن" ۱۳ مئی ۱۹۶۰ -

نظر آ رہا ہے کہ ۵۷۰ ہجری میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نظامی نے 'مخزن اسرار' میں جو فریاد کی تھی اس چودھویں صدی میں وہ دعا مستجاب ہونے کو ہے۔ توحید کی عنقریب آنے والی عظمت کا نظارہ اس کے روبرو ہے اور وہ 'محو حیرت ہے کہ دنیا کیا سے کیا ہو جائے گی'۔ ہر ایک اسلامی زبان کی شاعری میں یہ خصوصیت اقبال ہی کے لیے ودیعت تھی اور دنیا بھر میں یہی ایک حسان الہند ہے جو گوری شنکر (ایورسٹ) سے لے کر پیرنیز (Pyrenees) کی چوٹیوں تک اعلائے لوائے نبوی کے لیے قوم کو آمادہ کر رہا ہے۔''

فاضل مرتب نے ''کلیات'' میں ایک مختصر سی تقریب اور ایک مبسوط دیباچہ بھی شامل کیا ہے۔ تقریب چودہ صفحوں پر مشتمل ہے اور دیباچہ ۱۳۶ صفحوں پر۔ تقریب میں جناب مرتب فرماتے ہیں:

''لوگوں کو عام طور پر شاید یہ بات معلوم نہ ہو کہ ہندوستان کے ہر خطے میں چند اصحاب ایسے موجود ہیں جو یا تو حافظ اقبال ہیں یا نہایت شوق سے اقبال کا کلام جمع کرتے ہیں۔ میں بھی مدت سے ایک بیاض میں ان کی نظمیں جمع کر رہا تھا۔ اس بیاض کو لوگ مجھ سے مانگ کر لے جاتے تھے اور ان کو فائدہ پہنچانے کی خاطر اس کے مستعار دینے میں میں کبھی تامل نہ کرتا تھا لیکن یہ اتفاق سے گم ہو گئی۔ عجب نہیں جو کسی نے 'در کعبہ بدزد اگر بیابی' پر عمل کیا ہو۔ اس میں تقریباً دو سو نظموں کے علاوہ جن میں غزلیں بھی شامل تھیں اور بہت سا بکار آمد مواد تھا۔''

اس بیاض کے گم ہو جانے پر عبدالرزاق صاحب نے ہمت نہ ہاری اور انھوں نے دوبارہ کلام اقبال جمع کرنے پر ہمت باندھی۔ اس صورت حال کا تذکرہ وہ ان الفاظ میں کرتے ہیں:

''غرض یہ کہ جس بیاض میں یہ سارا مواد تھا اس کے کھو جانے اور کسی چھپے ہوئے مجموعہ کے نہ ملنے کے باعث نظمیں دوبارہ جمع کرنے لگا، مگر اس مرتبہ بہت کلام جو مجھے از بر تھا اپنے حافظہ سے لکھا۔ تھوڑی مدت میں پھر تقریباً ڈیڑھ سو نظمیں فراہم ہو گئیں۔ مداحان اقبال کی خواہش یہ تھی کہ یہی نظمیں ایک مجموعہ کی شکل میں چھپ جائیں۔ مولانا عمادی، مولوی نصیر احمد ایم۔ اے۔ پروفیسر عثمانیہ یونیورسٹی اور بہت سے دوستوں کی خواہش و اصرار، میرے قیام

والٹیر کے تاثرات اور چند ایسے احباب جن کی تفصیل یہاں غیر ضروری ہے خصوصیت کے ساتھ اس مجموعہ کی طباعت کے محرک تھے۔''

کلیات کی ترتیب خود مرتب کی زبانی یوں ہے: ''اس کتاب کے حسب ذیل چھ حصے ہیں:

اول: دیباچہ — جو ان ابواب پر منقسم ہے: (الف) اقبال کے مختصر حالات، (ب) اقبال کی شاعری، (ج) اقبال کی تصنیفات۔

دوم: مئے دو آتشہ یعنی غزلیات جن میں مشرقی اور مغربی شاعری کا امتزاج نہایت نفیس ہے۔

سوم: نکات — یعنی ظرافت آمیز لیکن خرد آموز اشعار۔

چہارم: نقش قدرت — یعنی مناظر قدرت کی جیتی جاگتی تصویریں۔

پنجم: فانوس حیات } پانچویں اور چھٹے حصوں کی نظمیں حقائق و معارف کا
ششم: شمع طور } گنجینہ ہیں۔ ہر حصہ کی ابتدا میں وہ نظمیں جو عام جذبات پر مبنی ہیں اور آخر میں وہ جن میں اقبال اسلامی لباس میں جلوہ گر ہیں۔

اس کتاب میں اقبال کے کم و بیش تین ہزار شعر ہیں۔''

دیباچہ جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا ہے مفصل اور عالمانہ ہے۔

اقبال کے حالات زندگی گو مختصر ہیں مگر ان میں بعض باتیں نہایت دلچسپ درج ہیں، مثلاً علامہ کی منکسر المزاجی کا ذکر کرتے ہوئے جناب مرتب لکھتے ہیں: ''باوجود ایسے یگانۂ روزگار ہونے کے اقبالؔ نے مولانا عبداللہ عمادی کو ایک خط میں لکھا تھا کہ اکبر نے تو یہ لکھا تھا کہ

کچھ الہ آباد میں ساماں نہیں بہبود کے
یاں دھرا کیا ہے بجز اکبر کے اور امرود کے

لیکن یہاں لاہور میں نہ تو اکبر ہیں نہ امرود، ایک اقبال ہے وہ بھی برائے نام۔'' اس خط کا مولانا عمادی نے خوب جواب دیا۔ فرماتے ہیں:

''تجھ پر اے پنجاب نازل ہوں خدا کی رحمتیں
اے کہ تو اقبال کی دولت سے مالا مال ہے
ہم نے مانا تو نہیں مسحور تہذیب فرنگ
تجھ میں سب کچھ ہے اگر اسلام اور اقبال ہے''

اقبال کی شاعری پر جو سیر حاصل بحث مرتب نے کی ہے وہ نہایت فاضلانہ اور مفصل ہے اور تقریباً ۱۰۶ صفحات پر مشتمل ہے ۔ اقبال کے طرز بیان کے متعلق جناب مرتب فرماتے ہیں : ''اپنے استاد مرزا داغ کی سلاست و سادگی زبان اختیار کرنے کی بجائے ان کا فارسیت پسند اور مشکل گو ہونا بادی النظر میں یہ گمان پیدا کرتا ہے کہ وہ طرز بیان میں مرزا نوشہ کے پیرو ہیں ۔ لیکن بہ نظر غائر دیکھیے تو صاف طور پر معلوم ہوگا کہ وہ قطعی کسی کی تقلید نہیں کرتے ۔ اپنا خاص اور ایسا دلآویز طرز رکھتے ہیں جو موجود زمانہ کے بڑے بڑے شاعروں پر غالب آ گیا ہے ۔

ز طرز دل کش اقبال می توان دریافت
کہ درس فلسفہ می دار و عاشقی ورزید

اس بارے میں سالک کا یہ قول صحیح ہے کہ علامہ اقبال نے اپنی حیات افروز شاعری سے شعر کی دنیا میں جو انقلاب عظیم پیدا کر دیا ہے وہ کسی سے مخفی نہیں ، لیکن انؐ کی غلط تقلید نے بہت سے نوجوان شاعروں کی کاوشیں برباد اور عمریں تباہ کی ہیں ۔ ان کے نزدیک اقبال کی تقلید صرف اس میں ہے کہ فارسی کی چند ترکیبیں جمع کر کے ایک نظم تیار کر دی جائے ۔ اس میں معنی نہ ہوں ، اس میں شاعرانہ بلند خیالی اور فطرت کی صحیح مصوری نہ ہو ، اس کی پروا نہیں لیکن 'شعر گفتن ضرور است' — حقیقت میں یہ دنیا کے بہت بڑے شاعر کی علامت ہوتی ہے کہ وہ اپنی راہ آپ نکال لے ۔ کسی کی تقلید سے اس کا رنگ سخن بری ہو اور خود اس کے رنگ کی پیروی کسی سے کماحقہ نہ ہوسکے ۔''

''خصوصیت شاعری'' کے تحت فاضل مرتب نے کلام اقبال پر نہایت بصیرت افروز بحث کی ہے ۔ اس سلسلہ میں فرماتے ہیں : ''اقبال کے کلام کا بغور مطالعہ کیجیے تو آپ محسوس کریں گے کہ ایک شعر کی دیبی نغمہ خواں ہے ۔ میر کا سوز و گداز ، غالب کی جدت و اجتہاد ، مومن کی نازک خیالی ، ذوق کی روایتی روانی و صفائی ، درد کی تاثیر و دلآویزی ، شیکسپیر کی فطرت نگاری ، ملٹن کی پرواز فکر ، شیلے کی شیریں کلامی ، ورڈز ورتھ کی نیچر پرستی ، ٹینیسن کی فصاحت ، کولرج کی موسیقی ، کوپر کا تخیل اور گوئٹے کی حکمت شعاری — یہ سب ان کے کلام میں جمع ہیں ۔ یہ ان کے کمال فن کی دلیل ہے کہ وہ باہمہ اور بے ہمہ ہیں یعنی وہ کسی کی تقلید

نہیں کرتے تاہم دوسرے اساتذۂ فن کے رنگ میں شعر کہنے پر ایسی ہی قدرت رکھتے ہیں جیسی اپنے طرز کلام پر۔"

الغرض دیباچہ فن تنقید کے لحاظ سے اتنا دلچسپ ہے کہ تعجب ہوتا ہے کہ کسی ناشر نے اس کو علحدہ رسالہ کی صورت میں شائع نہیں کیا۔ فاضل مرتبؒ نے کلام اقبال پر جو رائے زنی کی ہے وہ ادبی تنقید کے اصولوں پر مبنی ہے اور مشرق و مغرب کی شاعری پر اس کی وسیع النظری کا ثبوت دیتی ہے۔ تنقید کلام اقبال کے علاوہ مرتب نے دیباچہ میں بعض ایسی باتوں کا ذکر کیا ہے۔ جن تک آج متعلمین اقبال کی رسائی مشکل ہے۔ آل انڈیا محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس (۱۹۱۱) کے موقع پر مولانا شبلی نے علامہ کو قوم کی جانب سے پھولوں کے ہار پہنائے تھے۔ اس موقع پر مولانا نے ایک تقریر بھی کی تھی۔ اس تقریر میں مولانا نے فرمایا تھا: "یہ رسم کوئی معمولی رسم نہیں ہے اور اس کو محض تفریح نہ تصور کرنا چاہیے۔ ہم مسلمانوں کا یہ شعار رہا ہے کہ ہم جس قدر قوم کی دی ہوئی عزت اور خطابات کی قدر کرتے رہے ہیں اتنی کسی اور عزت کی شہرت ہمارے ناموں کے ساتھ نہیں ہوئی۔ محقق طوسی وغیرہ کو اس زمانے کے سلاطین نے بڑے بڑے خطابات دیے لیکن آج سوا کتابوں کے اوراق کے کسی کی زبان پر نہ چڑھ سکے لیکن قوم کی طرف سے محقق کا جو خطاب دیا گیا وہ آج تک زبان زد خاص و عام ہے۔ جو عزت قوم کی طرف سے آج ڈاکٹر اقبال کو دی جاتی ہے وہ ان کے لیے بڑی عزت اور فخر کی بات ہے اور حقیقت میں وہ اس عزت کے مستحق ہیں۔ ڈاکٹر اقبال کے کلام اور ان کی شاعری کا معیار غالب کی شاعری سے کیا جائے تو مبالغہ نہیں ہوسکتا۔"

سردار امراؤ سنگھ گل علامہ اقبال کے کلام کے بہت بڑے مداح تھے اور علامہ سے ان کے تعلقات بھی نہایت دوستانہ تھے۔ چنانچہ علامہ کی برگسان سے پیرس میں ملاقات کا انتظام بھی انھوں نے کیا تھا۔ سردار صاحب بڑے سخن فہم تھے اور وہ علامہ کی شاعری پر گاہے گاہے اپنے خیالات کا اظہار بھی کیا کرتے تھے۔ مولوی عبدالرزاق صاحب نے قارئین کی دلچسپی کے لیے سردار صاحب کے ایک مضمون سے اقتباس شامل دیباچہ کیا ہے۔ اس مضمون میں سردار صاحب فرماتے ہیں:

"اقبال کا کلام بھگوت گیتا سے کم نہیں جس کا لب لباب یہ ہے کہ جماعت اسلامی کی بقا اور ترقی کے لیے اس مذہبی فلسفہ سے کام

لینا چاہیے جس سے علحدہ ہو کر اور جس کو نظر انداز کرکے سوسائٹی یکسر برباد و تباہ ہو جاتی ہے۔۔۔ اکثر اپنے دوست سر ذوالفقار کے مکان پر میں نے اقبال کو ایسی خوشگوار اور دلکش فضا میں لپٹے ہوئے دیکھا ہے جس کے محسوس کرنے کے لیے تخیل کی ضرورت نہیں۔ ایسے اوقات میں ان کے نغمہ ہائے شیریں کے شروع ہونے سے پہلے گفتگو خود بخود بند ہو جایا کرتی ہے۔ ممکن ہے کہ بعض ایسے لوگ بھی ہوں جو ان کے ترانوں سے وجد میں نہ آتے ہوں، لیکن میرے خیال میں کوئی ایسا فرد بشر نہ ہوگا۔ وہاں تو یہ کیفیت ہوتی تھی کہ عالم بالا کی خالص اور چھلکتی ہوئی شراب طہور کا مزا آتا تھا اور پیاپے جام کی طلب ہوتی تھی"۔

الغرض دیباچہ ایک مستقل تصنیف کی حیثیت رکھتا ہے اور "گو آج "کلیات اقبال" کی حیثیت پرستاران اقبال کے لیے صرف تبرکانہ ہے اور بس"، مگر تقریب اور دیباچہ ایسے بیش بہا خیالات اور ایسی شاندار معلومات سے مملو ہیں کہ متعلمین اقبال ان کو ہمیشہ دلچسپی سے پڑھیں گے۔

جب "بانگ درا" شائع ہوگئی تو قدرتی بات تھی کہ علامہ کو کاروباری اصول کے لحاظ سے خیال آتا کہ "کلیات" کی فروخت ایک محدود رقبہ میں متعین کر دی جائے تاکہ اس کی اشاعت "بانگ درا" کی فروخت پر اثر انداز نہ ہو۔ اس کے علاوہ جناب حامد علی صاحب نے راقم الحروف کو بتایا کہ علامہ کا "بانگ درا" کی طباعت پر کافی صرفہ ہوا تھا اور اس رقم کی وصول یابی میں کافی عرصہ لگا۔ اس کے علاوہ فروخت کی جھنجھٹوں کے لیے علامہ کے پاس وقت کہاں تھا۔ لہٰذا علامہ نے پورے دو ہزار نسخے شمس العلما مولوی ممتاز علی کی فرم کے سپرد کر دیے تھے اور مولوی صاحب کی فرم نے اپنی کمیشن وضع کرکے کتابوں کی قیمت علامہ کو یکمشت ادا کر دی تھی۔ ممتاز علی و فرزندان کی فرم کو جب معلوم ہوا ہوگا کہ دکن سے "کلیات اقبال" علامہ کی اجازت سے ادائیگی رائلٹی کے بعد شائع ہوئی ہے تو کاروباری نقطۂ نظر سے ان کو خیال آیا ہو گا کہ کوشش کی جائے کہ "کلیات اقبال" کی فروخت صرف ریاست حیدر آباد تک محدود کرا دی جائے۔ علامہ نے سر اکبر حیدری کو، جو اس وقت حیدر آباد میں صدر المہام مالیات کے عہدہ پر فائز تھے، خط لکھا کہ مولوی عبدالرزاق صاحب کو اس شرط پر راضی کر لیں۔ مولوی صاحب موصوف

کی غرض ''کلیات'' کی اشاعت سے مالی منفعت تو تھی نہیں اور انھوں نے اپنی دانست میں تو صرف پانچ سو نسخے طبع کرائے تھے جن میں سے بھی دو سو وہ علم دوست احباب میں تقسیم کر چکے تھے لہذا انھوں نے علامہ کی شرط بلا تامل قبول کر لی۔ جب اس صورت حال سے سر اکبر حیدری نے علامہ کو اطلاع دی تو علامہ نے شکریہ کا جو خط لکھا تھا اس کا ترجمہ مرقومہ ذیل ہے:

ڈیر مسٹر حیدری — آپ کے خط کا جس کے ساتھ مسٹر عبدالرزاق کا مکتوب منسلک تھا بہت شکریہ۔ مجھے رقم کی ادائیگی کے سلسلہ میں ان کی مہلت منظور ہے۔ افسوس کہ مجھے اس کی برطانوی ہندوستان سے باہر فروخت پر اصرار کرنا پڑا — میرا مطلب سلطنت نظام سے ہے — کیونکہ جن لوگوں سے مجھے معاملہ کرنا ہے وہ اس شرط کے بغیر معاہدہ کے لیے تیار نہ ہوں گے اور میں بھی ان کے نقطۂ نظر سے اسے درست جانتا ہوں۔ مجھے امید ہے کہ اب وہ لوگ معاہدہ کی تکمیل کر لیں گے، حالانکہ مجھے یہ بھی خطرہ ہے کہ وہ مجھے ذاتی طور پر ایک ہزار روپے کی ادائیگی کا بھی ذمہ دار ٹھہرائیں گے۔ مجھے امید ہے عبدالرزاق صاحب نے یہ محسوس کر لیا ہوگا کہ مجھے اس فیصلے سے جو آپ کی مہربانی سے طے پایا ہے کوئی فائدہ نہیں ہو رہا۔ ان تمام تکلیفوں کا جو آپ نے اٹھائی ہیں شکریہ۔

آپ کا مخلص
محمد اقبال[۳]

اہل علم حضرات نے ''کلیات اقبال'' کا استقبال کس طرح کیا قابل غور ہے۔ ریاست حیدر آباد سے باہر اگرچہ ''کلیات'' کی فروخت بند تھی تاہم عبدالرزاق صاحب نے تحفۃً ''کلیات'' کے نسخے ہندوستان میں اور بیرون ہندوستان اکثر ارباب ذوق کو بھجوائے۔ ان میں سے اکثر اصحاب نے اپنی رائے سے عبدالرزاق صاحب کو مطلع کیا تھا۔ پروفیسر نکلسن (مترجم ''اسرار خودی'') نے کیمبرج سے لکھا:

''آپ کے انتخابات اقبال کی ہمہ گیر تنقید زندگی کی ایک عمدہ تصویر پیش کرتے ہیں اور ان کی ترتیب میں آپ کے ذوق سلیم کا پتہ چلتا ہے۔'' [اصل خط انگریزی میں تھا۔]

۳- ملاحظہ ہو ''اقبال ریویو'' جولائی ۱۹۶۲ — ص ۸۴-۸۵۔

ملک کے مایۂ ناز عالم نواب عماد الملک بہادر نے لکھا:

''مجھ کو 'کلیات اقبال' پڑھ کر بے حد مسرت ہوئی۔ میرا خیال ہے گذشتہ ایام میں مجھ کو کسی کتاب کے مطالعہ سے اتنی خوشی نہیں ہوئی جتنی آپ کے طویل اور پر از معلومات دیباچہ کے مطالعہ سے ہوئی۔''

نواب سر امین جنگ نے ایک خط میں اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا:

''میں آپ کو علامہ اقبال کی نظموں پر جو فاضلانہ دیباچہ لکھا ہے اس پر مبارک باد دیتا ہوں۔ یہ دیباچہ جتنا مبسوط ہے اتنا ہی فاضلانہ ہے۔ میری رائے میں آپ نے اردو ادب کی بڑی خدمت انجام دی ہے۔''

چونکہ نواب سر امین جنگ کے علامہ اقبال سے نہایت مخلصانہ تعلقات تھے انھوں نے ''کلیات'' کی بابت ایک خط علامہ کو بھی لکھا۔ اس خط میں وہ تحریر فرماتے ہیں:

''پیارے سر محمد اقبال — میری سمجھ میں نہیں آتا ہے کہ آپ کی نظموں کا جو دیدہ زیب ایڈیشن ہمارے نائب صدر محاسب نے ایک بصیرت افروز دیباچہ کے ساتھ شائع کیا ہے اس پر آپ کا شکریہ ادا کروں یا مبارکباد دوں۔ مجھ پر شکریہ اس لیے واجب ہے کہ آپ نے اپنے اشعار کو ہم ساکنانِ دکن کے دلوں پر اس طرح اثر انداز ہونے کا موقع دیا۔ ساتھ ہی ساتھ میں یہ بھی محسوس کرتا ہوں کہ آپ کو اس خراج عقیدت پر مبارکباد دوں جو دکن نے شاعر اسلام کو اپنا کر آپ کی خدمت میں پیش کیا ہے۔ خداوند کریم آپ کو درازیٔ عمر عطا کرے تاکہ آپ مسلمانان عالم کو رفعت سرمدی سے روشناس کرتے رہیں۔'' [اصل خط انگریزی میں تھا۔]

عبدالرزاق صاحب کا بیان ہے کہ بابائے اردو مولانا عبدالحق، مولانا سلیمان ندوی، مولانا مائل اور دیگر علما و فضلا نے بھی ''کلیات'' اور اس کے دیباچہ کی بے حد ستائش کی تھی جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اکثر اصحاب ذوق کی نظروں میں ''کلیات اقبال'' ''بانگ درا'' کے ہوتے ہوئے بھی اقبالیات کے سلسلہ میں ایک کارآمد خدمت تھی۔ اب چونکہ علامہ کی وہ نظمیں جو ''بانگ درا'' میں نہیں رہیں ''باقیات اقبال'' یا ''سرود رفتہ'' میں طبع ہو چکی ہیں ''کلیات'' کی ضرورت تو نہیں رہی، مگر جیسا کہ عرض کیا

جا چکا ہے دیباچہ کی اشاعت کی ضرورت باقی ہے - راقم الحروف کی رائے ہے کہ اگر پاکستان کا کوئی ناشر عبدالرزاق صاحب سے دیباچہ کی اشاعت کی اجازت طلب کرے تو ان کو اجازت دینے میں کسی قسم کا تامل نہ ہوگا - (ویسے بھی قانون تحفظ حقوق مصنفین تو حیدرآباد اور پاکستان کے مابین نافذ ہی نہیں ہے -)

مولوی عبدالرزاق صاحب نے ''کلیات اقبال'' کے متعلق استفسارات کا جواب دیتے ہوئے بعض دلچسپ باتیں تحریر فرمائی ہیں - ان کو علامہ اقبال کی خدمت میں حاضری کا موقعہ تین بار ملا تھا - پہلی ملاقات سر اکبر حیدری کے مکان پر ۱۹۱۰ میں ہوئی تھی - علامہ نے سر اکبر حیدری سے خواہش کی تھی کہ وہ ان کی حضرت نظم طباطبائی سے ملاقات کا انتظام کرا دیں - چنانچہ سر اکبر نے علامہ کی حضرت نظم کے ساتھ ملاقات کا انتظام عبدالرزاق صاحب کے توسط سے کیا - اس ملاقات کے وقت خود عبدالرزاق صاحب بھی موجود تھے - علامہ نے جب حضرت نظم سے کلام سنانے کی فرمائش کی تو انہوں نے یہ اشعار سنائے:

پردۂ ظلمت سے نکلا روئے سلمائے سحر
ناقۂ گردوں کی کھینچی لیلیٰ شب نے مہار

ہے شفق یا وادئ فیروزہ گوں میں لالہ زار
ہے سحر یا سبزۂ زار آسماں میں آبشار

چاہ سے نکلے ہیں یوسف یا ہے تارا صبح کا
یا بنا گوشِ زلیخا میں ہے در شاہوار

آفتاب آیا نظر سر در گریبان افق
ہو گئی غائب شب یلدا ہوئی صبح آشکار

آتش افروزی جو کی مشرق میں پیر صبح نے
ہوگیا مغرب میں پنہاں ساحر زناز دار

آنکھ ابھی محو تماشا تھی کہ بجھ کر رہ گئے
یا الٰہی جلوۂ انجم تھا یا رقص شرار

حضر خاور میں ہوئی فوج کواکب جا گزیں
ہوگیا لشکر پہ غالب ایک ترک نیزہ دار

مولوی عبدالرزاق صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ حضرت نظم کے اشعار سن کر علامہ اقبال عش عش کر رہے تھے اور ان پر اتنا اثر ہوا کہ ان کی طبیعت میں ہیجان پیدا ہوا اور انہوں نے اسی زمین میں اسی موضوع یعنی ''طلوع سحر'' پر خود بھی ایک نظم کہہ ڈالی جس میں اپنے قیام حیدر آباد کے دوران مہاراجہ کشن پرشاد کی نوازشوں کا ذکر بھی کیا - یہ نظم ''نمود صبح'' کے نام سے ''بانگ درا'' میں موجود ہے مگر اس کے بہت سے اشعار علامہ نے ''بانگ درا'' میں سے طباعت کے وقت حذف کر دیے - پوری نظم ''کلیات اقبال'' میں موجود ہے - اصل نظم ۱۹۱۰ کے ''مخزن'' میں شائع ہوئی - نظم کے ساتھ علامہ نے یہ شذرہ بھی تحریر کیا تھا:
''گذشتہ مارچ ۱۹۱۰ میں مجھے حیدر آباد جانے کا اتفاق ہوا اور وہاں آستانۂ وزارت پر حاضر ہونے اور عالی جناب ہز ایکسیلنسی مہاراجہ سر کشن پرشاد بہادر جی - سی - آئی - ای - یمین السلطنت پیش کار وزیراعظم دولت آصفیہ المتخلص بہ شاد کی خدمت با برکت میں باریاب ہونے کا فخر بھی حاصل ہوا - ہز ایکسیلنسی کی نوازش کریمانہ اور وسعت اخلاق نے جو نقش میرے دل پر چھوڑا وہ میری لوح دل سے کبھی نہ مٹے گا - مزید الطاف یہ کہ جناب ممدوح نے میری روانگیٔ حیدر آباد سے پہلے ایک نہایت تلطف آمیز خط لکھا اور اپنے کلام شیریں سے بھی شیریں کام فرمایا - ذیل کے اشعار اس عنایت بے غایت کے شکریہ میں دل سے زبان پر بے اختیار آ گئے - انہیں زبان قلم کی وساطت سے جناب مہاراجہ صاحب بہادر کی خدمت میں پہنچانے کی جرأت کرتا ہوں -'' اس نظم میں اڑتیس اشعار تھے - مگر اب ''بانگ درا'' میں صرف نو اشعار ''نمود صبح'' کے عنوان سے شائع ہوئے ہیں - جو اشعار حذف کر دیے گئے ہیں ان میں سے چند یہاں قارئین کرام کی تفریح طبع کی خاطر نقل کیے جاتے ہیں -

کیا کہوں اس بوستان غیرت فردوس کی
جس کے پھولوں میں ہوا اے ہم نوا میرا گزار

جس کے ذرے مہر عالم تاب کو سامان نور
جس کی طور افروزیوں پر دیدۂ موسیٰ نثار

خطۂ جنت فضا جس کے ہے دامن گیر دل
عظمت دیرینۂ ہندوستان کی یادگار

جس نے اسم اعظم محبوب کی تاثیر سے
وسعت عالم میں پایا صورت گردوں وقار

نور کے ذروں سے قدرت نے بنائی یہ زمیں
آئنہ ٹپکے دکن کی خاک اگر پائے فشار

آستانہ پر وزارت کے ہوا میرا گذر
بڑھ گیا جس سے مرا ملک سخن میں اعتبار

نقش وہ اس کی عنایت نے مرے دل پر کیا
محو کر سکتا نہیں جس کو مرور روزگار

شکریہ احسان کا اے اقبال لازم تھا مجھے
مدح پیرائی امیروں کی نہیں میرا شعار

مولوی عبدالرزاق صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ حضرت نظم طباطبائی سے گفتگو کے دوران علامہ "جی ہاں" کی بجائے "ہاں جی" فرماتے تھے - اس کے متعلق ملاقات کے بعد حضرت نظم نے فرمایا تھا کہ یہ پنجاب کی بود و باش کا اثر ہے -

یہاں ایک اور امر قابل ذکر ہے - جیسے کہ قارئین کرام کو معلوم ہوگا علامہ نے اسی زمانہ میں ایک اور نظم حیدرآباد میں لکھی تھی جس کا عنوان ہے "گورستان شاہی"- اس نظم کے بعض اشعار میں انگریزی شاعر گرے کی مشہور نظم "گور غریباں" کا اثر نمایاں ہے- اس نظم کا ایک بے نظیر ترجمہ حضرت نظم طباطبائی نے کیا ہے - نظم "گورستان شاہی" تو علامہ نے گولکنڈہ کے قبرستان شاہی کے ماحول سے اثر پذیر ہو کر لکھی تھی مگر اغلب یہ ہے کہ گرے کی نظم میں جن احساسات کا اظہار کیا گیا ہے ان کی طرف علامہ کی توجہ جناب نظم طباطبائی کی ملاقات سے ہی ہوئی ہوگی- الغرض یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ حضرت نظم سے ملاقات نے علامہ کی طبیعت میں ہیجان پیدا کیا جس نے دو معرکۃ الآرا نظمیں ان سے لکھوا دیں اور کم سے کم "طلوع سحر" (جو بعد میں "بانگ درا" میں "نمود صبح" کے عنوان سے شائع ہوئی) کی شان نزول کی داستان تو ہم تک جناب عبدالرزاق کی وساطت سے پہنچی ہے -

الغرض ہر متعلم اقبال کو جناب عبدالرزاق صاحب کا تہ دل سے شکر گزار ہونا چاہیے کہ انھوں نے جناب نظم طباطبائی اور حضرت اقبال کی

دلچسپ ملاقات کا حال اور علامہ کی ایک مشہور نظم ''نمود صبح'' کی شان نزول کے متعلق بیش بہا معلومات بہم پہنچائیں۔

جب علامہ ''خطبات مدراس'' کے سلسلہ میں حیدر آباد ۱۹۲۹ میں تشریف لے گئے تو مولوی عبدالرزاق صاحب ان کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ صاحب موصوف کا بیان ہے کہ علامہ مرحوم نے ان سے بوقت ملاقات فرمایا: ''آپ نے جو میری نظموں کا دیباچہ لکھا ہے آپ کے کلچر اور نصب العین کا پتہ دیتا ہے۔ میں اس کے لیے آپ کا کماحقہ شکریہ ادا کرنے سے قاصر ہوں۔'' مولوی عبدالرزاق صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ علامہ کے اصل فقرات انگریزی میں تھے۔ اس کے جواب میں عبدالرزاق صاحب نے عرض کیا: آپ نے ''کلیات'' کی اشاعت کی جو اجازت عطا کی اس کے لیے میں سراپا سپاس ہوں، اور حقیقت یہ ہے کہ ''کلیات'' شعرائے دکن کے حق میں اکسیر ثابت ہوئی ہے اور انہوں نے اس سے کماحقہ استفادہ کیا ہے۔ اس کے مطالعہ سے شعرائے دکن کی کایا پلٹ ہو گئی ہے اور شاعری کی پگڈنڈی ہی بدل گئی ہے۔ جیسا کہ ہم پہلے لکھ چکے ہیں مولوی عبدالرزاق صاحب نے دیباچہ ۱۹۲۳ میں تحریر فرمایا تھا۔ اس وقت علامہ کے متعلق بہت کم تصنیفات شائع ہوئی تھیں اور ان کے متعلق معلومات حاصل کرنے میں کافی دشواریاں تھیں۔ لہذا عبدالرزاق صاحب سے چند غلطیاں بھی سر زد ہو گئی ہیں، مثلاً انہوں نے علامہ کا سن ولادت ۱۸۷۵ لکھ دیا ہے۔ بہر کیف یہ امر مسلم ہے کہ متعلمین اقبال کے لیے ''کلیات اقبال'' میں بڑی دلچسپی کا سامان موجود ہے، خصوصاً مولانا عمادی کی تقریظ اور جناب عبدالرزاق صاحب کے دیباچہ میں۔

''کلیات'' کے متعلق جو معلومات حاصل ہوسکیں وہ ہدیۂ ناظرین کر دی گئی ہیں۔ اگر آئندہ کچھ مزید تحریری شواہد دستیاب ہوئے تو منقولہ بالا خیالات و آرا کی مناسب ترمیم و تصریح کر دی جائے گی۔

— سید عبدالواحد معینی

اقبال اور مثنوی

اقبال نے اپنی فارسی شاعری کو مثنوی سرائی سے شروع کیا اور اپنی پہلی دو مثنویوں ''اسرار خودی'' اور ''رموز بیخودی'' کو یکے بعد دیگرے شایع کیا۔ ''اسرار خودی'' کے انگریزی ترجمے کے ساتھ ھی اسے بین الاقوامی شہرت حاصل ھوگئی اور وہ فیلسوف مشرق کے نام سے پہچانا گیا۔ اس امر کی وجہ کہ اقبال نے فارسی شاعری کو مثنوی سرائی سے شروع کیا اور اپنے کلام کے بیشتر حصہ کے لیے مثنوی کو مخصوص کیا یہ تھی کہ اسے دنیا کے عظیم الشان مثنوی سرا جلال الدین محمد مولوی کے ساتھ ایک والہانہ عقیدت اور ارادت تھی جو اقبال کی آخری عمر تک روز بروز شدت اختیار کرتی گئی۔ اسی عقیدت و عشق کے تحت وہ مولانا کو اپنا مرشد اور راھنما قرار دیتا ھے اور علم و ادب اور تصوف و عرفان میں اپنی تمام ترقی کو اسی رھبر عالی مقام کی ھدایت کا نتیجہ سمجھتا ھے۔ اگرچہ مغرب کے بہت سے شعرا اور حکما مثلاً شیکسپیر، شاپن ھاور، نیٹشے، گوئٹے، آئن سٹائن، ٹالسٹائے، ھیگل، بیکن، برگساں اور کانٹ وغیرہ اور اسی طرح مشرق کے فلاسفہ اور متصوف شعرا مثلاً فخر الدین رازی، فارابی، طوسی، سنائی، عطار، عراقی، منصور حلاج، غزالی، محمود شبستری، حافظ، سعدی، جامی، عرفی، نظیری، غنی، صائب اور غالب وغیرہ نے اس کو کافی حد تک متاثر کیا، لیکن کوئی بھی اسے جلال الدین رومی کی طرح اپنا شیفتہ اور گرویدہ نہ بنا سکا۔

اقبال نیٹشے کی تعریف کرتا ھے مگر صرف وھیں تک جہاں وہ شجاعت، شہامت، قدرت اور طاقت سے بحث کرتا ھے، اسی طرح حافظ کا استقبال کرتا ھے لیکن صرف اس حد تک جہاں حافظ فن شاعری کے معجزے دکھاتا ھے، لیکن رومی کو وہ اول سے آخر تک چاھتا ھے اور تمام حکیمانہ اور عرفانی مسائل میں اسی کا سہارا لیتا ھے۔ اقبال نے اپنی تمام فارسی، اردو اور انگریزی تالیفات میں اپنے آپ کو رومی کا مرھون منت قرار دیا ھے اور ''گلشن راز جدید'' کے سوا جو اس نے محمود شبستری کے جواب میں بحر ھزج مسدس

محذوف میں کہی باقی تمام مثنویاں یعنی ''اسرار خودی''، ''رموز بیخودی'' ''بندگی نامہ''، ''جاوید نامہ''، ''مسافر''، ''پس چہ باید کرد اے اقوام شرق'' بحر رمل مسدس محذوف یعنی حضرت مولانائے روم کی مالوف بحر میں کہی ہیں اور ضرورت کے مطابق ان کے اشعار کو اپنے نظریات کے اثبات کے لیے بطور دلیل تضمین کیا ہے - اگرچہ ''جاوید نامہ''، ''مسافر''، ''پس چہ باید کرد'' اور ''بندگی نامہ'' موضوع اور مضمون کے اعتبار سے، مولانا کی مثنوی سے بظاہر مختلف ہیں، لیکن ان مثنویوں میں کہیں بھی اقبال کے افکار کا رشتہ مولانائے روم سے منقطع نہیں ہوتا - صرف ماحول اور زمانے کے تقاضے کے مطابق اقبال نے اپنا شیوۂ بیان کہیں کہیں بدلا ہے ورنہ وہ وہی جلال الدین رومی ہے جو آج سے سات سو برس پہلے انسان کو عقائد حقانی اور حقائق اسلامی کی طرف دعوت دیا کرتا تھا - چنانچہ اقبال کہتا ہے :

چو رومی در حرم دادم اذان من ازو آموختم اسرار جان من
بدور فتنۂ عصر کہن او بدور فتنۂ عصر رواں من[1]

وہ رومی کے الطاف و اکرام کو اپنے حق میں یوں بیان کرتا ہے :

باز برخوانم زفیض پیر روم دفتر سربستہ اسرار علوم
جان او از شعلہ ہا سرمایہ دار من فروغ یک نفس مثل شرار
شمع سوزان تاخت بر پروانہ ام بادہ شبخون ریخت بر پیمانہ ام
پیر رومی خاک را اکسیر کرد از غبارم جلوہ ہا تعمیر کرد
ذرہ از خاک بیابان رخت بست تا شعاع آفتاب آرد بدست
موجم و در بحر او منزل کنم تا در تابندۂ حاصل کنم
من کہ مستی ہا زصہبایش کنم زندگانی از نفس ہایش کنم[2]

رومی اقبال سے اس قدر نزدیک ہے کہ جب بھی اقبال کا فکر بعض فلسفیوں سے مسحور ہوا ہے اور اس کی کشتی عقل فلسفہ و الحاد کے اوقیانوس میں ڈگمگانے لگی ہے تو رومی فوراً اس کی امداد اور ہدایت کے لیے خضر وار پہنچا ہے اور اس کے سفینۂ ادراک کو عشق و ایمان کے ساحل پر لگایا ہے - وہ اپنی ایک عمدہ نظم ''جلال و ہیگل'' میں رومی کے تصرفات

---

۱ - ''ارمغان حجاز'' ص ۷۷ -
۲ - ''اسرار خودی'' ص ۷، ۸ -

کو بیان کرتے ہوئے لکھتا ہے:

می کشودم شبی بناخن فکر عقده هائے حکیم الهانی
آنکه اندیشه اش برهنه نمود ابدی را زکسوت آنی
پیش عرض خیال او گیتی خجل آمد زتنگ دامانی
چون بدریائے او فرو رفتم کشتیٔ عقل گشت طوفانی
خواب بر من دمید افسونی چشم بستم، ز باقی و فانی
نگه شوق تیز تر گردید چهره بنمود پیر یزدانی
آفتابے که از تجلی او افق روم و شام نورانی
شعله اش در جهان تیرهٔ نهاد به بیابان چراغ رهبانی
معنیٔ از حرف او همی روید صفت لاله های نعمانی
گفت با من، چه خفتهٔ برخیز! به سرائے سفینه می رانی؟

"به خرد راه عشق می پوئی؟
به چراغ آفتاب می جوئی؟"[۳]

"جاوید نامہ"[۴] میں جو اقبال کی آسمانی معراج کی داستان ہے شروع سے آخر تک رومی ایک رہنما اور رہبر کی طرح اس تمام علوی سفر و سیاحت میں اس کا ہاتھ پکڑے ہوئے منزل مقصود کی طرف راہنمائی کرتا ہے اور اس ڈرامے کے تمام مختلف سین اسی عارف الٰہی کی نگرانی میں انجام پاتے ہیں۔ رومی مختلف افلاک میں بعض مشہور اشخاص کی ارواح سے اقبال کا تعارف کراتا ہے۔ شاعر مشرق "جاوید نامہ" کے آخر میں اپنے فرزند سے مخاطب ہو کر اسے یوں نصیحت کرتا ہے:

پیر رومی را رفیق راه ساز تا خدا بخشد ترا سوز و گداز
زانکه رومی مغز را داند زپوست پای او محکم فتد در کوی دوست!
شرح او کردند و او را کس ندید معنیٔ او چون غزال از ما رمید[۴]

اسی طرح اقبال کے تمام گراں مایہ آثار رومی کی تجلیل و تمجید سے مملو ہیں جن میں سے ہم نے دو چار مثالیں پیش کی ہیں۔ ان چند مندرج ابیات سے اقبال کے افکار میں اس عارف آفاق کے اثر و نفوذ کا کسی حد تک اندازہ لگایا جا سکتا ہے، اور سچ تو یہ ہے کہ یہ "مثنوی معنوی" کا گہرا

---

۳ - "پیام مشرق" ص ۲۴۲، ۲۴۳ -

۴ - "جاوید نامہ" ص ۲۴۴، ۲۴۵ -

اثر تھا جس نے اقبال کو فارسی شاعری پر مجبور کیا اور اس کے دل میں ایسی شمع اشتیاق روشن کر دی جس کے نتیجے کے طور پر اقبال اپنے ذی قیمت افکار کو عصر جدید کی ضروریات کے مطابق نئے اسالیب میں پیش کر سکا۔ چنانچہ اس نے اپنی پہلی دو مثنویوں کو اسلوب کے ہر اعتبار سے مثنوی مولانا کی تقلید میں لکھا ہے اور اپنے والا مقام رہنما کی طرح سادہ و رواں الفاظ اور تمثیلات سے استفادہ کیا ہے حتیٰ کہ اغلاط کے بارے میں بھی اقبال نے رومی کا مستقبال کیا ہے۔ چنانچہ سید سلیمان ندوی نے ''رموز بیخودی'' کے بعض اشعار پر فنی لحاظ سے تنقید کی تو اقبال نے جواب میں لکھا: ''قوافی کے متعلق جو کچھ آپ نے لکھا ہے صحیح ہے۔ قاعدہ بھی یہی ہے جو آپ تحریر فرماتے ہیں۔ مولانہ روم ان باتوں کی پروا نہیں کرتے۔''[۵]

اس سے واضح ہو جاتا ہے کہ اقبال کس حد تک رومی کی پیروی کرتا ہے اور اس کی آزادانہ طبیعت سے کسی قدر متاثر ہے، لیکن اس تمام تنقید کے باوجود فراموش نہ کرنا چاہیے کہ ''جاوید نامہ'' ہر لحاظ سے محاسن شعری کی جامع مثنوی ہے اور یہی وہ تالیف ہے جو اقبال کو متقدمین اور متاخرین تمام مثنوی سراؤں سے مشخص اور ممتاز کرتی ہے اور یہ مثنوی بلاشبہ فارسی ادبیات کے چند شاہکاروں میں سے ایک ہے۔ اس آسمانی کتاب کے محاسن کی شرح کے لیے کم سے کم ایک علحٰدہ مفصل باب کی ضرورت ہے جس کی گنجایش اس مختصر بحث میں نہیں ہے۔ البتہ اجمالاً ہمیں کہنا پڑتا ہے کہ ''جاوید نامہ'' عصر جدید کی مثنوی ہے جس میں اکثر سیاسی، اقتصادی، فلسفیانہ، دینی اور عرفانی مسائل جو ہماری روزمرہ کی زندگی سے براہ راست مربوط ہیں زیر بحث آئے ہیں اور انھیں اس انداز میں بیان کیا گیا ہے کہ اس کی نظیر فارسی ادب میں شاذ ہے۔ اقبال نے مثنوی کے اسلوب کو جو صدیوں سے ایک ہی روش پر چلا آ رہا تھا نہایت خوبی کے ساتھ بدل دیا ہے اور اس میں موقع و محل کی مناسبت سے جگہ جگہ بڑی پر شور غزلیات درج کی ہیں۔ نتیجہ یہ ہوا کہ مثنوی کے طویل اور ایک ہی بحر میں ہونے کی خشکی دور ہو گئی۔

اقبال کی مثنویوں کی اہمیت کا اندازہ یوں بھی ہوتا ہے کہ اس کے افکار کو جو بے شمار غزلوں اور متعدد رباعیوں وغیرہ میں منتشر ہیں اشعار کے اس حصے میں ہم مرتب اور واضح صورت میں پاتے ہیں۔ مثال کے طور پر

۵۔ ''اقبال نامہ'' ج اول، ص ۹۶۔

اگرچہ اس نے فلسفۂ خودی کو اکثر غزلوں اور قطعوں میں طرح طرح سے بیان کیا ہے لیکن جب تک ہم مثنوی ''اسرار خودی'' کا مطالعہ نہیں کرتے اس کے فلسفے کے اصلی خد و خال سے کماحقہٗ واقفیت حاصل نہیں کر پاتے۔ یہ اقبال کی مثنویاں ہی ہیں جنہوں نے اس کو ''حکیم الامت'' ''فیلسوف مشرق''، ''مجدد ادب''، ''شاعر پیغمبر'' اور ''پیغمبر شاعر'' کے عظیم الشان القاب سے متصف کیا ہے اور ''شاعری جزوی است از پیغمبری'' کی حقیقت اس کی مثنویات سے ہی ظاہر و باہر ہے۔

ہم یہاں نمونے کے طور پر ''جاوید نامہ'' سے ایک مختصر حصہ درج کرتے ہیں جو ''فلک قمر'' سے ماخوذ ہے۔ ان چند ابیات سے معلوم ہوتا ہے کہ اقبال کس طرز بیان کے ساتھ مشرقی اقوام کو بیدار کرنے کی کوشش کرتا ہے جب کہ وہ محض مذہبی اور مابعدالطبیعاتی مسائل میں الجھ کر رہ گئی ہیں اور مادی ترقی میں بالکل ہیچ ہیں۔ وہ مشرق کے لیے پشین گوئی کرتا ہے کہ عنقریب استقلال، قوت اور آزادی اس عظیم سر زمین کو نصیب ہو گی اور اس کے یوسف جو چاہ نکبت میں پڑے ہوئے ہیں باہر آ کر ملک و ملت کی زمام اپنے ہاتھ میں لیں گے اور اپنی تقدیر کے بنانے والے خود بنیں گے۔

اس عظیم الشان شاعر کے سال وفات یعنی ۱۹۳۸ کے بعد اگر ہم مختلف مشرقی ممالک کے سیاسی حالات کا مطالعہ کریں تو معلوم ہوگا کہ اقبال کی پیش گوئیاں تھوڑی ہی مدت میں پوری ہو گئیں۔ چنانچہ دوسری جنگ عظیم کے بعد آزادی اور قوت کے فرشتوں نے افق مشرق پر اپنے زریں پر پھیلا کر دیو استعمار کو اس پر نور سر زمین سے دور بھگا دیا۔

رومی ''فلک قمر'' میں اقبال کو ''جہان دوست'' نامی ایک ہندی عارف سے متعارف کراتا ہے جو کوہستان قمر کے ایک غار میں خلوت نشیں ہے۔ وہاں ''جہان دوست'' رومی سے یوں سوال کرتا ہے:

عالم از رنگ است و بے رنگی است حق
چیست عالم؟ چیست آدم؟ چیست حق؟

رومی:

آدمی شمشیر و حق شمشیرزن عالم این شمشیر را سنگ فسن
شرق حق را دید و عالم را ندید غرب در عالم خزید، از حق رمید
چشم بر حق باز کردن بندگی است خویش را بی پردہ دیدن زندگی است

بندہ چون از بندگی گیرد برات ∗ ہر خدا آں بندہ را گوید صلات!
ہر کہ از تقدیر خویش آگاہ نیست ∗ خاک او با سوز جاں ہمراہ نیست!

جہان دوست:

بر وجود و بر عدم پیچیدہ است ∗ مشرق این اسرار را کم دیدہ است
کار ما افلاکیاں جز دید نیست ∗ جانم از فردائے او نومید نیست!
دوش دیدم بر فراز قشمرود ∗ ز آسمان افرشتہ ای آمد فرود
از نگاہش ذوق دیدارے چکید ∗ جز بسوئے خاکدان ما ندید
گفتمش از محرمان رازے مپوش ∗ تو چہ بینی اندر آن خاک خموش؟
از جمال زہرۂ بگداختی؟ ∗ دل بہ چاہ بابلے انداختی؟
گفت: ”ہنگام طلوع خاور است ∗ آفتاب تازہ او را در بر است
لعل ہا از سنگ رہ آید بروں ∗ یوسفان او ز چہ آید بروں!
رستخیزے در کنارش دیدہ ام ∗ لرزہ اندر کوہسارش دیدہ ام
رخت بندد از مقام آذری ∗ تا شود خوگر بہ ترک بت گری
اے خوش آن قومے کہ جان او تپید ∗ از گل خود خویش را باز آفرید!
عرشیاں را صبح عید ان ساعتے ∗ چون شود بیدار چشم ملتے“[۶]

— سید محمد اکرم

۶- ”جاوید نامہ“: ص ۳۵، ۳۶، ۳۷-

فن تاریخ گوئی اور فیضی

دسویں صدی ہجری کے دوران ہندوستان میں فغانی مکتب شعر کے مقلدین کی جدت طرازیوں اور مضمون آفرینیوں نے اس دور کے فارسی شعر و ادب میں جس لطافت ادا، باریک خیالی اور نزاکت اسلوب کو رواج دیا وہ کئی طرح کے برگ و بار لائی۔ شعرا اور ادبا کا ذہنی میلان یہ ہو گیا کہ جو بات کہیں سیدھے اور صاف انداز میں نہیں بلکہ الجھا کر اور مغلق پیرائے میں۔ اس ذہنی کاوش نے آگے چل کر دقت پسندی، خیال بندی اور نکتہ آفرینی کا راستہ اختیار کیا۔ چناں چہ لغز، معما، چیستان اور تاریخ گوئی جیسی ادبی تفریحات نے بھی نشوونما پائی۔ ایران اور ہندوستان دونوں ملکوں میں تاریخ گوئی شعرا کی توجہ کا مرکز بن گئی۔ اکبری عہد میں اس فن کو خصوصیت سے عروج حاصل ہوا۔ اس زمانے میں ملا نوعی، ملا عبدالقادر بدایونی، غزالی مشہدی، عرفی شیرازی، انیس شادلو، مسیحائے پانی پتی، ملا حیدر کاشانی اور فیضی اکبر آبادی نے اس فن میں خاص دلچسپی لی۔

فیضی شہنشاہ اکبر فرماں روائے ہندوستان (۹۶۳ تا ۱۰۱۴ھ) کے دربار کا ملک الشعرا تھا۔ ۹۵۴ھ میں آگرہ میں پیدا ہوا اور ۱۰۰۴ھ میں لاہور میں فوت ہوا۔ آزاد خیالی، جدت طرازی اور ترقی پسندی میں مشہور تھا۔ چناں چہ متداول اصناف سخن یعنی قصیدہ، مرثیہ، غزل، رباعی، مثنوی، وغیرہ کے علاوہ پیچیدہ اور لطیف انواع شعر یعنی لغز، معما اور تاریخ گوئی میں بھی مہارت تام رکھتا تھا۔ جدت طرازی کی ایک مثال یہ ہے کہ قران مجید کی مکمل تفسیر عربی میں لکھ ڈالی مگر ایک لفظ ایسا استعمال نہیں کیا جس میں حرف منقوط آیا ہو۔ جدت طبع کی مثال یہ ہے کہ "نل دمن" جیسی بلند پایہ مثنوی جو چار ہزار سے زیادہ ابیات پر مشتمل ہے پانچ ماہ کی قلیل مدت میں تیار کر کے اکبر کی خدمت میں پیش کر دی۔ وقت کا مورخ ملا عبدالقادر بدایونی جن فنون میں فیضی کو یکتائے روزگار ٹھہراتا ہے۔ ان میں سے ایک تاریخ گوئی ہے۔[1]

۱- ملاحظہ ہو "منتخب التواریخ" ج ۳: ص ۲۹۹۔

تاریخ گوئی شاعری کی کوئی الگ صنف نہیں بلکہ بقول صاحب ''معدن الجواہر'' علم بدیع کی ایک صنف ہے جس میں متکلم (شاعر یا ادیب) کسی واقعہ کے سال وقوع کو ایک لفظ، ایک فقرے، ایک مصرع یا ایک شعر میں اس طریق سے بیان کرتا ہے کہ حروف کی کل قیمت بحساب جمل سال مذکور کے برابر ہوتی ہے - یہ صنعت علم الاعداد اور شاعری کی مشترکہ سعی کا ثمرہ اور کافی ذہانت و کاوش کی محتاج ہے - ایسا مصرع موزوں کرنا جس میں مادۂ تاریخ بھی شامل ہو بڑی محنت کا کام ہے - تاریخ گوئی سے مراد ایسا کلام ہے جس میں شاعر کسی اہم یا قابل توجہ واقعہ یا موضوع کا ذکر کرتا ہے، مثلاً کسی بڑی شخصیت کی ولادت، شادی یا مرگ، سلاطین و وزرا کی مسند نشینی یا معزولی، مہمات، فتوحات، عظیم الشان عمارات کی تعمیر، کتابوں کی تصنیف، دوانین کی تدوین وغیرہ کو مختصر طور پر بیان کرتا ہے اور آخر میں اس کی تاریخ لاتا ہے -

قاعدہ: اس فن میں اٹھائیس حروف تہجی (جو عربی اور فارسی میں مشترک ہیں) میں سے ہر حرف کو ایک خاص عددی قیمت کا حامل گردانا جاتا ہے - ایک سے لے کر ہزار تک قیمتیں مقرر ہیں - ان کی ترتیب کسی منطقی نہج پر نہیں بلکہ جدول ذیل کے مطابق ہے:

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰

ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

اس ترتیب کو حساب ابجد کہتے ہیں اور حروف کے مجموعہ کو جس کی ابجدی قیمت سال تاریخ کے برابر ہو مادۂ تاریخ کہا جاتا ہے - چار لفظ: پ - ژ - چ - گ جو خصوصاً فارسی سے تعلق رکھتے ہیں اگر کلام میں واقع ہو جائیں تو حروف متشابہ یعنی علی الترتیب ب ز ج ک محسوب کیے جاتے ہیں - ہر اس حرف کو جو لکھنے میں آئے خواہ بولنے میں نہ آئے عددی قیمت شمار کرتے وقت محسوب کیا جاتا ہے، جیسے خوش، خواب وغیرہ میں واؤ محسوب کی جاتی ہے - مشدد حروف کو صرف ایک بار شمار کیا جاتا ہے - اعراب کا کوئی اثر نہیں پڑتا - بعض کلمے یا ترکیبیں ایسی ہوتی ہیں کہ ان کا ایک سے زیادہ طرح میں لکھنا ممکن ہوتا ہے - اگر ان کو

نقل کرنے میں تحریف سے کام لیا جائے تو ابجدی حساب میں خاصا فرق واقع ہو جاتا ہے اور مادۂ تاریخ غلط ہو جاتا ہے مثلاً کلمہ رحمان کو اگر رحمن لکھ دیں تو مادۂ تاریخ میں ایک سال کی کمی واقع ہو جائے گی۔ یہی صورت شاہزادہ کو شہزادہ لکھنے میں واقع ہوگی۔ گیاہ کو گیا لکھ دینے سے پانچ سال کی کمی واقع ہو جائے گی۔

حساب جمل کا ایک طریق تو اوپر بیان ہوا یعنی ہر حرف کی ابجدی قیمت کا شمار، ایک اور طریق زبر و بینات کا ہے۔ حرف تہجی ابجد کی رو سے اپنی ایک قیمت رکھتا ہے لیکن جب اسے پوری املا سے لکھا جائے تو اس کی قیمت بڑھ جاتی ہے۔ مثلاً ل کو بطور لام، ج کو جیم، ص کو بطور صاد لکھنا۔ ل کی عام قیمت ۳۰ ہے۔ جب اسے لام لکھا جائے گا تو ل+ا+م کی مجموعی عددی قیمت ۳۰+۱+۴۰=۷۱ ہوگی اسی طرح ا کی قیمت ایک ہے۔ مگر جب اسے الف لکھا جائے تو ا+ل+ف کی قیمت ۱+۳۰+۸۰=۱۱۱ ہوگی، علیٰ ہٰذا القیاس۔ چناں چہ حروف کی املا کو دو حصوں میں الگ الگ کر لیا جاتا ہے، مثلاً الف میں ا کی قیمت (ایک) کو الگ اور بقیہ (لف) کی قیمت (۱۱۰) کو الگ محسوب کر لیتے ہیں۔ پہلے حصہ کو اصطلاح فن میں زبر یا جمل صغیر کہا جاتا ہے اور دوسرے حصے کو بینات یا جمل وسیط کہا جاتا ہے۔ زبر و بینات کا طریق بھی معما کی طرز پر مادۂ تاریخ نکالنے میں صرف کیا جاتا ہے۔

فن تاریخ گوئی کا ارتقا: شعر و شاعری کے شروع زمانے میں مادۂ تاریخ والے اشعار کا رواج نہ تھا، بالخصوص اہل عرب کو ان سے کوئی لگاؤ نہ تھا۔ چناں چہ عربی کے علم بدایع میں اس صنعت کا ذکر نہیں ہے۔ ایران میں اس فن کا آغاز پانچویں صدی ہجری میں ہوا، مگر اس طرح کہ کبھی کبھار کسی شاعر نے ایک دو لفظوں سے کسی واقعہ کا سال ظاہر کر دیا۔ بالعموم شعرا کسی واقعہ کے سال، مہینہ اور دن کا ذکر صراحت سے کر دیتے تھے۔ چناں چہ عہد غزنویہ کا شاعر کسائی مروزی اپنی تاریخ ولادت (۳۹۱ھ) بدیں طور لکھتا ہے:

بسیصد و نود و یک رسید نوبت سال چہار شنبہ و سہ روز باقی از شوال

اگرچہ اس قسم کے اشعار کو اصطلاحاً تاریخ گوئی میں شمار نہیں کرسکتے لیکن اس سے تاریخ گوئی کے فن کے ابتدائی رجحانات کا پتہ چلتا ہے۔

یہ طریق کہ شاعر چند اشعار میں کسی واقعہ کی تاریخ صراحت سے بیان کردے تا دیر قائم رہا، بلکہ تاریخ گوئی کی انتہائی ترقی کے زمانے میں بھی جاری رہا۔ آٹھویں صدی کا مشہور شاعر ابن یمین تاریخ کے لیے ذیل کے قطعات لکھتا ھے:

وفات صاحب اعظم وجه دین زنگی   که چرخ پیر نبیند چنو جوان دگر
بسال هفتصد ونوزده ز هجرت بود   شب دو شنبه بیست و سوم زماه صفر

بسال هفتصد و سی و هفت از هجرت   بروز جمعه گه چاشت ازصفر شده بیست
گذشت سرور آفاق عز دولت و دین   محمد آنکه فلک درعزاش خون بگریست

خواجه حافظ نے بھی قوام الدین حسن کی تاریخ وفات (۷۵۴ھ) کو پوری صراحت سے بیان کیا ھے:

سرور اهل عمایم شمع جمع انجمن   صاحب صاحبقران خواجه قوام الدین حسن
بسادس ماه ربیع الآخر اندر نیم روز   روز آدینه بحکم کردگار ذوالمنن
هفتصد و پنجاه و چار از هجرت خیرالبشر   مهر را جوزا مکان و ماه را خوشه وطن
مرغ روحش کو همای آشیان قدس بود   شد سوی باغ بهشت از دام این دارمحن

فیضی کے یہاں بھی ابتدائی قسم کی تاریخ نگاری کی مثالوں کی کمی نہیں، مثلاً وہ اپنی ولادت کی تاریخ (۹۵۴ھ) ایک قصیدے میں یوں بیان کرتا ھے:

چو از نهصد و پنجه و چار بین سن   در آمد شب پنجم از شهر شعبان

اسی طرح اپنی تصنیف "نل دمن" میں بھی اس کا ذکر کرتا ھے:

شد مهد من ابی و بلند طارم   در نه صد و پنجه و چهارم

اکبر کی همت سے کشمیر فتح ہونے پر فیضی نے قصیدہ لکھا جس میں تاریخ (۹۹۷ھ) وضاحت سے بیان کی:

دیار دلکش کشمیر را مسخر کرد   بدان صفت که سلیمان پری کند تسخیر
بسال سی و چهارم اواسط خور داد   زابتدای جلوس خدیو عالم گیر
زنهصد و نود و هفت بود ماه رجب   که یافت کوکب اقبال در حسین تسیر

شاہزادۂ دانیال کی ولادت (۹۸۰ھ) کے موقع پر فیضی نے قصیدۂ تہنیت لکھا اور اس میں تاریخ بالصراحت قلمبند کی:

ملک زاوج فلک می کند مبارکباد   بشاه اکبر و سلطان سلیم و شاه مراد
که اخترے زسپهر جلال طالع شد   بغرۂ مه پنجم زنهصد و هشتاد

اس قسم کی سادگی اور صراحت ، خیال آرائی اور تخیل پروری کے زمانے میں کچھ زیادہ سازگار معلوم نہ ہوئی ۔ چناں چہ اس کی جگہ حساب جمل کا قاعدہ رائج ہوا اور شعرا ایک یا زیادہ الفاظ سے آخر شعر میں بحساب جمل کسی واقعہ کا مادۂ تاریخ حاصل کرنے لگے ۔ ابتدائی قسم کے مادۂ تاریخ کو جس کا ذکر اوپر ہوا، عددی اور جدید قسم کے مادۂ تاریخ کو لفظی کہنا مناسب ہوگا۔

لفظی مادۂ تاریخ کا رواج صحیح طور پر تو آٹھویں صدی ھجری سے ہوا مگر لفظوں کا الٹ پھیر اور حساب ابجد کا استعمال جو اس نوع کے کے مادۂ تاریخ کے لیے بنیاد کا کام دیتا ہے پہلے سے رائج تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ چھٹی صدی ھجری ہی شعر کی سادگی ختم ہونے اور ادبی تکلفات کے شروع ہونے کا زمانہ ہے۔ اس زمانہ کے ادبیات فارسی میں حساب جمل کے جستہ جستہ موضوعات ملتے ہیں جن سے آہستہ آہستہ لفظی مادۂ تاریخ وجود میں آگیا ۔ مثال کے طور پر انوری کا قطعہ لیجیے جس میں وہ کہتا ہے کہ میں نے پیغمبر صلعم کو خواب میں دیکھا کہ ایک منبر پر چڑھے ہیں اور خطبہ شروع کیا ہے جس کا ہر جملہ ''اے صاحبقران'' کے الفاظ سے شروع کرتے ہیں۔ اس کے بعد انوری کہتا ہے :

چون سخن اینجا رسید الحق مرا در دل گذشت
کاین کہ مےبین پادشاہ عادل دین پرور است
زینت این خطبہ ہر باری کہ ای صاحبقران
بہ کہ می بندد کہ او شایستۂ این زیور است
گفت بر سلطان دین سنجر کہ از روی حساب
عقد ای صاحبقران چون عقد سلطان سنجر است

حروف ''ای صاحبقران'' اور حروف ''سلطان سنجر'' دونوں از روئے حساب ابجد ٣٦٣ ہوتے ہیں۔

زبرو بینات پر مبنی فیضی کی رباعی : فیضی کے ہاں بھی ایک استادانہ اور فن کارانہ رباعی ملتی ہے جس میں حساب جمل بقاعدۂ ابجد نہیں بلکہ بقاعدۂ زبر و بینات ہے :

نورے کہ ز مہر عـالم آرا پیداست از جبہۂ شاھنشہ والا پیداست
اکبر کہ ز آفتاب نسبت دارد این نکتہ زبینات اسما پیداست

یہاں کلمہ ''اکبر'' کی عددی قیمت بطریق زبر ۲۲۳ بنتی ہے اور کلمہ ''آفتاب'' کی عددی قیمت بطریق بینات بھی ۲۲۳ ہی بنتی ہے۔ پس اکبر اور آفتاب باہم برابر ہوئے۔

محققین اہل جمل نے اس رباعی پر طبع آزمائی کی ہے۔ ''ملخص تسلیم'' (جو فن تاریخ گوئی پر ایک مستند کتاب ہے) کا مصنف اس رباعی پر تنقید کرتا ہے کہ اس کے آخری مصرع میں کلمہ ''اسا'' فالتو لایا گیا ہے۔ صاحب ''معدن الجواہر'' فرماتے ہیں: ''از فیضی فیاضی در مصرع چہارم این رباعی سہو و تسامح راہ یافتہ زیرا کہ دریں جا بینات اسا نیست بلکہ زبر یک اسم بر بینات یک اسم است''۔ اس کے برعکس صاحب ''غرائب الجمل'' کی رائے میں فیضی کا موقف بالکل درست ہے اور اسی رباعی سے پتہ چلتا ہے کہ وہ سخن جمل کا استاد تھا۔ ہر دو معترضین بالا غلط فہمی میں مبتلا ہیں۔ اُن کا کہنا ہے کہ کلمات ''اکبر'' اور ''آفتاب'' اسا کی شکل میں ہیں اور ان کے بینات کی عددی قیمتوں میں تطابق واقع نہیں ہوتا۔ اگرچہ کلمہ ''اکبر'' کے زبر اور کلمۂ ''آفتاب'' کے بینات میں تطابق ضرور واقع ہوتا ہے۔ لہٰذا فیضی کا دعویٰ غلط ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اصطلاحاً زبر کو مسمیٰ اور بینات کو اسم بھی کہا جاتا ہے۔ نیز ہر حرف تہجی کو اس کی لکھی ہوئی صورت میں اسم حرف کہا جاتا ہے۔ پس جب فیضی بینات اسا لکھتا ہے تو مفہوم قدرتی طور پر کلمۂ آفتاب کے پانچوں اسمائے حرف بینات مراد لیتا ہے، یعنی لف+ا+ا+لف+ا کی عددی قیمت ۲۲۳ بنتی ہے۔ پس وہ اپنے دعویٰ میں درست ہے۔

مفہوم عبارت سے مناسبت: مادۂ تاریخ کے لیے اساسی شرط مفہوم عبارت کی مناسبت ہے۔ مادۂ تاریخ کی اصل موضوع سے مناسبت معنوی جس قدر زیادہ ہوگی مادۂ تاریخ اس قدر زیادہ لطیف اور عمدہ ہوگا، جیسا کہ ذیل کی مثالوں سے واضح ہے۔

امیر علی شیر نوائی کی مولانا جامی سے گہری دوستی تھی۔ جامی کا خورد سال بیٹا صفی الدین ۸۸۰ھ میں فوت ہوگیا۔ اس پر نوائی نے ذیل کا جملہ جس میں ضمناً مادۂ تاریخ بھی پایا جاتا ہے بغرض تعزیت بھیجا ''بقای حیات شما باد''۔ چوں کہ یہ جملہ اصل موضوع یعنی وفات سے مناسبت رکھتا ہے اس لیے پر لطف ہے۔ اسی طرح صائب شاعر کی وفات (۸۸۱ھ) کی نسبت لکھا گیا: ''صائب وفات یافت''۔ یہ جملہ مادۂ تاریخ ہونے کے

علاوہ موضوع کی ترجمانی بھی بطریق احسن کرتا ہے۔

فیضی کے یہاں ایسی تاریخیں آسانی سے مل جاتی ہیں جن کے مرتب کرنے میں اصول بالا کار فرما ہے۔ چناں چہ جب خان اعظم مرزا عزیز کوکلتاش نے جام (گجرات) کے علاقہ پر چڑھائی کرکے ۶ شوال ۹۹۸ھ کو فتح پائی تو فیضی نے واقعہ کی تاریخ ''فتوحات عزیزی'' کے الفاظ سے برآمد کی۔ اسی طرح جب مرزا عبد الرحیم خانخاناں نے ٹھٹھہ (سندھ) کے حاکم مرزا جانی بیگ پر چڑھائی کی تو فیضی نے مہم کی تاریخ (۹۹۹ھ) کے لئے حد مادۂ ان الفاظ سے فراہم کیا: ''قصد تتہ''۔ اس ضمن کی ایک عمدہ مثال جو فیضی کے یہاں ملتی ہے اکبر بادشاہ کی تخت نشینی کی تاریخ (۹۶۳ھ) ہے جسے فیضی نے ذیل کی رباعی میں بیان کیا:

از خطبہ شاہ رفعت منبر شد وزسکۂ عدل، کارھا چوں زر شد
بنشست بتخت سلطنت اکبر بادشاہ تاریخ جلوس ''نصرت اکبر'' شد

اقسام مادۂ تاریخ لفظی: مادۂ تاریخ لفظی یا تو مستقل اور براہ راست ہوتا ہے یا غیر مستقل جس میں کچھ کمی یا بیشی کی ضرورت ہوتی ہے۔ کمی بیشی کرنے کے عمل کو اصطلاحاً تعمیہ کہا جاتا ہے۔ صاحب ''غرائب الجمل'' نے مستقل مادۂ تاریخ کی حسب ذیل تین قسمیں قرار دی ہیں: (۱) صوری، (۲) معنوی، (۳) مرکب (صوری و معنوی)۔

(ا) صوری مادۂ تاریخ سے مراد وہ مادۂ تاریخ ہے جس کے الفاظ ہی سال مطلوب کو ظاہر کر دیں اور ان کی عددی قیمت لگانے کی ضرورت نہ ہو۔ اس قسم کا مادۂ تاریخ شاعرانہ لطافت اور معنوی نزاکت سے خالی ہوتا ہے۔ اس کی مثال شیخ سعدی کی ''گلستان'' کی تکمیل (۶۵۶ھ) پر ذیل کی تاریخ ہے:

دراں مدت کہ مارا وقت خوش بود زھجرت شش صد و پنجاہ و شش بود

اسی طرح ذیل کی رباعی میں ایک ہی جگہ امیر تیمور کی ولادت، فتوحات اور وفات کی تاریخیں دی گئی ہیں:

سلطان تیمور کہ مثل او شاہ نبود در ھفتصد و سی و نہ در آمد بوجود
در ھفتصد و ھفتاد و یکے کرد خروج در ھشتصد و ھفت کرد عالم پدرود

فیضی کے یہاں اس قسم کی تاریخ گوئی کی مثال ذیل کی رباعی میں ملتی ہے جس میں تفسیر قرآن مجید کی تاریخ تکمیل (۱۰۰۲ھ) درج ہے:

صد شکر که تفسیر من از علم بعین بنمود جمال و مفتمش شد بے شین
در شنبه عاشر ربیع الثانی از سال سنه گذشته الف و الفین

(ب) معنوی مادۂ تاریخ سے مراد وہ مادۂ تاریخ ہے جس سے مطلوبہ تاریخ اس کے کلمات کی عددی قیمت دریافت کرنے پر حاصل ہو، مثلاً ابو طالب کلیم کی تاریخ وفات از غنی کاشمیری:

گفت تاریخ او غنی طور معنی بود روشن کلیم
۱۰۶۱ھ

اور تاریخ وفات مولانا جامی:

سال ترحیل مولوی جامی مسلم کامل خدا آگه
۸۹۹ھ

ہمارے شاعر (فیضی) نے اکثر تاریخیں اسی نوعیت کی کہی ہیں:

(۱) صبوحی شاعر کی وفات (۹۷۸ھ) پر یہ تاریخ کہی:

دریغا صبوحی بوقت صبوح شراب فنا خورد از دست موت
حریفان نوشتند بر دو جام "صبوحی مے خوارہ" تاریخ فوت

(۲) اپنے بھائی ابوالمفاخر کی وفات (۹۸۴ھ) پر ذیل کا قطعہ کہا جس میں اوپر کی طرح مرحوم کے نام اور صفت سے مادۂ تاریخ متعین کیا:

قرة العین ابو المفاخر بود۔ پاک ز آلودگیٔ عالم خاک
رفعت ازین خاکدان و ازغم او سینه ها شد فگار و دلها چاک
پاک رفعت آنچنان که پاک آمد گفت تاریخ "ابو المفاخر پاک"

(۳) فتح پور (دار الخلافت) میں شاہی بیت العلوم کی تعمیر (۹۸۳ھ) پر ذیل کی رباعی میں تاریخ کہی:

این خانه که از درش رسد بانگ درا جا کرده درو طائفۂ نکته سرا
از بس که بمیزان نظر موزونست تاریخ بنای دوست "بیت شعرا"

(۴) اکبر نے قلعۂ رنتھنبور ۹۷۶ھ میں فتح کیا۔ رائے سرجن نے اطاعت قبول کی اور قلعہ کی طلائی اور نقرئی چابیاں اکبر کے حوالہ کیں۔ فیضی نے واقعات کا ذکر کرتے ہوئے قلعہ کے نام سے تاریخ نکالی جو برجستہ اور بر محل ہے:

بحمد الله که باز عالم غیب در دولت بروئے دین کشادند

بپاۓ تخت اکبر شاہی از عجز سران و سرکشان گردن نہادند
کلید ہمت آمد کار پرداز کہ و مہ زیں ہمایوں فتح شادند
اگر پرسد قدر تاریخ ایں فتح قضا گوید کہ ''رنتھنبور دادند''

(۵) رمضان ۹۸۰ھ میں اکبر نے گجرات پر فتح پائی۔ فیضی نے ''گجرات'' کے نام اور اس کی صفت ''معمور'' سے تاریخ نکالی:

خدیو ملک اکبر شاہ غازی کہ باد از دولت او چشم بد دور
بہنگامیکہ والا کوکب بخت با نظار سعادت بود منظور
سپہ انگیخت بہر فتح گجرات بر آن کشور مظفر و منصور

الٰہی باد معمور از عدالت
کہ شد تاریخ ہم ''گجرات معمور''

(۶) اکبر کے حکم سے فتح پورسیکری میں شاہی مسجد کی تعمیر ۹۸۳ھ میں مکمل ہوئی۔ فیضی نے یہاں بھی صفت و موصوف کی ترکیب سے مادۂ تاریخ پیدا کیا:

امام زمان شاہ اکبر کہ ہست ازو بازوے ملک و ملت قوی
بنا کرد ایں مسجد فیض بخش کہ با عرش شد کرسیش مستوی
ملایک نوشتند بر طاق عرش کہ تاریخ شد ''مسجد خسروی''

(۷) شیخ کپور مجذوب کی وفات (۹۷۹ھ) پر اس کے نام اور لقب کے اعداد سے تاریخ نکالی:

مجذوب ازل کپور و لعلش آن از غلبات عشق مغلوب
چون رفت بجذبۂ الٰہی شد تاریخش ''کپور مجذوب''

(۸) شاہی علم کے اہتمام پر دعائیہ جملہ سے تاریخ نکالی:

سال تاریخ اختتامش شد رقم ''مد ظلہ'' ابدا

(ج) صوری و معنوی یا مرکب مادۂ تاریخ میں مادۂ تاریخ کے الفاظ براہ راست بھی سال مطلوبہ ظاہر کرتے ہیں اور اپنی عددی قیمت کے ذریعے بھی۔ صاحب ''معدن الجواہر'' لکھتے ہیں کہ بعض اہل جمل اس قسم کو صنع الصنع بھی کہتے ہیں۔ اس قسم کی مثال وہ تاریخ ہے جو بابر کی ولادت (۸۸۸ھ) کے متعلق کہی گئی:

چون در شش محرم زاد آن شہ مکرم تاریخ مولدش ہم آمد ''شش محرم''

اکبر کی فتح گجرات (۹۸۰ھ) کے موقع پر درباری شاعر قاسم ارسلان نے یہ تاریخ کہی:

طالع و بخت ہمایوں بین کہ در اندک زمان
کرد فتح کشور گجرات اکبر بادشاہ
چون از آنجا کہ دویم ذی القعدہ عازم شدم بہند
ارسلان تاریخ آن از ''دویم ذی القعدہ'' خواہ

بابر کی وفات (۹۳۷ھ) کے متعلق بھی اس طرز پر (صوری و معنوی) تاریخ کہی گئی: تاریخ وفات شاہ بابر در ''نہصد وسی ہفت'' بود

فیضی اس نوع کی تاریخ گوئی میں خوب مشاق ہے۔ اس نے کئی ایک درباری شعرا کی وفات پر صوری و معنوی قسم کے مادۂ تاریخ دریافت کیے۔ چناں چہ دربار اکبری کے پہلے ملک الشعرا غزالی مشہدی کی وفات (۹۸۰ھ) پر فیضی نے ذیل کا قطعۂ تاریخ کہا:

قدوۂ نظم غزالی کہ سخن هم از طبع خدا داد نوشت
نامۂ زندگی او ناگاه آسمان بر ورق باد نوشت
عقل تاریخ و ناتش بدو طور ''سنہ نہ صد و هشتاد'' نوشت[۲]

مادۂ تاریخ کبھی لفظ واحد سے پورا ہو جاتا ہے، کبھی دو یا زیادہ الفاظ کے مجموعہ سے، کبھی ایک مصرع سے اور کبھی پورا بیت درکار

۲۔ صاحب ''غرائب الجمل'' کو اس مادۂ تاریخ پر یہ اعتراض ہے کہ اس میں ''سنہ'' کے اعداد بھی شامل ہیں جو درست نہیں۔ تاریخ یا تو صرف ''نہ صدوہشتاد'' سے مکمل ہوجاتی ہے یا سالم مصرع سے۔ صورت اول مستحسن تھی۔ لیکن یہ ہرگز درست نہیں کہ لفظ ''سنہ'' تو داخلی اعداد ہو اور لفظ ''نوشت'' خارج سمجھا جائے۔ محققین فن کا اتفاق ہے کہ صوری اور معنوی تاریخوں میں ترجیح اس مادے کو ہے جس میں بھرتی کا کوئی لفظ نہ ہو۔

بہرحال شاعر قاسم کاہی اور مولوی عالم کابلی دونوں کی تاریخ وفات میں فیضی نے مذکورہ اعتراض کے لیے گنجائش نہیں چھوڑی۔ یہ دونوں بھی مرکب ہیں:

افسوس کہ شد قاسم کاہی فانی در گلشن دهر کرد پر افشانی
تاریخ مہ و سال وفاتش جستند گفتم ''دویم از در ربیع الثانی''

مولوی عالم عارف افسوس کہ سر آمد اجلش را وعدہ
عقل تاریخ مہ و سالش را زد رقم ''نوزدہ ذی قعدہ''

ہوتا ہے ۔ ذیل کے شعر میں تاریخ (۱۲۱۴ھ) فقط ایک کلمہ ''دریغ'' سے نکلتی ہے :

در ہر زبان دریغ چو دید از غمش صبا
تاریخ سال رحلت او کرد ازاں ''دریغ''

ہمایوں بادشاہ کی تاریخ جلوس (۹۳۷ھ) فقط ''خیر الملوک'' کی ترکیب سے نکلتی ہے ۔

ذیل کے شعر میں چند الفاظ کے مجموعہ سے مادۂ تاریخ حاصل ہوتا ہے : شاہ اسمعیل کی وفات (۹۳۰ھ) کے متعلق ملا حیرتی لکھتا ہے :

شاہ و شاہ و شاہ میگفتند بہر ماتمش من ہماں الفاظ را تاریخ فوتش یافتم

ذیل کے شعر میں پورے مصرع سے مادۂ تاریخ حاصل ہوتا ہے ۔ میر حیدر معمائی نے بے ہنگام برفباری (۹۹۷ھ) کی تاریخ کہی :

سالی بره قزوین از شعبدۂ گردوں
''چل روز پس از نو روز برف عجبی آمد''
آن شعبده را بودند تاریخ طلب گفتم
''چل روز پس از نو روز برف عجبی آمد''

اسی طرح ملا عبداللہ امانی کے اشعار ذیل میں میر محمد باقر داماد کی تاریخ وفات (۱۰۴۱ھ) سالم مصرع سے نکلتی ہے :

محمد باقر داماد کہ زوی عروس فضل و دانش بود دلشاد
خرد از ماتش گریان شد و گفت عروس علم و دین را مرد داماد

ان خصوصیات کا سراغ ہمیں فیضی کے فن تاریخ گوئی میں بھی ملتا ہے ۔ فیضی کے یہاں کوئی مادۂ تاریخ ایسا نہیں جو لفظ واحد سے حاصل کیا گیا ہو ۔ البتہ دو یا تین کلمات سے مرکب مادۂ تاریخ بکثرت ہیں اور ان کی مثالیں اوپر گزر چکیں ہیں ۔ اس کے علاوہ ایک خاص بات فیضی کے یہاں یہ ہے کہ ایک شعر میں دو دو مادے جمع کیے گئے ہیں اور دونوں حسب حال ہیں ، مثلاً شاہی حوض کی تعمیر (۹۸۲ھ) پر ذیل کا قطعہ کہا جس میں بیک وقت دو مادۂ تاریخ ''چشمۂ خلد'' اور ''حوض نازنین'' جمع کیے گئے ہیں :

حبذا حوضے کہ شاہنشاہ ساخت آن خدیو کان یسار هم یمین

وندران قصری نمود از سنگ سرخ همچو قصر لعل در خلد برین
خوانده دیوان ھذا جنات عدن تحتھا لانھار فیہا خالدین
بہر اتمامش دو تاریخ شگرف چشمۂ خلد است و حوض نازنین

اسی طرح اپنے والد کی وفات (۱۰۰۱ھ) پر فیضی نے ایک عربی قطعہ کہا جس میں دو مادۂ تاریخ ''افضل الہند'' اور ''فخر الکمل'' درج ھیں:

قلت فی رحلتہ تاریخین افضل الہند و فخر الکمل

سالم مصرع مادۂ تاریخ ہونے کی مثال فیضی کے یہاں شہزادہ سلیم کی ولادت (۹۷۷ھ) کے متعلق ذیل کی رباعی ھے:

شاہ زتو شاھزادۂ زیبا شد وز طلعت آو چشم جہاں بینا شد
تاریخ ولادتش چو پرسی گویند ''شہ بودی و شاھزادۂ پیدا شد''

فیضی نے مادۂ تاریخ کے لیے سالم شعر کا بھی استعمال کیا ھے۔ چنان چہ جو رباعی اس نے شاھزادۂ دانیال کی ولادت (۹۸۰ھ) پر کہی اس کے ہر بیت کے حروف کی عددی قیمت ۹۸۰ کے برابر ھوتی ھے:

از مولد شہزادۂ عالمیان دل می یابد پیامی از عالم جان
اجمیر بود چو مولد شہزادہ امید کہ جاودان بماند بجہان

کبھی کبھی شعرا کسی کام کے شروع اور اتمام کے متعلق دو الگ الگ تاریخیں برآمد کرتے ھیں لیکن ایک ھی شعر میں سمو دیتے ھیں، مثلاً صبا کہتا ھے:

دو مصرع از پی سال بنا و اتمامش دبیر کلک صبا کرد بر ورق مرقوم
بعہد فتح علی شہ بنا نہاد حسین ستودہ مدرسۂ بہر طالبان علوم

فیضی کے یہاں بھی ایسے نمونے موجود ھیں۔ شیخ سلیم چشتی کی خانقاہ کی تعمیر کے متعلق دو تاریخیں ایک ھی بیت میں داخل کی ھیں: ایک بلند دروازے کی تعمیر اور دوسری خانقاہ کی تعمیر (۹۹۰ھ) کے بارے میں ھے دونوں مادۂ تاریخ ذیل کی رباعی میں فراھم کیے ھیں:

این خانقہے کہ سودہ یا چرخ سرش فرمودہ بنا بادشۂ بحر و برش
تاریخ بنا است ''خانقاہ اکبر'' ''دروازۂ خانقاہ'' تاریخ درش

اس سے بڑھ کر لطیف تاریخ گوئی کا نمونہ فیضی کا وہ قطعہ ھے جس

میں بادشاہی مسجد کی بنیاد رکھنے اور مکمل ہونے کے متعلق متعدد تاریخیں بیک وقت کہی گئیں - چناں چہ اس قطعہ کے ہر پہلے مصرع سے مسجد کی بنیاد کی تاریخ برآمد ہوتی ہے اور ہر دوسرے مصرع سے مسجد کی تکمیل کی تاریخ نکلتی ہے :

للہ الحمد کہ این معبد اسلام کوہست ۔ صبحگہ قصریش از عالم بالا آگاہ
یافت انجام بحکم ملکے کامل نعم ۔ بر در وی ز در صدق بمانند جباہ
معبد اہل شرف کعبہ اصحاب طلب ۔ مسجد ملجا دین کنف ملوک اکبرشاہ
مصرع اول ایں سال بنا را صالح ۔ پی انجام بمصراع دگر آمد راہ

کلام کے اعتبار سے تاریخ گوئی کی دو قسمیں ہیں : (۱) تاریخ منثور اور (۲) تاریخ منظوم - فیضی کے یہاں یہ دونوں قسم کی تاریخیں پائی جاتی ہیں - تاریخ منثور کی دو مثالیں ''فتوحات عزیزی'' اور ''قصد ٹھٹھہ'' اوپر گزر چکی ہیں - مزید مثالیں یہ ہیں : ''بنای در بہشت'' - یہ قلعہ آگرہ کی از سر نو تعمیر کی تاریخ ہے - خواجہ حسین مروی جس کے متعلق بدایونی کا بیان ہے کہ شیخ فیضی اس کا تربیت یافتہ تھا [۳] جب ۹۷۹ھ میں ہندوستان سے رخصت ہو کر گیا تو فیضی نے ''دام ظلہ'' تاریخ کہی - منظوم تاریخوں کی متعدد مثالیں اوپر دی جا چکی ہیں -

صاحب ''غرائب الجمل'' نے مادۂ تاریخ کی تقسیم ایک اور لحاظ سے بھی کی ہے : (۱) تاریخ مصنفۂ مورخ ؛ (۲) تاریخ غیر مصنفۂ مورخ - موخرالذکر سے تاریخ کی وہ قسم مراد ہے جو کسی استاد کے مشہور مصرع یا ضرب المثل یا حدیث نبوی یا کلام اللہ کی آیت کریمہ سے حاصل ہو - اگرچہ اس قسم کی تاریخ میں مورخ کو کلام پر ملکیت کا حق حاصل نہیں ہوتا لیکن اہل جمل نے اس قسم کی تاریخوں کو نہایت وقعت کی نگاہ سے دیکھا ہے - موخرالذکر تاریخ گوئی کی مثالیں حسب ذیل ہیں :

(۱) شیخ فیضی نے تفسیر قرآن مجید بے نقطہ حروف میں لکھی (۱۰۰۲ھ) - اس کے متعلق فاضل معاصر امان اللہ سرہندی نے قرآن شریف کی آیۂ ذیل سے تاریخ نکال : ''لا رطب ولا یابس الا فی کتاب مبین'' - اسی طرح تفسیر قرآن مجید مذکور کے لیے ایک اور معاصر میر حیدر معمائی کاشانی نے قرآن مجید کی سورت ''قل ھو اللہ احد اللہ الصمد لم یلد ولم یو لد ولم یکن لہ کفواً احد'' سے نکالی -

---

۳- ''منتخب التواریخ'' ج ۲ : ص ۱۲۸ ببعد -

فیضی کے یہاں کوئی تاریخ ایسی نہیں ملتی جس میں قرآن شریف کی کسی آیت یا حدیث کے کسی پارہ کو مادۂ تاریخ بنایا گیا ہو مگر تنوع پوری شان سے اس کے ہاں موجود ہے۔ شہزادہ مراد کی ولادت (۹۷۸ھ) کے موقع پر فیضی نے جو قطعہ تاریخ لکھا اس میں عربی دعائیہ جملے تضمین کیے اور ایک عربی جملہ سے مادۂ تاریخ کا بھی استخراج کیا:

سلطان جہان شاہ مراد آنکہ نوشتند بر ناصیہ اش طوّلہ اللہ حیاتاً
در سلک وجود آمد و ارباب ہمم را شد ورد زبان ثبتہ اللہ ثباتاً
تاریخ سرافرازی این نخل سعادت
کردند رقم "انبتہ اللہ نباتاً"

تعمیہ: اصطلاح تاریخ گوئی میں تعمیہ وہ عمل ہے جس سے مادۂ تاریخ کے اعداد حسب ضرورت کم و بیش کریں۔ بعض اوقات شاعر کو کوئی دل پسند مادۂ تاریخ سوجھتا ہے مگر اس کی عددی قیمت سال مطلوبہ کے برابر نہیں ہوتی ہے۔ اس وقت مایوسی دور کرنے کے لیے کوئی کلمہ یا کلمات اصل مادۂ تاریخ سے کم کئے جاتے ہیں یا اس میں بڑھائے جاتے ہیں تا آن کہ سال مطلوبہ حاصل ہو جاتا ہے۔ اس کمی بیشی کے متعلق ایک لطیف اشارہ شعر میں کر دیا جاتا ہے۔ عمل مذکور کی تین صورتیں ہیں: (۱) اصل مادۂ تاریخ میں کچھ بڑھایا جائے۔ اس کا نام تعمیۂ داخلی یا تدخلہ ہے۔ (۲) اصل مادۂ تاریخ میں سے کچھ کم کیا جائے۔ اس کا نام تعمیۂ خارجی یا تخرجہ ہے۔ (۳) مادۂ تاریخ کی تکمیل تدخلہ و تخرجہ دونوں سے کی جائے۔ وہ تاریخ جس میں تعمیہ نہ ہو مطلق کہلاتی ہے۔ بعض اہل جمل نے تدخلہ کا خاص نام تعبیہ رکھا ہے جس کے لغوی معنی آراستہ کرنے اور ڈھانپنے یا عجب چیز بنانے کے ہیں۔

تدخلہ کی مثالیں:

(۱) تاریخ او بہ تعبیہ گویذ سروش غیب خیر النسا حضور شہ انبیا رسید

۱۳۲۱ = ۳۶۹ + ۹۵۲

(۲) روح الامین بگفت کہ بنگر مراتبش خیرالنسا بدرگہ جل و علا رسید

۱۳۲۱ = ۳۶۹ + ۹۵۲

(۳) ملک الشعرا صبا کاشانی ایک شاہی برج کی تکمیل میں کہتا ہے:

"مہرو برج شرف" بود تاریخ تا کہ سلطان ما در آن باشد

''مہر و برج شرف'' برج کے اتمام کی تاریخ ۱۲۳۳ھ ہے بشرطیکہ عبارت ''سلطان ما'' کے اعداد اس کے ساتھ ایزاد کئے جائیں۔

تخرجہ کی مثالیں : (۱) کسی شخص نے ایک حوض کے متعلق جسے لطیف نام شخص نے رفاہ عام کے لیے بنوایا تھا یوں لکھا ''از حوض لطیف آب بر دار'' - یہاں تاریخ حاصل کرنے کے لیے ''حوض لطیف'' کے اعداد میں سے کلمہ ''آب'' کے اعداد کم کر دینے چاہیں۔ اسی اصول پر اکبر شاہ بادشاہ کی وفات کی تاریخ : مصرع ''الف کشید ملایک ز فوت اکبر شاہ'' سے مرتب کی گئی ہے۔

(۲) ایک قاضی صاحب کی وفات (۹۹۱ھ) پر ذیل کی تاریخ کہی گئی:
چو تاریخ وفات او زپیر عقل پرسیدم بصد آہ و فغان گفتا یکی از قاضیان کم شد
یہاں ''قاضیان'' کے اعداد میں سے ایک کا عدد کم کر دینا چاہیے۔

(۳) صفی قلی خان حاکم بغداد کی وفات (۱۰۴۰ھ) کی نسبت معین الدین محمد کہتا ہے :
چون قلم سربرفراز و بہر تاریخش بگوی تیغ را قبضہ شکست و بے سروپا شد علم
یہاں کلمہ ''تیغ'' میں سے اس کا قبضہ یعنی حرف (ت) اور کلمہ ''عدم'' میں سے اس کا سر اور پاؤں یعنی حرف (ع) اور حرف (م) حذف کیے جانے چاہیں۔

تدخلہ و تخرجہ کے بیک وقت عمل درآمد کی مثالیں :

(۱) ملک الشعرا صبا دولت شاہ فرزند فتح علی شاہ کی وفات اور شاہزادہ حشمت کی ولادت (۱۲۳۷ھ) کے متعلق لکھتا ہے :
صبا گفت از گہ فتح علی شہ چو دولت برون رفت حشمت درآمد
یہاں ''گہ فتح علی شہ'' کے اعداد میں سے ''دولت'' کے اعداد کم کر دینے چاہیں اور ''حشمت'' کے اعداد بڑھانے چاہیں۔

(۲) صبا نے آقا محمد خان کے زوال سلطنت اور فتح علی شاہ کے جلوس کے متعلق یہ تاریخ لکھی :
رقم زد منشی طبع صبا از بہر تاریخش ز تخت آقا محمدخان شد نشست بابا خان
یہاں کلمہ ''تخت'' کے اعداد کے ساتھ ''بابا خان'' کے اعداد بڑھائے جائیں اور پھر ''آقا محمد خان'' کے اعداد اس میں سے خارج کیے جائیں۔

(۳) اسی طرح نواب احمد علی خان والیٔ رام پور کی وفات اور اس کی جگہ نواب محمد سعید خان کی مسند نشینی کے متعلق مشترکہ تاریخ کہی :

شب گذشتہ چواز خواب چشم بکشادم صدای ہاتف غیبی ز آسمان آمد
کہ خان احمد علی شد برون ز افغانان کنون بجاش محمد سعید خان آمد

یہاں کلمہ ''افغانان'' کے اعداد میں سے ''خان احمد علی'' کے اعداد کم کیے جانے چاہیں اور ''محمد سعید خان'' کے اعداد بڑھانے چاہیں۔ فیضی کی تاریخوں میں تعمیہ اور تخرجہ والے مادوں کا وجود نہیں ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ بہت زیادہ پیچیدگیوں کا شائق نہ تھا۔ حالاں کہ دیگر لحاظ سے اس کی تاریخوں میں پورا پورا تنوع پایا جاتا ہے۔

یہ تو تھا ان تاریخوں کا ذکر جو فیضی نے یا دیگر شعرا نے بطور نمونہ کہیں۔ اب کچھ ذکر ان تاریخوں کا کیا جاتا ہے جو لوگوں نے فیضی کے متعلق اس کی وفات (۱۰۰۴ھ) پر کہیں۔ یہ تو معلوم ہے کہ فیضی کے مذہبی عقاید کی نسبت قدیم روش کے مسلمان مطمئن نہ تھے۔ خصوصاً ملا عبدالقادر بدایونی تو اسے بے دین اور ملحد سمجھتا تھا۔ فیضی کی وفات کی نسبت معقول تاریخ تو ''فیاض عجم'' ہے مگر جو تاریخیں اہانت کے لیے کہی گئیں اور جن کا ذکر بدایونی نے کیا ہے رقم ذیل ہیں:

فیضی بے دین چو مُرد سال وفاتش فصیح گفت سگی از جہان رفتہ بحال قبیح
سال تاریخ فیضی مردار شد مقرش بچار مذہب نار

فیضی نحس و دشمن نبوی رفت و با خویش داغ لعنت بُرد
سگکی بود و دوزخی زان شد سال فوتش چہ سگ پرستی مُرد

چوں بنا چار رفت شد ناچار سال تاریخ خالد فی النار

بود فیضی ملحدی قاعدهٔ الحاد شکست وے فلسفی وشیعی وطبیعی و دہری

کسی اور نے یہ اشعار کہ کر فیضی کی تاریخ وفات مرتب کی:

شیخ فیضی کہ فضل بیحد داشت گرچہ در رغم خود موحد بود
در رہ دین فساد پیدا کرد نزد ارباب شرح مفسد بود
زان سبب خامۂ قضا و قدر بنوشت آنکہ شیخ ملحد بود

اے۔ ڈی۔ ارشد

مآخذ

(۱) ''دیوان فیضی'' مخطوطہ نمبر ۱۳۱ فارسیہ (۱) کتب خانہ مسلم یونیورسٹی علیگڑھ۔
(۲) فیضی ''نل دمن'' مطبوعہ مطبع منشی نولکشور۔ لکھنو۔۱۹۲۰ء۔
(۳) اے۔ ڈی۔ ارشد ''فیضی کا زمانہ۔ اس کی زندگی اور تصنیفات'' مقالہ پی۔ ایچ۔ ڈی پنجاب یونیورسٹی لاہور۔ ۱۹۶۳۔
(۴) شمس العلما احمد عبد العزیز ''غرائب الجمل'' حیدر آباد۔ ۱۳۲۶ھ۔
(۵) منشی انوار الحسن مراد آباد ''ملخص تسلیم'' نمبر ف ۹۱۶۵۵م کتب خانہ مسلم یونیورسٹی علیگڑھ۔
(۶) زین العابدین موتمن ''شعر و ادب فارسی''۔ ایران۔
(۷) طامس ولیم بیل صاحب ''مفتاح التواریخ'' مطبوعہ مطبع منشی نولکشور۔ لکھنو۔

علوم و مذاهب : ابن حزم کا موقف

[ابن حزم اندلسی کا پورا نام ابو محمد علی بن احمد ہے، لیکن ابن حزم کے نام ہی سے شہرت پائی - پانچویں صدی ہجری کے اوائل یا چوتھی صدی کے اواخر میں پیدا ہوئے - مولد قرطبہ ہے - مشہور فقیہ، اصولی، متکلم اور نقاد تھے - بلا کے ذہین اور جامع انسان تھے - پہلے شافعی مسلک کے حامل تھے، پھر ظاہری مسلک اختیار کیا اور اس میں بھی اپنے لیے فکر و استدلال کی الگ راہ نکالی - منطق، فلسفہ اور علم الکلام میں مجتہدانہ دست گاہ رکھتے تھے - ان کی تصنیفات کا دائرہ چار سو مجلدات تک پھیلا ہوا ہے جن میں اہم کتابیں یہ ہیں :

(۱) **محلیٰ** : اس میں فقہ کی جزئیات پر سیر حاصل بحث ہے - کہیں کہیں تفرد کا شکار بھی ہوئے ہیں اور ایسی آرا کا بھی اظہار کیا ہے جن کا پوری امت میں ان کا کوئی ہم نوا نہیں -

(۲) **کتاب الفصل فی الملل والاھواء والنحل** : اس میں مذاہب عالم کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے اور عالم کی تخلیق و آفرینش کے بارے میں نہایت عمدہ فلسفیانہ بحثیں ہیں -

(۳) **الاحکام فی اصول الاحکام** : اصول فقہ سے متعلق بے نظیر کتاب ہے - اس میں بتایا گیا ہے کہ قرآن، سنت، اجماع اور قیاس ہر ایک کی شرعی حیثیت کیا ہے اور استخراج مسائل کے وہ کون پیمانے ہیں جن کی کتاب و سنت سے تائید ہوتی ہے -

(۴) **ابطال القیاس والرائ** : اس کا تعلق بھی اصول فقہ سے ہے -

مضمون پیش نظر مطبوعہ رسائل میں سے ایک رسالہ کا ترجمہ ہے جس کا اصل عنوان ''رسالۃ التوقیف علی شارع النجاۃ باختصار الطریق'' ہے - اس میں انہوں نے اپنے مخصوص انداز میں ثابت کیا ہے کہ نجات اخروی اسلام کی پیروی ہی میں مضمر ہے، للہذا ذہن و فکر کی بہترین صلاحیتوں کو انہی علوم کے مطالعہ کے لیے وقف کر دینا چاہیے جو حصول نجات میں براہ راست ممد و معاون ہوں اور باقی علوم کو صرف بقدر ضرورت ہی پڑھنا مناسب ہے -

اس ضمن میں کئی دوسری اہم بحثیں بھی آ گئی ہیں، مثلاً مذاہب عالم کا تقابلی اور تحقیقی مطالعہ، علوم عقلیہ کی حیثیت اور افادیت۔ ماہیت زمانہ، وجود باری، فوائد نبوت وغیرہ۔ ایسے بیش قیمت مباحث اور ان پر ابن حزم کے خیال انگیز تبصرہ کی بنا پر اس مضمون کو قارئین کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں — مترجم]

حمد و صلات! تمھارا مکتوب ملا۔ اس میں اس حقیقت کا اظہار ہے کہ اس وقت لوگ دو گروھوں میں منقسم ہیں۔ ایک گروہ وہ ہے جس نے علوم اوائل کی پیروی کی ہے اور ان علوم سے بہرہ مند حضرات کی اطاعت اختیار کی ہے۔ دوسرے گروہ نے علوم نبوت کو مشعل راہ ٹھہرایا ہے۔ تمھارا یہ استفسار ہے کہ ان دونوں میں سے برسر حق کون ہے۔ تمھاری یہ خواہش بھی ہے کہ جواب نہایت مختصر ہو تاکہ ذہن میں اچھی طرح محفوظ رہ سکے، یعنی ایسا طویل نہ ہو کہ اس کا آخری حصہ پہلے حصے کو بھلا دینے کا سبب بنے۔ نیز اس اختصار کے ساتھ ساتھ اسے ایسا واضح بھی ہونا چاہیے کہ ہر پڑھنے والا آسانی سے سمجھ سکے۔ نیز اسے مدلل بھی ہونا چاہیے تاکہ اس کی صحت و استواری کا اندازہ لگایا جا سکے۔ میں تائید ایزدی سے بسرعت تمام اس کا جواب دے رہا ہوں اس لیے کہ شرعاً لوگوں کو ہلاکت سے بچانے کے لیے نصیحت اور کوشش ضروری ہے۔

تمھیں معلوم ہونا چاہیے (اللہ تعالیٰ تمھیں اور ہمیں اپنی رضا سے بہرہ مند ہونے کی توفیق عطا فرمائے) کہ علوم اوائل متعدد علوم کو اپنی آغوش میں لیے ہوئے ہیں۔ ان میں فلسفہ و منطق بھی شامل ہیں جن کے بارے میں افلاطون، اس کے شاگرد ارسطو، اسکندر اور اسی انداز کے کچھ اور لوگوں نے بحث و گفتگو کی طرح ڈالی ہے۔ یہ عمدہ اور اونچا علم ہے، اس لیے کہ اس میں پورے عالم کو جاننے کی تگ و دو پنہاں ہے اور اس بات کی تفصیل درج ہے کہ جنس کیا ہے؟ نوع کسے کہتے ہیں؟ اشخاص کیا ہیں؟ اور جوہر و عرض کی تقسیم کن معنوں میں ہے؟

جہاں تک منطق کا تعلق ہے اس میں دلیل و برہان سے انسان کو واقف ہونے کا موقع ملتا ہے جس کے بغیر کسی بھی شے کی صحت و عدم صحت کا فیصلہ ممکن نہیں۔ اس سے برہان اور اس انداز استدلال میں امتیاز و فرق کے حدود واضح ہوتے ہیں جس کو غلطی سے جاہل برہان

سمجھ لیتے ہیں۔ اس علم کی منفعت اس وقت بڑھ جاتی ہے جب اس سے تمیز حقائق کا کام لیا جاتا ہے۔

علوم اوائل میں ایک علم العدد ہے۔ اس کی تفصیلات سے متعلق اندرو ماخشں مولف ''کتاب الارثماطیقی''[۱] اور اس انداز کے دوسرے لوگوں نے گفتگو کی ہے۔ یہ عمدہ اور صحیح تر علم ہے جس کی بنیاد برہان و دلیل پر ہے مگر اس کی منفعت دنیا ہی تک کے لیے ہے، مثلاً یہ کہ مال کی تقسیم کیوں کر کی جائے وغیرہ۔ اور جس علم کی منفعت دنیا ہی تک محدود ہو یہ سمجھ لینا چاہیے کہ اس کی یہ منفعت بہت کم ہے اور ناقابل اعتنا ہے، اس لیے کہ ہمیں اس دنیا سے جلد ہی کوچ کرنا ہے، رہنا نہیں۔ اور جس کے مقدر میں انقضا یا ختم ہو جانا ہے وہ نہ ہونے کے برابر ہے: یحییٰ[۲] کہتے ہیں:

وما هذه الدنیا سوی کر لحظة (یہ دنیا اس کے سوا کیا ہے کہ ایک لحظہ تھا جو گزر گیا)۔

نعد بها الماضی و ما یحن بعد (جس کے ذریعہ ہم ماضی کا اندازہ کرتے ہیں اور پھر یہ لوٹنے والا نہیں)۔

هی الزمن الموجود لا شئی غیره (اسے بس زمانہ حال ہی سے تعبیر کرنا چاہیے)۔

وما مرو الاتی عدیمان یا دعد (کیونکہ گذشتہ و آئندہ دونوں، اے دعد! معدوم ہیں)۔

انہی علوم میں ایک مساحت بھی ہے جس پر ''کتاب اقلیدس'' کے مرتب اور علم الہندسہ کے دوسرے ماہرین نے بحث و نظر کا ثبوت دیا ہے۔ یہ علم بھی عمدہ ہے اور دلیل و برہان پر مبنی ہے۔ اس کی غایت یہ ہے کہ خطوط و اشکال میں باہم نسبت کا تعین کیا جائے۔ اس کی معرفت اور پہچان سے دو کام لیے جاتے ہیں: افلاک اور زمین کی ہیئت کا اندازہ، جر اثقال، تعمیرات یا زمین کی تقسیم وغیرہ۔ اس کا فائدہ بھی بس دنیا ہی تک کے لیے ہے۔ اور ہم کہہ چکے ہیں کہ ایسا فائدہ جو دنیا ہی تک ہو بہت ہی کم

۱۔ ''کتاب الارثماطیقی'' کے مصنف کا اصل نام نیقوماخوس ہے۔ دیکھیے القفطی، ص ۳۳۶۔

۲۔ شاید اس سے مراد حکیم اندلس یحییٰ بن حکم الجبائی ہیں۔

درجے کا ہے کیوں کہ ایسے فوائد سے جلد ہی دست کش ہونا پڑتا ہے۔ پھر یہ بھی حقیقت ہے کہ انسان اس دنیا میں عمر بھر ان علوم سے بے گانگی کے باوجود بھی ضرر و محرومی کو محسوس نہیں کرتا — نہ اس دنیا کے بارے میں اور نہ عقبیٰ کے بارے میں۔

اور انہی میں ایک علم الهیئت ہے۔ اس کی تفصیلات کو بطلیموس اور اس سے پہلے لونخس[۳] نے بحث و نظر کا ہدف ٹھہرایا ہے یا اہل ہند اور قبطیوں میں سے ان لوگوں نے کچھ کوشش کی ہے جنھوں نے ان دونوں کا یا صرف بطلیموس کا تتبع کیا ہے۔ یہ بھی برہانی و حسی علم ہے جو عمدہ اور بہتر ہے۔ اس کا موضوع افلاک اور ان کے مدار معلوم کرنا ہے اور یہ جاننا ہے کہ ان کے مراکز، نقاط انقطاع اور بعد کی کیفیت کیا ہے۔ اسی طرح کواکب، ان کی چال ڈھال، حجم اور بعد یا تداویر دریافت کرنا بھی اس کے موضوع میں داخل ہے۔

اس علم کا فائدہ یہ ہے کہ اس سے آسمانوں کی استواری اور صانع کی عظمتوں کا اندازہ ہوتا ہے اور اس کی قدرت، قصد، اور اختیار کا پتہ چلتا ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ علم بہت مفید ہے خصوصاً دنیا کے بارے میں۔

رہا نجوم و کواکب سے قسمتوں کا فیصلہ معلوم کرنا تو یہ قطعی باطل ہے۔ یہ صرف دعویٰ ہی دعویٰ ہے جس کی تائید میں کوئی دلیل پائی نہیں جاتی۔ ہم نے کتنی مرتبہ ایسا دعویٰ کرنے والوں کی پیشین گوییوں کو جھوٹا پایا ہے۔ اس کی کوئی حد ہے نہ حساب۔ تم اگر اس حقیقت کو جاننا چاہتے ہو تو خود آزما کے دیکھ لو۔ تمھیں جھاڑ پھونک کرنے والے اور فال و رمل نکالنے والوں کے جھوٹ سے ان کے جھوٹ کا کہیں زیادہ اندازہ ہوگا۔

علوم الاوائل کی فہرست میں طب بھی ہے۔ بقراط، جالینوس و ذیاسقوریدس[۴] نے یا جن لوگوں نے ان کے انداز کو اختیار کیا ہے اس موضوع پر طبع آزمائی کی ہے۔ اس کا مقصد جب تک انسان اس دنیا میں ہے امراض جسمانی کا علاج ہے۔ بلا شبہ یہ علم بھی خوب ہے اور دلیل و برہان پر مبنی ہے لیکن اس کے فوائد کا دائرہ بھی دنیوی زندگی ہی تک محدود ہے۔ علاوہ ازیں یہ فن عام نہیں۔ ہم نے اکثر بادیہ نشینوں کو دیکھا ہے جو

۳۔ ممکن ہے اس سے مراد بطلیموس کا استاد ابرخس ہو۔ دیکھیے "الفہرست" ص ۲۶۷۔

۴۔ امین زربی کے نام سے مشہور ہے۔ عقاقیر کا بہت بڑا عالم تھا۔

بغیر کسی طبیب کی منت پذیری کے امراض سے چھٹکارا حاصل کر لیتے ہیں اور اس طرح تندرست اور بھلے چنگے ہو جاتے ہیں جس طرح کہ علاج و دوا کے عادی لوگ۔ نیز یہ کم و بیش اتنی ہی عمر پاتے ہیں جتنی عمر علاج و دوا کو استعمال کرنے والے حضرات پا سکتے ہیں۔ ان میں سبھی قسم کے لوگ ہوتے ہیں — ایسی عورتیں بھی جو محنت اور کام کاج کرنے والی ہیں اور طبقہ امرا میں ایسے مرد بھی ہوتے ہیں جو سرے سے کام کاج سے آشنا ہی نہیں ہوتے۔ ممکن ہے اس پر تم یہ اعتراض کرو کہ باقاعدہ علاج نہ سہی تاہم علاج کی کچھ صورتیں تو خود ان میں بھی مروج ہوتی ہیں، جن سے یہ فائدہ اٹھاتے ہیں۔ یہ ٹھیک ہے مگر علاج کی یہ صورتیں قوانین طب سے میل نہیں کھاتیں، بلکہ طب کے رو سے تو ان کو لائق مذمت ٹھہرانا چاہیے۔ مثال کے طور پر یہ لوگ زیادہ تر جھاڑ پھونک کے قائل ہیں۔ ظاہر ہے کہ طب کو اس نوع کی چارہ سازی سے کوئی سروکار نہیں۔

تمھیں معلوم ہونا چاہیے کہ علم جس کا نفع کم ہو اور جو صرف دنیا ہی میں کام آنے والا ہو، نیز ایسا علم کہ انسان اس کو نہ جاننے پر بھی اس دنیا میں اچھی خاصی زندگی بسر کر سکے، اس کے حصول کے لیے عقل مند اپنے تئیں ہلکان نہیں کرتے، نہ اس کے پیچھے عمر عزیز کو فنا کرنا پسند کرتے ہیں۔ اس لیے کہ وہ نہیں چاہتے کہ چند روزہ زندگی ایسی چیزوں میں کھپا دیں جو غیر ضروری ہیں۔ ایسے علوم کے مقابلہ میں نبوت نے جن اشیا کو پیش کیا ہے ان کی جھلک زندگی کے تین پہلوؤں سے دیکھی جا سکتی ہے۔

۱- اخلاق کی اصلاح اور ان میں بہترین عادات کا امتزاج، جیسے عدل، سخاوت، صدق، بر محل شجاعت، صبر، حلم، رحمت اور ان تمام برائیوں سے اجتناب جو ان اخلاق فاضلہ کی ضد ہیں۔ ظاہر ہے کہ یہ منفعت کی عظیم ترین صورت ہے۔ جس کو اس دنیا میں اپنائے بغیر چارہ نہیں۔ از روئے عقل اس بات میں کوئی شک نہیں کہ نفس کی پاکیزگی اور اس کے بگاڑ کی اصلاح جسم کے علاج اور اس کی اصلاح سے کہیں بہتر ہے کیونکہ جسم کا علاج خود نفس و روح کی اصلاح کے تابع ہے۔ اس لیے کہ نفس و روح کے علاج کے معنی یہ ہیں کہ انسان یہ طے کر لے کہ اسے اپنے جسم کے معاملہ میں کسی ایسی شے کو گوارا نہیں کرنا ہے جو اس کی تکلیفوں میں اس درجہ اضافہ کر دے کہ اس کی وجہ سے وہ دوسرے اہم

مصالح کی انجام دہی سے قاصر رہے۔ اس سے ثابت ہوا کہ جو نظام اخلاق جسم و روح دونوں کی اصلاح کا کفیل ہو وہ اس نظام سے کہیں بہتر اور کہیں زیادہ لائق توجہ ہے جس سے صرف جسم کی اصلاح ہوتی ہو۔ نبوت کے حق میں یہ دلیل عقلی بھی ہے اور ضروری اور حسی بھی۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ نبوت کے بغیر صرف فلسفہ سے اخلاق کی اصلاح ممکن نہیں ہے۔ کیوں کہ غیراللہ کی اطاعت پر کوئی بھی فلسفہ انسان کو مجبور نہیں کر سکتا اور پھر ابھی عقل میں خود اختلاف رونما ہے کہ اخلاق کی کون سی صورت صحیح ہے اور کون سی صحیح نہیں۔ جس شخص میں قوت غضبیہ کا غلبہ ہے وہ اس شخص سے اخلاق و عادات میں مختلف ہوگا جس میں قوت نباتیہ کی فراوانی ہے اور یہ دونوں عادات و اخلاق میں اس شخص سے جداگانہ کردار کے حامل ہوں گے جس میں قوت ناطقہ کا عنصر غالب ہے۔

۲- منافع نبوت کا دوسرا پہلو یہ ہے کہ اس سے ان لوگوں کے ظلم و تعدی کو روک دینا ممکن ہے جن پر وعظ و نصیحت کا اثر نہیں ہوتا اور جو ازخود حقائق تک پہنچنے میں عجلت کا ثبوت بہم نہیں پہنچاتے۔ یعنی نبوت سے ایسی فضا پیدا کرنے میں مدد ملتی ہے جس سے دنیا میں جسمانی زندگی، عزت و ناموس اور مال و دولت ایسی چیزیں محفوظ ہو جاتی ہیں اور غلبہ و تعدی کی بجائے امن و امان فروغ پاتا ہے اور ایسے اشخاص کے نقصانات کی تلافی کا سامان مہیا ہو جاتا ہے جو اگر خود چاہتے تو اس کا اہتمام نہ کر سکتے۔ منافع نبوت کا یہ پہلو بلا شبہ عظیم اور جلیل القدر ہے۔ کوئی شخص بھی اس کے بغیر نہ اس دنیا میں زندہ رہ سکتا ہے اور نہ اس کے بغیر کسی اصلاح کی امید کی جا سکتی ہے۔

بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ اس کو نظر انداز کر دینے کے معنی ہلاکت اور بربادی کے ہیں۔ یہ ایسے فوائد ہیں جن سے وہ علوم تہی ہیں جن کا ہم نے اوپر ذکر کیا ہے۔ ہم کہ چکے ہیں کہ ظلم و تعدی کی روک تھام اور باہمی لطف و تودد کی فضا کا تصور نبوت کے بغیر ممکن ہی نہیں کیوں کہ جہاں تک غیر اللہ کی اطاعت کا تعلق ہے کسی عقلی دلیل و برہان کی رو سے اسے ضروری نہیں ٹھہرایا جا سکتا۔ اس کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ فسق اور خواہشات کی بوقلمونی کسی ایک عقلی اصول کی فرماں روائی ماننے پر آمادہ نہیں۔

۳- تیسرا پہلو جسے نبوت کے فوائد میں شمار کرنا چاہیے یہ ہے کہ یہ

اس دنیا سے کوچ کے بعد روح کو ہلاکت سے نجات دلاتی ہے اور یہ اتنی بڑی خوبی ہے کہ کوئی بھی چھوٹی بڑی خوبی اس کا مقابلہ نہیں کر پاتی۔ اللہ تعالیٰ نے دنیا کو کیوں پیدا کیا اور ہم کیوں کر نجات سے بہرہ مند ہوسکتے ہیں اس کو صرف نبوت ہی کے ذریعہ جاننا ممکن ہے۔ فلسفیانہ علوم کے بس کا یہ روگ نہیں۔ جو شخص اس کو جاننے کا دعویٰ کرتا ہے وہ جھوٹا ہے کیوں کہ اس کی تائید میں دلیل و برہان پیش کرنا ناممکن ہے۔ لہٰذا یہ دعویٰ باطل ٹھہرے گا، اگرچہ یہ عین ممکن ہے کہ کوئی اس نوع کا دعویٰ کرے۔ لیکن دعویٰ کسی کا بھی ہو دلیل و برہان کے بغیر ناقابل تسلیم ہوگا۔ لطف یہ ہے کہ خود دلیل و برہان کا تقاضا اس انداز کے دعاوی کو جھٹلاتا ہے۔

بات یہ ہے کہ وہ تمام فلاسفہ جن کو اس سلسلہ میں سند سمجھا جاتا ہے خود باہم اختلاف رکھتے ہیں۔ اس صورت میں یہ ضروری ہو جاتا ہے کہ حقیقت کی طلب و جستجو کے سلسلہ میں ان حضرات کے دروازوں پر دستک دی جائے جن کے بارے میں دلیل و برہان سے ثابت ہو کہ یہ جو کچھ کہتے ہیں خالق عالم اور مدبر عالم کی جانب سے کہتے ہیں۔ چناں چہ ہر وہ شخص جو اپنے نفس کے حقائق میں عقل و اخلاص کا مدعی ہے اس بات پر مجبور ہے کہ وہ اپنی تگ و دو اور کوشش کو صرف اسی حقیقت کے جاننے پر مرکوز کر دے ورنہ وہ اپنی جان کو ہلاکت میں ڈالنے والا ہوگا۔ اسے چاہیے کہ علوم نبوت کو چھوڑ کر ایسے علوم میں مشغول نہ ہو جن کا فائدہ نسبتاً کم ہے اور اگر کوئی اس کم منفعت کے سودے کو اختیار کرے گا تو اس کا مطلب یہ ہوگا وہ کوتاہ اندیش ہے، اس کی قوت تمیز فاسد ہے اور اس کی پسند صحیح نہیں۔ یہی نہیں بلکہ یہ قابل مذمت ہے کہ اس نے اپنی جان پر ظلم عظیم ڈھایا ہے۔

فکر و نظر کی پہلی شرط یہ ہے انسان اس حقیقت پر غور کرے کہ کیا یہ عالم حادث ہے جیسا کہ انبیا کا دعویٰ ہے یا قدما اور فلاسفہ کی اکثریت کہتی ہے یا ازلیت کا حامل ہے جیسا کہ ان کے علاوہ کچھ اور لوگوں کا عقیدہ ہے۔ عالم کا حادث ہونا ایسا مسئلہ ہے جو اختیاری و ضروری دلائل و براہین پر مبنی ہے۔ مشاہدہ بتلاتا ہے کہ حیوانات اور نباتات کی تمام انواع جن کا تعلق نمود و بالیدگی سے ہے متناہی اور

معدود ہیں اور یہ کہ ان میں بعض انواع کے افراد دوسری انواع کی نسبت تعداد میں زیادہ ہیں۔ جب اس حقیقت میں کوئی شبہ نہ رہا تو یہ بات آپ سے آپ ثابت ہو جاتی ہے کہ ہر تعداد جو متناہی ہو اس کے لیے ایک مبدا و آغاز کا ہونا ضروری ہے۔ مثال کے طور پر فلک کلی کو لو۔ اس کی ہر حرکت سے زمان و وقت کے امتداد میں اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ ہر شخص اس حقیقت سے آشنا ہے کہ ہر ایسی چیز جس میں اضافہ ہو، پہلے ناقص ہوتی ہے اور پھر اس میں اضافہ ہوتا ہے۔ لہٰذا فلک کلی نقص و اضافہ کا ہدف ٹھہرا اور ظاہر ہے کہ ان دونوں کا وجود اسی شے میں ہوگا جو مبدا و انتہا سے آشنا ہو۔ یہ اگر صحیح ہے تو یہ ضروری ہوا کہ اس عالم کا بھی ایک مبدا ہو جس کو مبدا محدث کہنا چاہیے۔ نیز زمانہ تمام تر اسی حقیقت کا نام ہی تو ہے کہ ایک دن (یوم) ہے اور اس کے بعد پھر ایک دن ہے اور اسی تسلسل ایام سے اس کے وجود کا تانا بانا تیار ہوتا ہے، اور یہ کہ ایک ایک دن ایسا ہے کہ جس کے لیے مبدا و انتہا ہے۔ جس کے یہ معنی ہوئے کہ زمانہ کی ہر چیز مبدا و انتہا سے متصف ہے اور یہ کہ زمانہ اپنے ان اجزا سے الگ کوئی وجود نہیں رکھتا۔ لہٰذا نفس زمانہ کے لیے بھی منطقی ضرورت کی بنا پر مبدا و انتہا کو ماننا پڑے گا۔

جو شخص زمانہ کو اس کے سوا محض ایک مدت تصور کرتا ہے وہ ایسی باطل بات کا دعوے دار ہے جس کی تائید میں کوئی دلیل نہیں پیش جاسکتی۔ اس طرح جو شخص زمانہ کو باری تعالیٰ پر منطبق کرنے کی کوشش کرتا ہے وہ تناقض کا شکار ہوتا ہے کیوں کہ زمانہ جس طرح ہم ثابت کر چکے ہیں مبدا ہے اور باری تعالیٰ کے لیے مبدا و آغاز کا تصور سرے سے باطل ہے۔ وہ تو خالق زمان ہے۔ لہٰذا ضروری ہے کہ اس کا وجود غیر زمانی ہو۔

فکر و نظر کا دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ اس عالم کو کوئی معرض وجود میں لانے والا ہے یا نہیں۔ عقل کی رو سے فیصلہ یہ ہے کہ حدوث پذیر ہونا یا ابتدا و آغاز سے ہونا ایک فعل ہے اور فعل منطقی طور سے فاعل چاہتا ہے۔ اس کے سوا کوئی اور صورت ممکن ہی نہیں۔ نیز یہ بھی غور طلب ہے کہ جہاں تک اس عالم کی ترقی و تربیت کا تعلق ہے اور اس کی آبادی، زراعت اور حیوانات کو سدھانے وغیرہ کا سوال ہے یہ تمام مسائل ایسے ہیں جو ایک زبان اور لغت کے مقتضی ہیں جس کے ذریعے

بات چیت کی جا سکے اور مخاطب کو اپنا ما فی الضمیر سمجھایا جا سکے۔ ہمارا مشاہدہ ہے کہ جو شخص لغت و زبان سے واقف نہیں ہوتا وہ بات چیت پر قادر نہیں ہوتا۔ چناں چہ اگر ایک شخص پیدائشی بہرا ہو تو اس سے ہرگز توقع نہیں کی جا سکتی کہ وہ کبھی بول سکے گا۔ اس سے ثابت ہوا کہ آدمی اسی وقت گفتگو کرسکتا ہے جب کہ وہ گفتگو سن سکے اور اس کے مفہوم سے آگاہ ہوسکے۔ یہی حال تمام علوم کا ہے۔ کوئی بھی شخص اس وقت تک ان میں حسن و کمال پیدا نہیں کرسکتا جب تک کہ ان سے اچھی طرح باخبر نہ ہو۔ اس دعویٰ کی دلیل تاریخ عالم کے مشاہدہ پر مبنی ہے۔ جو شخص زبان و کلام کے تیوروں کو نہیں جانتا وہ علوم و فنون تک رسائی حاصل نہیں کرسکتا اور ان قوموں میں علوم و فنون کے پنپنے اور ترقی کے امکانات کا بھی فقدان ہے جن میں غیر ترقی یافتہ زبان ہونے کی وجہ سے علم کا کوئی تصور نہیں۔ چناں چہ بلاد روم، صقالبہ، ترک، دیلم، سوڈان، بربر اور صحراؤں میں رہنے والے جب سے دنیا پیدا ہوئی ہے برابر علوم و فنون سے محروم چلے آرہے ہیں۔ نہ تو ان میں زراعت کا وجود ہے اور نہ کپڑا بننے اور تیار کرنے کا کوئی سلیقہ۔ یہ ساری چیزیں اس وقت معلوم ہوتی ہیں جب کوئی بنانے والا ہو۔ اس پر دلیل یہ ہے کہ جو سرے سے جانتا ہی نہیں وہ علم میں کیا ترقی کر سکے گا۔ چناں چہ جو ملک علوم و فنون سے شروع ہی سے محروم رہے وہ آج تک اس محرومی سے چھٹکارا حاصل نہیں کر سکے۔ البتہ کچھ ایسی چیزیں بھی ہیں جو تعلیم و تعلم کے بغیر حاصل ہوتی ہیں، جیسے دودھ پینا؟ اکل و شرب اور جنسی تقاضوں کو پورا کرنا وغیرہ۔ ان چیزوں میں انسان یا حیوان کو کسی معلم کی ضرورت نہیں پڑتی، لیکن جہاں تک زبان اور فنون کا تعلق ہے اس کے لیے لازماً معلم کی ضرورت پیش آتی ہے۔ ایسے استاد و معلم کی نہیں کہ جن کی طبیعت میں پہلے سے از خود بہ تقاضائے فطرت بعض چیزوں کا علم رکھ دیا گیا ہو کیوں کہ فنون و صناعات کا علم گر ایسے ہی طبعی تقاضے کا مرہون منت ہوتا تو یہ فنون ہر دور میں اور ہر جگہ یکساں حیثیت سے پائے جاتے، اس لیے کہ فطرت بہر حال ایک ہے۔ اگر فنون و صناعات کا علم فطرت کی فیض بخشیوں کا نتیجہ ہوتا تو ہم تمام قوموں کو بغیر کسی امتیاز کے ان سے بہرہ مند پاتے الا یہ کہ کسی عارض کی وجہ سے کوئی قوم اس سے استفادہ نہ کر پائی ہو۔ اور اگر یہ تجزیہ صحیح ہے تو منطقی ضرورت اس بات کی مقتضی ہے کہ جس ذات

نے اس عالم کو وجود بخشا ہے وہی لغات اور فنون کو پیدا کرنے والی ہو ۔ چناں چہ اسی ذات گرامی نے زبان اور فنون اس پہلے انسان کو سکھائے جس کو اس نے سب سے پہلے پیدا کیا اور پھر اس معلم نے ان کو بنی نوع انسان تک وسعت دی ۔

دلیل کی یہ نوعیت ضروری اور حسی ہے جو ایک طرف تو وجود خالق چاہتی ہے اور دوسری طرف وجود، نبوت کی مقتضی ہے ۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ خالق عالم نے ہی علوم و فنون کی ابتدائی تعلیم دی، اور اسی سے رسالت کا بھی پتہ چلتا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ پھر نبی نے ان علوم و فنون کو ان لوگوں تک پہنچایا کہ جن تک پہنچانے کا وہ مکلف تھا ۔

جب ان سب مقدمات کی صحت ثابت ہوچکی تو اب یہ دیکھنا چاہیے کہ اس عالم کو وجود میں لانے والا واحد ہے یا کثرت کا حامل ہے ۔ اس سوال کا جواب عقل کے بہت ہی قریب تر ہے ۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ اگر واحد نہ ہو تو پھر نہ عدد کا کوئی تصور باقی رہتا ہے اور نہ معدود کا ۔ مگر یہ واحد ہے کہاں؟ ہم نے اس بارے میں پورے عالم کا جائزہ لیا لیکن ہم نے اس میں ''مجرد واحد'' نہ پایا، اس لیے کہ اس عالم کی ہر شے تقسیم پذیر ہے اور جب تقسیم پذیر ہے تو کثرت کی حامل ہے ۔ مگر واحد کا ہونا بہر حال ضروری ہے ۔ اور جب یہ عالم کثرت کا آئینہ دار ہے تو ظاہر ہے کہ یہ ''واحد'' عالم کا حصہ نہیں ہوسکتا ۔ اس لیے ضروری ہے کہ غیر عالم ہو یعنی عالم سے الگ اور علاحدہ ایک ذات ہو ۔ اور یہ علاحدہ اور الگ ذات وہی ہے جس نے اس عالم کو وجود کے قالب میں ڈھالا جس میں نہ کثرت ہے اور نہ تعداد ۔ اس کے سوا اور کوئی ''واحد'' نہیں قرار دیا جا سکتا ۔ اسی واحد نے اس عالم کو بنایا ۔ چناں چہ یہ عالم محدث ہے اور بعد میں سطح وجود پر ابھرنے والا ہے ۔ جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں یہ پہلے وجود سے یکسر عاری تھا پھر اس کی تخلیق ہوئی اور وجود عطا کیا گیا ۔ یہ اگر درست ہے تو واحد کے ساتھ ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ یہ واحد اول ہو کیوں کہ اگر اول موجود نہ ہوتا تو یہ ثانی یعنی بعد میں منصہ شہود پر آنے والا عالم رنگ و بو بھی موجود نہ ہوتا ۔ لہٰذا اگر ثانی موجود ہے تو منطقی ضرورت کا تقاضا ہے کہ ''اول'' بھی موجود ہو اور چوں کہ ثانی موجود ہے اس لیے اول

بھی موجود ہے مگر یہ ''اول'' ہے کہاں ؟ ہم نے اس سوال کا جواب حاصل کرنے کی غرض سے اس عالم کا کونہ کونہ چھان مارا ہمیں کہیں بھی ایسا اول نہ مل سکا جو ازلی ہو۔ جو بھی ملا حادث ملا ؛ جو پہلے کبھی کتم عدم میں تھا اور پھر اس کو اس پیدا کرنے والے نے سطح وجود پر ابھارا۔ لہٰذا اس ''اول'' کو منطقی ضرورت کی بنا پر غیر عالم یعنی اس عالم سے الگ تھلگ ہونا چاہیے اور الگ تھلگ ذات وہی ہے جس نے پہلے اس عالم کو پیدا کیا۔

اب جیسا کہ وجود خالق ثابت ہو گیا اور یہ بات ثابت ہو گئی کہ یہ واحد ہے اور اول و ازل ہے نیز نبوت و رسالت کی تصدیق بھی ہو گئی تو ضروری ہوا کہ انبیا کی تعلیات پر غور کیا جائے۔

جہاں تک عیسائیت کا تعلق ہے ہم نے دو وجہ سے اسے حد درجہ فاسد پایا۔ ایک تو اس بنا پر کہ عیسائیوں نے توحید کو باپ بیٹا اور روح القدس میں منحصر جانا۔ دوسرے اس بنا پر کہ ان کے ہاں نقل و روایات کا سلسلہ ناقص ہے، مثلاً اناجیل کو صرف تین ہی آدمی روایت کرتے ہیں مرقس—لوقا اور یوحنا— جو محض ناقل ہیں، اصل الفاظ متیٰ کے ہیں۔ اس طریق روایت سے ان کا جھوٹ نکھر کر سامنے آ جاتا ہے۔ علاوہ ازیں ان میں باہم تضاد بھی ہے جو کھلے ہوئے کذب پر دلالت کناں ہے۔ لہٰذا ان کا طریق روایت مستند نہ رہا۔ علاوہ ازیں اس شریعت کی ساخت میں ان کے دینی علما اور بادشاہوں کا بھی ہاتھ ہے جس کا انھوں نے خود اقرار کیا ہے۔ روایت کا جب یہ انداز ہو تو اس سے استدلال کرنا جائز نہیں ہوتا کیوں کہ صحت روایت کے لیے پہلی شرط یہ ہے کہ یہ براہ راست پیغمبر سے مروی ہو۔

یہودیوں کی شریعت کو بھی ہم نے حد درجہ بگڑا ہوا پایا، اس لیے کہ یہ جن کتابوں سے ماخوذ ہے وہ اول روز سے غائب ہیں۔ ان کو ابتدا سے لے کر دوران اشاعت تک اتنے لوگوں نے روایت نہیں کیا کہ ان کے بارے میں غلطی یا کذب کا امکان نہ ابھر سکے۔ اس شریعت میں تغیر و تبدل بھی ہوا ہے۔ اس کے کچھ حصے ضائع بھی ہوئے ہیں اور پھر ایسا مرحلہ بھی آئے جب سرے سے اس پر عمل ہی نہیں ہوا اور اس کی نقل و روایت کا اہتمام ہی نہ ہو سکا اور یہ وہ دور تھا جب یہودیوں کو اقتدار حاصل ہوا اور انھوں نے اسے [شریعت موسوی کو] ماننے سے انکار کیا۔ اس

کے بعد جا کر کہیں انہوں نے اس کو دوبارہ مرتب کیا ۔ یہ اب سینکڑوں برس سے ان میں نقل و روایت کی صورت میں موجود ہے لیکن ان میں اخبار و احوال سے متعلق خاصہ جھوٹ پایا جاتا ہے۔ مزید براں زبانی اقرار کے سوا یہودیوں نے عملاً کبھی اس کو قائم کرنے کی کوشش ہی نہیں کی۔ ظاہر ہے کہ جس شریعت کے بارے میں غفلت و انکار کا یہ عالم ہو وہ منجانب اللہ نہیں ہو سکتی۔ اس کا باطل و منحول ہونا ظاہر ہے، اس لیے کہ اس کے بنائے ہوئے فرائض و واجبات پر عمل پیرا ہونے کی کوئی صورت پیدا ہی نہیں ہوئی۔

یہودیوں کے بعد ہم نے مجوسیت پر غور کیا۔ ہم نے یہ دیکھا کہ یہ لوگ کھلے بندوں اس بات کے معترف ہیں کہ ان کی شریعت کے کثیر حصے کو اردشیر بن بابک نے ترتیب دیا ہے اور قریب قریب دو تہائی حصہ اس کا اس وقت ضائع ہو گیا جب سکندر نے ان کی کتاب کو نذر آتش کیا۔ جس کتاب کی عدم حفاظت کا یہ حال ہو اس پر دین کی بنیاد رکھنا کب جائز ہے۔ جس کو وہ [مجوسی] دین قرار دیتے ہیں اس کے متعلق خود ان کی متفقہ رائے یہ ہے کہ اس کا اکثر حصہ ضائع ہو چکا ہے۔ ان حالات میں کوئی عقل مند بھی اس کو شریعت قرار نہیں دے سکتا۔

پھر ہم نے مانی کے ماننے والوں کو فکر و نظر کا ہدف ٹھہرایا۔ ہم نے دیکھا کہ یہاں بھی نقل و روایت کا سلسلہ فاسد ہے۔ ان میں کوئی بھی ایسا شخص نہیں ملتا جس نے براہ راست مانی سے دین کی روایت کی ہو۔ پھر مانی کی طرف جو دین منسوب ہے اس میں کھلی ہوئی تحریف بھی پائی جاتی ہے۔ علاوہ ازیں معجزہ کی شکل کی کوئی شے بھی ان روایات میں منقول نہیں جس سے صحت نقل کا ثبوت فراہم کیا جا سکے۔ جس تعلیم کا یہ حال ہو اس کے باطل ہونے میں کیا شک رہ جاتا ہے؟ اس میں فساد اور بگاڑ کا واضح ثبوت یہ بھی ہے کہ اس میں اس بنا پر قطع نسل کی تعلیم دی گئی ہے کہ نور ظلمت کے چنگل سے مخلصی حاصل ہو۔ قطع نسل کی یہ تدبیر قطعی ناکام اور ناممکن ہے، اس لیے کہ ظلمت تنہا انسانی قالب ہی میں نہیں، اس کے حامل بے شمار حیوانات بھی ہیں۔ اڑنے والے بھی اور زمین پر چلنے والے بھی۔ ظاہر ہے کہ یہ سب اپنی نسل ختم نہیں کر سکتے اور پھر جس شریعت کا مدار قطع نسل پر ہو اس سے بڑھ کر کوئی شریعت فاسد نہیں ہو سکتی ہے۔

اس کے بعد ہم نے صابئین کے بارے میں غور و فکر کیا - یہ ملت صفحہ ہستی سے بالکل مٹ چکی ہے اور اب اس کا نام و نشان تک باقی نہیں رہا - ان کے اصول وہی ہیں جو منانیہ کے ہیں - اس لیے ان کے کذب میں بھی شک و شبہ کی کوئی گنجائش نہیں - نقل و روایت کا سلسلہ بھی انہیں ایک عرصہ سے میسر نہیں - لہٰذا کوئی صورت ایسی دکھائی نہیں دیتی کہ اس دین کی تصدیق کی جا سکے - پھر ان کا اپنا اعتراف بھی ہے کہ یہ شریعت ان کے اکابر کی طبع زاد ہے - ظاہر ہے اس صورت میں کوئی بھی عقل مند آدمی اس کو دین نہیں ٹھہرا سکتا -

ان تصریحات کی رو سے جب تمام ادیان کا باطل ہونا ثابت ہو گیا اور ان کے علاوہ کوئی دین ایسا نہیں رہا جو کسی نبی کی طرف منسوب ہو (اور ہر ملت کے لیے ضروری ہے کہ اس کا دین اس کے پیغمبر سے ماخوذ ہو کیوں کہ اس کے سوا اللہ کے پیغام کی معرفت ممکن ہی نہیں) تو صرف ایک ہی ملت باقی رہ جاتی ہے جس نے دینی تصورات کو اپنے پیغمبر جناب محمد بن عبداللہ سے براہ راست حاصل کیا - ان ہی کی کتاب کو ہر دور میں ایک گروہ اور جماعت نے نقل کیا اور ہم تک پہنچایا - بخلاف انجیل کے کہ اس کو ہم تک پہنچانے والے صرف تین ہی آدمی ہیں اور ان کا جھوٹ بھی کھل چکا ہے اور بخلاف تورات کے کہ اس کا راوی ایک ہی آدمی یعنی عذرا ہے جس سے پہلے یہ حال تھا کہ اقتدار و حکومت کے زمانہ میں بھی کاہن کے سوا کسی یہودی کو تورات پڑھنے کی اجازت نہیں تھی - آں حضرت کو جو کتاب عطا کی گئی اس میں آپ کے معجزات بھی منقول ہیں، جیسے اعجاز قران اور عربوں کا قرآن کے جواب سے عہدہ برآ نہ ہوسکنا، مخالفین کے مطالبہ پر شق القمر کا ظہور، یہودیوں کے بارے میں یہ پیشین گوئی اور تجربہ کہ یہ موت کی تمنا نہیں کر سکیں گے اور ملوک یمن کا خود بخود بغیر کسی خوف اور لالچ کے مال و جان سے ایمان لے آنا - اور مال و جان کے لالچ کا ذکر ہی کیا، آں حضرت نے تو انہیں یہ دعوت دی کہ بادشاہت چھوڑ دیں، غرور، انتقام اور خون ریزی کے جذبات سے دست کش ہو جائیں اور عوام سے آملیں - یہی نہیں بلکہ ان لوگوں میں اخوت کا رشتہ جوڑیں جنھوں نے ان کی اولاد کو اور ان کے باپ دادا کو موت کے گھاٹ اتارا تھا - ان سب نے اس دعوت کو قبول کیا جیسے یمن، عمان اور بحرین وغیرہ کے بادشاہوں نے یہاں تک کہ جبل بن ایہم کو بھی اس دعوت

اسلامی کو قبول کرنا پڑا۔ اس کے بعد اگرچہ وہ محض غرور و نخوت کی وجہ سے مرتد ہو گیا، اپنے ارتداد پر ہمیشہ نادم رہا۔ یہ وہ حقائق ہیں جن سے کوئی شخص بھی انکار نہیں کرسکتا۔

علاوہ ازیں جو کتاب آں حضرت پر نازل ہوئی وہ ایسی ہے جس میں جھوٹ کا شائبہ تک نہیں، تناقض کا گزر نہیں اور کسی عقلی استحالہ کا وجود نہیں۔ لہذا آپ کی نبوت پایۂ ثبوت کو پہنچی اور اس بارے میں کسی شک و شبہ کی گنجائش باقی نہ رہی۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ یہ شریعت جوں کی توں آپ کے عہد سے لے کر ہم تک بغیر کسی تاریخی انقطاع کے ہمارے معمولات کا جزو بنی اور ایک لمحہ بھر کے لیے بھی ہماری آنکھوں سے اوجھل نہ ہونے پائی۔ اس کے متعلق یہ بھی نہیں کہا جا سکتا کہ یہ صرف خواص میں مقبول رہی اور عوام تک نہ پہنچی بلکہ اس کی اشاعت و فروغ کا تو یہ عالم رہا کہ مشرق و مغرب اس کی ضیا باریوں سے مستنیر ہوئے۔

یہ حقائق اگر درست ہیں تو ایک عاقل کے لیے ضروری ہو جاتا ہے کہ عمر بھر اس شریعت کی طلب و جستجو اور معرفت میں لگا رہے۔ اسی کے ذریعہ اسے معاد میں سرخرو ہونا، ہلاکت سے بچنا اور جہنم کی آگ سے نجات حاصل کرنا ہے۔ یہی نہیں بلکہ اسے آسمان کی ان بلندیوں تک رسائی حاصل کرنا ہے جو حیات ابدی کا مرکز ہیں، جو ہر طرح کے فکر سے پاک ہیں اور سرود وانبساط کے ابدی ٹھکانے ہیں، یعنی جہاں ایسی لذتوں کا سامنا ہے کہ جو زائل اور منقطع ہونے والی نہیں۔ ہر سمجھ دار انسان کے لیے ضروری ہے کہ وہ دیگر علوم سے صرف اسی حد تک تعرض کرے جس حد تک وہ ان کی غرض و غایت جان سکے اور جہل و نادانی کے عیب کو دور کرسکے اور غلط فہمیوں سے دامن بچا سکے مثلاً یہ کہ شاید ان علوم میں ایسے ایسے حقائق پائے جاتے ہیں جو علوم دین میں نہیں پائے جاتے۔ ہو سکتا ہے ان علوم میں ایسی باتیں بھی ہوں جن سے دینی حقائق کی تائید ہو لیکن جب انسان ان علوم سے بقدر ضرورت بہرہ ور ہو جائے تو پھر اسے ان علوم کی طرف عنان توجہ موڑنا چاہیے جن میں اس کی نجات مضمر ہے۔

جہاں تک فلاسفہ کا تعلق ہے انہوں نے کبھی یہ دعویٰ نہیں کیا کہ انہوں نے علوم کی بدولت نجات اخروی حاصل کر لی ہے۔ اگر وہ ایسا دعویٰ کریں بھی تو اس دعویٰ میں اس بنا پر جھوٹے سمجھے جائیں گے کہ ان

کے پاس کوئی دلیل ایسی نہیں جس سے ابدیت کی تصدیق ہوسکے اور جس سے ہر طرح کے تکدر سے مخلصی حاصل کرلینے کی تدبیر کی طرف اشارہ پایا جاتا ہو یا جس سے سرور و لذت ابدی کا سراغ مل سکے۔ و اللہ اعلم بالصواب۔

جہاں تک فلاسفہ کے نظریات کا تعلق ہے ان کی اپنی کتابوں کے مطابق ان میں شدید اختلاف ہے۔ بعض حدوث عالم کو ثابت کرتے ہیں جیسے بقراط اور افلاطون۔ بعض یہ رائے رکھتے ہیں کہ یہ عالم تخلیق و آفرینش ازل سے اسی نہج پر چل رہا ہے اور اس کا خالق بھی اسی نسبت سے ازلی ہے۔ اس رائے کو لوگ ارسطو کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ بعض کا کہنا ہے کہ نبوت، ملائکہ کا وجود، آخرت اور آخرت میں سزا و جزا ان سب کا ثبوت ملتا ہے۔ افلاطون اور کلیلہ و دمنہ کے ہندوستانی حکما کا یہی خیال ہے۔ ان میں سے بعض تناسخ ارواح کے بھی قائل ہیں جیسے سند باد کے قصہ سے عیاں ہے۔ غرض ان میں بالکل ایسا ہی اختلاف رائے ہے، جیسا کہ دوسروں میں۔ شمہ بھر فرق یا امتیاز اس میں نہیں۔

اس بنا پر عقل مند اور خود اپنے حق میں خیر خواہ اسی شخص کو سمجھا جائے گا جو اطاعت کے لیے ایسی شخصیت کو چنے جو اسے نجات کے راستہ پر ڈال دے اور اس شخص کو مجنوں خیال کیا جائے گا جو ایسے شخص کی ارادت کا جوا اپنی گردن میں ڈالے جو نہ تو اسے نجات سے ہم کنار کرسکتا ہے اور نہ دنیا و عقبیٰ میں کوئی فائدہ ہی پہنچا سکتا ہے۔ ظاہر ہے کہ اس سے بڑھ کر اور حماقت کوئی نہیں ہوسکتی۔

اگر یہ مقدمات صحیح ہیں تو یہ وصف صرف ہمارے هادی ہی میں پایا جاتا ہے جس کو ہمارے خالق نے ہماری طرف مبعوث فرمایا کہ وہ دنیا و عقبیٰ میں ہمارے لیے نجات و مخلصی کا سبب قرار پائے۔ اس حقیقت سے آگاہ رہنا بھی ضروری ہے کہ جس شخص نے علم شریعت اس غرض سے حاصل کیا کہ وہ اس سے سیاسی تفوق حاصل کرے یا مال و دولت کو اپنے دامن طلب میں سمیٹے اس کے بارے میں سمجھ لینا چاہیے کہ اس نے ہلاکت مول لی۔ اس لیے کہ اس نے ایسی چیز چاہی جس کی طلب و جستجو کے لیے اس کے خالق نے اسے پیدا نہیں کیا۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہمیں جو حکم ملا ہے وہ صرف یہ ہے کہ ہم ایسی شریعت کے حصول کو اپنا نصب العین بنائیں جس کے ذریعے دنیا و آخرت میں ہم نجات

سے بہرہ مند ہوسکیں اور اللہ کے عذاب سے محفوظ رہ سکیں۔ لہٰذا جس نے اپنی طلب و جستجو کا محور کسی ایسی چیز کو بنایا جس کا حکم اللہ تعالیٰ نے نہیں دیا اس نے اس کی عطا و بخشش سے محرومی حاصل کی۔ اس کی محنت رائگاں گئی، عمل باطل ہوا اور سعی و کوشش ـ " غلط راستہ اختیار کیا۔

اسی طرح اس حقیقت کو بھی جان لینا ضروری ہے کہ جس شخص نے شریعت کو ایسے شخص کے ذریعہ حاصل کرنے کی سعی کی جس کی روایت آں حضرت کے بارہ میں پایۂ ثبوت کو نہیں پہنچی یا جس نے ایسے شخص کی پیروی کی جس کی پیروی کا اللہ تعالیٰ نے اس کو مکلف نہیں ٹھہرایا، اس نے بھی خسارہ کا سودا کیا اور اس نے اعمال کو ضائع کیا۔ ہم نے جو باتیں بیان کی ہیں یہ بعینہ ان اہل حق حضرات کا وتیرہ رہا ہے جنھوں نے آں حضرت کے فیوض صحبت سے استفادہ کیا اور دین کی تعبیر کا یہی انداز تابعین اور تبع تابعین نے بھی اختیار کیا۔ اسی زمانے میں کچھ ایسی فاسد اور غیر صحیح آرا کا بھی اظہار ہوا جن کے متعلق ہر شخص جانتا ہے کہ ان کا آغاز و رواج کب ہوا۔ یہ حقیقت اپنی جگہ بالکل واضح ہے کہ وہ تمام افکار جو آں حضرت کے پیغام اور دعوت سے متصادم ہیں باطل ہیں اور باطل سے دامن کشاں ہی رہنا چاہیے۔ یہ ہے تمہارے سوال کا جواب جو اگرچہ بدرجۂ غایت مختصر ہے تاہم اس میں برہان و دلائل کی کمی نہیں۔ وباللہ التوفیق

— محمد حنیف ندوی

اسلامی ثقافت کے بنیادی عوامل

مضمون پیش نظر میں ثقافت سے مراد وہ اعلیٰ نظریات، بلند نصب العین اور معاشرتی و اخلاقی اقدار ہیں جن کی بدولت کوئی قوم یا ملت اپنی ابتدائی اور غیر ترقی یافتہ حالت سے نکل کر تہذیب و تمدن کے اعلیٰ مدارج کی تحصیل کرتی ہے۔ ثقافت کی اس تعریف کی روشنی میں جب ہم اسلامی ثقافت کا جائزہ لیتے ہیں تو ہمیں صاف طور پر اسکی امتیازی حیثیت کا پتہ چلتا ہے اور واضح طور پر نظر آتا ہے کہ اس ثقافت کی بنیاد تمام تر قرآن حکیم اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات پر ہی رہی ہے۔ انہی تعلیمات سے مسلمانوں نے تمام زمانوں میں نئی روح اور حیات تازہ حاصل کی ہے۔ مسلمانان عالم نے آداب و اخلاق میں، نظام منزل کی استواری میں، باہمی معاملات کی درستگی میں، علوم نقلیہ و عقلیہ کی تحصیل و اشاعت میں، سیاست و معیشت میں، عبادات میں، غرضیکہ زندگی کے تمام شعبوں میں انہی سے ہدایت و رہنمائی حاصل کی ہے اور اسلامی تہذیب کی عظیم الشان عمارت انہی کی اساس پر قائم ہوئی ہے۔

اسلامی تعلیمات کے وہ عوامل جنہیں اسلامی ثقافت کی اہم بنیادیں قرار دیا جا سکتا ہے حسب ذیل ہیں: ۱- توحید و رسالت؛ ۲- وحدت نسل انسانی؛ ۳- عزت نفس انسانی؛ ۴- اخوت بین المسلمین؛ ۵- عدالت؛ ۶- روا داری؛ ۷- قیام امن؛ ۸- طلب علم؛ ۹- عمل صالح؛ ۱۰- عبادات؛ ۱۱- منزلی زندگی کی استواری؛ ۱۲- باہمی معاملات کی استواری؛ ۱۳- متوازن نظام معیشت کا قیام؛ ۱۴- سیاسی تنظیم؛ ۱۵- امر بالمعروف و نہی عن المنکر کی تعلیم۔

۱- توحید و رسالت: اسلامی تعلیمات میں توحید الٰہی کا تصور مرکزی نقطے کی حیثیت رکھتا ہے۔ قرآن حکیم میں توحید کا بیان جابجا پھیلا ہوا ہے، خصوصاً مکی سورتوں کا معتدبہ حصہ تو توحید کی تعلیم ہی پر مشتمل ہے۔ قرآن حکیم نے اسی کو تمام نبیوں کی تعلیم کا سنگ بنیاد قرار دیا ہے۔ قرآن حکیم نے انسان کو ایک ایسے علیم، حکیم، حیی و قیوم

خدا کا تصور دیا ہے جو کائنات کا خالق و مالک، جہانوں کا پالنے والا، انسانوں کا قانونی و سیاسی حاکم، ان کے احوال سے پوری طرح واقف، ان کی شاہ رگ سے بھی زیادہ قریب، ایسا رحیم و کریم کہ اس کی رحمت تمام دوسری چیزوں پر فائق، وحدہ لا شریک خدا جو نہ کسی سے پیدا ہوا ہے اور نہ اس سے کوئی پیدا ہوا۔ توحید کی وضاحت کے سلسلے میں قرآن حکیم کا انداز بڑا پر حکمت، با اثر اور انسانی فہم و فطرت کے عین مطابق ہے۔ کہیں انسانوں کو زمین و آسمان کی تخلیق، لیل و نہار کی گردش، موسموں کے تسلسل، اجرام سماوی کے نظام حرکات۔ غرضیکہ پوری کائنات میں ایک کامل تنظیم ہونے پر غور و تدبر کی تلقین کرتے ہوئے انھیں ایک خدا کی طرف بلایا ہے۔ کہیں عقلی استدلال سے یہ بات سمجھائی ہے کہ اگر اس کائنات کے دو خدا ہوتے تو اس کا نظام درہم برہم ہو جاتا اور کہیں شرک کو سب سے بڑا اور نا قابل معافی گناہ قرار دیتے ہوئے انسانوں کو بتوں اور جھوٹے خداؤں کی پرستش سے روکا اور بڑے موثر پیرائے میں سمجھایا ہے کہ پتھر کے ٹکڑے جو کسی کو نفع و ضرر نہیں پہنچا سکتے معبود کیوں کر ہو سکتے ہیں۔

اسلام نے بنی نوع انسان کو محض لفظی توحید ہی کا سبق نہیں دیا بلکہ ایک ایسی عملی توحید کی تلقین کی ہے جو ان کے اعمال پر اثر انداز ہوتی ہے۔ قرآن حکیم نے اس ضمن میں ناامیدی، خوف اور حزن جیسے سلبی و تخریبی جذبات سے انسان کو روکا ہے۔ چناں چہ یہ جذبۂ توحید ہی تھا جس سے سرشار ہو کر مسلمان کائنات کی تسخیر میں لگ گئے، تکالیف و مصائب کا خندہ پیشانی سے مقابلہ کیا اور اپنے آہنی عزائم کی بدولت حوادث کا رخ پھیر دیا۔

اسلام انبیائے سابقہ کی رسالت پر عمومی طور پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت پر خصوصی طور پر ایمان کو ضروری قرار دیتا ہے۔ قرآن حکیم نے مختلف طریقوں سے رسول اکرم کی کامل اطاعت اور پیروی کو ضروری قرار دیا ہے۔ کہیں اللہ تعالیٰ کی اطاعت کے ساتھ ساتھ رسول اکرم کی اطاعت و فرماں برداری کا حکم دیا ہے تو کہیں رسول کی اطاعت کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت شمار کیا ہے۔ کہیں مسلمانوں کو اپنے تمام معاملات میں رسول اکرم کی تعلیمات کو آخری حکم و معیار تسلیم کر لینے کی تلقین کی ہے تو کہیں ان کی ذات کو پوری امت مسلمہ کے لیے کامل نمونۂ حیات قرار دیا ہے۔

چناں چہ مسلمانوں نے ہو دور اور ہر زمانے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی اور اطاعت کو فریضہ سمجھتے ہوئے ان کے اسوۂ حسنہ کو مکمل نمونۂ زندگی سمجھا ہے اور بیک وقت ان کی ذات اور تعلیمات سے روشنی اور ہدایت حاصل کی ہے۔ مسلمانوں کی اس فضیلت میں دنیا کی کوئی قوم شریک نہیں کہ انھوں نے اپنے پیغمبر کی تعلیم اور اس کے اقوال و افعال کو انتہائی احتیاط اور چھان بین سے محفوظ کر لینے کے سلسلے میں تقریباً چھ لاکھ انسانوں کی زندگیوں کو محفوظ کر لیا ہو۔

۲۔ **وحدت نسل انسانی:** رنگ، نسل، زبان اور علاقائی امتیازات کو ختم کرنے کے لیے، نیز تمام انسانوں کے اندر ہمدردی اور مساوات کا جذبہ ابھارنے کے لیے اسلام نے وحدت نسل انسانی کی تعلیم دی ہے اور یہ واضح کر دیا کہ اس دنیا میں بسنے والے تمام انسان بحیثیت انسان برابر ہیں کیوں کہ ان کی اصل ایک ہے۔ قرآن حکیم کا ارشاد ہے "یایھا الناس اتقوا ربکم الذی خلقکم من نفس واحدۃ و خلق منھا زوجھا و بث منھما رجالا کثیراً و نساء"[۱] (اے لوگو! اللہ تعالیٰ کا تقویٰ اختیار کیے رہو جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا اور پھر اس سے اس کا جوڑا بنایا اور ان سے مرد و عورت پھیلائے)۔ شعوب و قبائل کے امتیاز سے بالاتر ہو جانے اور تقویٰ کو معیار شرافت و تکریم گرداننے کے سلسلے میں ارشاد ربانی ہے: "و جعلنا کم شعوباً و قبائل لتعارفوا ان اکرمکم عند اللہ اتقکم"[۲] (اور ہم نے تمہیں مختلف گروہوں اور قبیلوں میں تعارف کے لیے تقسیم کیا ہے۔ تحقیق اللہ کے نزدیک مکرم و محترم وہ ہے جو تم میں سے زیادہ متقی ہے)۔

قرآن حکیم کی اسی قسم کی تعلیمات کے زیر اثر مسلمانوں نے نسلی، لسانی، لونی اور علاقائی امتیازات کو ہمیشہ ختم کرنے کی کوشش کی ہے اور ان اتفاقی امتیازات کی بنا پر کسی انسان کے حقوق کو چھین لینے کو گناہ عظیم سمجھا ہے۔

۳۔ **عزت نفس انسانی:** قرآن حکیم کی رو سے انسان کو تمام دیگر مخلوقات پر فضیلت و برتری حاصل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انسان کو خدا کے علاوہ تمام دوسری چیزوں کے سامنے جھکنے سے سختی سے منع کیا گیا ہے۔ اسلام نے انسان کو پیدائشی طور پر گناہ گار نہیں بلکہ معصوم گردانا ہے

۱۔ القرآن: ۴: ۱۔ ۲۔ ایضاً: ۴۹: ۱۳۔

اور اسے بڑا اعلیٰ و ارفع مقام دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو ''لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم ''[۳] (یقیناً ہم نے انسان کو بہترین صورت پر پیدا کیا ہے) کی فضیلت سے نوازا ہے اور بنی نوع انسان کی تکریم اور اس کے شرف کا ذکر کرتے ہوئے ''و لقد کرمنا بنی آدم''[۴] (اور ہم نے بنی آدم کو عزت بخشی ہے) ارشاد کیا ہے۔

قرآن حکیم انسان کو نیابت کی خلعت پہناتے ہوئے اسے ایک اعلیٰ امانت کا حامل اور مسجود ملائک بتاتا ہے۔ نیز ''ان اللہ سخرلکم ما فی السموات و الارض''[۵] (تحقیق اللہ تعالیٰ نے جو کچھ آسمانوں اور زمینوں میں ہے تمہارے لیے مسخر کر دیا ہے) کی بلند تعلیم دے کر اسے کائنات کی غلامی سے نکال کر کائنات کی تسخیر کی دعوت دیتا ہے۔ عزت نفس انسانی کی اس قرآنی تعلیم نے اسلامی تہذیب کی ترقی و سربلندی میں بڑا اہم کردار ادا کیا اور اسی بنا پر اقدار اعلیٰ کی تحصیل معاشرۂ انسانی میں ایک صحت مندانہ انقلاب پیدا کرنے کا باعث بنی۔

۴۔ **اخوت بین المسلمین:** اسلام نے معاشرہ میں اتفاق، ہمدردی، ایک دوسرے کے لیے قربانی، محبت اور اخوت کے جذبات کی تلقین کی ہے اور اس سلسلے میں وہ تاریخ عالم میں لاثانی حیثیت کا حامل ہے۔ قرآن حکیم کا واضح ارشاد ہے ''انما المومنون اخوۃ''[۶] (بے شک تمام مومن آپس میں بھائی بھائی ہیں) اور حکم ربانی ہے ''واذکروا نعمت اللہ علیکم اذ کنتم اعداء فالف بین قلوبکم فاصبحتم بنعمتہ اخوانا''[۷] (اور یاد کرو اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو جو تم پر ہیں کہ تم آپس میں دشمن تھے تو اس نے تمہارے دلوں میں محبت ڈال دی اور تم اس کی نوازش سے آپس میں بھائی بھائی بن گئے)۔

رسول اکرم کے اسوہ حسنہ اور پیہم تلقین نے دنیا کے تمام مسلمانوں کو رنگ، زبان، نسل، علاقے اوز دیگر تفریقوں سے بالاتر رکھتے ہوئے ایک رشتۂ اخوت میں منسلک کر دیا اور یہ واضح کر دیا کہ ہر مسلمان پر دوسرے مسلمانوں کی جان، مال، آبرو اور مفاد کی حفاظت اسی طرح واجب ہے جس طرح اپنے حقیقی بھائی کی۔ مسلمانوں کے اس جذبۂ اخوت کا نظارہ ہر سال حج کے موقع پر بخوبی کیا جا سکتا ہے۔

۳۔ ایضاً: ۹۵: ۴۔ ۴۔ ایضاً: ۱۷: ۷۰۔ ۵۔ ایضاً: ۳۱: ۲۰۔
۶۔ ایضاً: ۴۹: ۱۰۔ ۷۔ ایضاً: ۳: ۱۰۳۔

۵۔ عدالت: قرآن حکیم نے بالتکرار اس امر پر زور دیا ہے کہ انصاف ہر قسم کی جانب داری سے پاک ہونا چاہیے خواہ فیصلے کی زد منصف کے اپنے عزیز، والدین یا اس کی اپنی جماعت ہی پر پڑتی ہو۔ اسلامی ریاست میں کوئی فرد خواہ وہ اس کا منتخب سربراہ ہی کیوں نہ ہو قانون سے بالاتر نہیں ہو سکتا۔

قرآن حکیم کی متعدد آیات کریمہ اس پر شاھد ھیں:

(ا) ''ان اللہ یامر بالعدل و الاحسان''[۸] (بے شک اللہ تعالیٰ عدل اور احسان کا حکم دیتا ہے)۔

(ب) و اذا قلتم فاعدلوا و لو کان ذا قربیٰ و بعہد اللہ اوفوا''[۹] (اور جب تم بات کیا کرو تو انصاف کیا کرو گو وہ شخص قرابت دار ہی ہو اور اللہ تعالیٰ سے جو وعدہ کیا کرو پورا کیا کرو)۔

(ج) یا ایھا الذین آمنوا کونوا قوامین بالقسط شہداء للہ و لو علیٰ انفسکم او الوالدین و الاقربین''[۱۰] (اے ایمان والوا انصاف پر خوب قائم رہنے والے اللہ کے لیے گواھی دینے والے رہو اگرچہ اپنی ہی ذات پر ہو یا والدین اور دوسرے رشتہ داروں کے مقابلہ میں ہو)۔

(د) ''ولا یجرمنکم شنآن قوم علی الا تعدلوا ؕ اعدلوا ھو اقرب للتقویٰ''[۱۱] (اور کسی گروہ کی عداوت تم کو اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم عدل نہ کرو۔ عدل کیا کرو کہ وہ تقویٰ سے زیادہ قریب ہے)۔

۶۔ رواداری: دیگر مذاہب کے متعلق اور اقلیتوں کے بارے میں اسلامی موقف نہایت واضح ہے۔ اسلامی معاشرہ میں مذہب و عقیدہ کی پوری آزادی ہے۔ قرآن حکیم میں تمام انبیا کا خواہ آن کا نام لیا گیا ہے یا نہیں ایک سا احترام کرنے کی تلقین کی گئی ہے۔ اسلامی ریاست اس امر کی پابند ہے کہ وہ تمام اقلیتوں کی جان، مال، آبرو وغیرہ کے تحفظ کا مکمل اہتمام کرے۔ مذہب کے معاملے میں زبردستی اور جبر و اکراہ کے استعمال سے سختی سے روکا گیا ہے۔ چناں چہ قرآن حکیم کا ارشاد ہے:

(ا) لا اکراہ فی الدین''[۱۲] (دین میں زبردستی جائز نہیں)۔

(ب) ''افانت تکرہ الناس حتی یکونوا مومنین''[۱۳] (سو کیا آپ لوگوں پر زبردستی کریں گے کہ وہ ایمان ہی لے آئیں؟)

۸۔ ایضاً: ۱۶: ۹۰۔ ۹۔ ایضاً: ۶: ۱۵۳۔ ۱۰۔ ایضاً: ۴: ۱۳۵۔
۱۱۔ ایضاً: ۵: ۸۔ ۱۲۔ ایضاً: ۲: ۲۵۶۔ ۱۳۔ ایضاً: ۱۰: ۹۹۔

(ج) فان اعرضوا فما ارسلنك علیھم حفیظا ان علیك الا البلاغ''۱۴
[پھر اگر یہ لوگ اعراض کریں تو ہم نے آپ کو ان پر نگران کر کے نہیں بھیجا۔ آپ کے ذمے تو صرف (حکم کا) پہنچا دینا ہے۔]

اللہ تعالیٰ نے جہاں اپنے تئیں رب العالمین اور رحمان اور رحیم ہونے کا اعلان کیا ہے وہاں رسول اکرمؐ کو رحمۃ للعالمین کا خطاب دے کر پوری نسل انسانی سے مسلمانوں کے رحیمانہ سلوک کی نشان دھی بھی کی ہے۔

۷۔ قیام امن: امن کا مفہوم تو لفظ ''اسلام'' کے مادے میں موجود ہے۔ جو اسلام کے پیغام کو قبول کرتا ہے وہ خود بھی امن میں آ جاتا ہے اور دوسروں کے لیے بھی امن کا محافظ بن جاتا ہے۔ مسلمانوں کو ایک ایسے رحیم و کریم اور سلامتی پسند کرنے والے اللہ کا تصور دیا گیا ہے جو دنیا میں امن و امان کو پسند اور فساد و خون ریزی کو ناپسند کرتا ہے۔ اس کی رحمت تمام چیزوں پر سبقت لے گئی ہے اور وہ تمام انسانوں کو انتہائی شفقت کی نظر سے دیکھتا ہے۔ پیغمبر اسلام جو اس دنیا میں مکارم اخلاق کی تکمیل کے لیے تشریف لائے تھے ایک رحیم و کریم، نرم دل، صلح پسند، امن کے داعی اور افراد بنی آدم کے لیے انتہائی ہمدردی اور محبت کے جذبات رکھنے والے انسان تھے اور دوسروں کو ان کی تلقین بھی یہی تھی۔ الغرض اسلام ہر لحاظ سے دنیا میں امن و سلامتی کا علم بردار ہے۔

۸۔ طلب علم: اسلام میں علم کے حصول کو فریضہ کا درجہ دیا گیا ہے۔ قرآن حکیم میں جا بجا اہل علم اور ارباب فہم و ذکا کی برتری کا ذکر کیا گیا ہے اور انسان کو علم کے حصول کی رغبت دلائی گئی ہے۔

کہیں علم کی فوقیت و برتری کو ''قل ھل یستوی الذین یعلمون والذین لا یعلمون''۱۵ (کیا علم والے اور جو علم نہیں رکھتے کہیں برابر ہوتے ہیں؟) کہ کر واضح کیا گیا ہے اور کہیں ''یرفع اللہ الذین امنوا منکم والذین اوتو العلم درجت''۱۶ (اللہ تعالیٰ تم میں ایمان والوں اور ان لوگوں کے جن کو علم عطا ہوا درجے بلند کرے گا) فرما کر اہل علم کے درجات کی بلندی کا ذکر کیا گیا ہے۔ کہیں خود رسول اکرمؐ کو ''وقل رب زدنی علماً''۱۷ (اور کہ دیجیے کہ اے اللہ مجھے علم میں اضافہ دے) کی تلقین سے اہل علم پر علم کے حصول کی

۱۴۔ ایضاً: ۴۲: ۴۸۔
۱۵۔ ایضاً: ۳۹: ۹۔
۱۶۔ ایضاً: ۵۸: ۱۱۔
۱۷۔ ایضاً: ۲۰: ۱۱۴۔

اھمیت و ضرورت کی وضاحت کی گئی ھے - اسی ضمن میں انسان کو عقل استعمال کرنے ، تدبر سے کام لینے اور کائنات میں غور و فکر کرنے کی بھی بار بار تاکید کی گئی ھے -

پیغمبر اسلام ص نے خود علم کی ضرورت اور اس کی برتری و فضیلت پر بڑا زور دیا ھے - آپ کے ارشادات میں سے ھے: (ا) ''العلماء ورثۃ الانبیاء'' (علماء انبیا کے وارث ھیں) (ابو داؤد - ترمذی - ابن ماجه)؛ (ب) ''فضل العالم علی العابد کفضل القمر لیلۃ البدر علی سائر الکواکب'' (عالم کی فضیلت عابد پر ایسی ھی ھے جیسے چودھویں رات کے چاند کی فضیلت دوسرے تمام ستاروں پر) (ابو داؤد - ترمذی - نسائی) -

۹- **عمل صالح**: اسلام کی ایک نہایت اھم خصوصیت یه ھے که وہ انسان کو عمل صالح کے لیے جد و جہد کی تلقین کرتا ھے یہاں تک که خدائے بزرگ و برتر انسانی زندگی کا مقصد واضح کرتے ھوئے ارشاد فرماتا ھے: ''خلق الموت و الحیواۃ لیبلوکم ایکم احسن عملا''[۱۸] (موت اور حیات کو پیدا کیا تاکه تمھاری آزمایش کرے که تم میں سے کون شخص عمل میں زیادہ اچھا ھے) - اسلام کی نظر میں ھر انسان اپنی اپنی جگه پر ذمه دار ھے اور کوئی انسان کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا - اللہ تعالیٰ فرماتا ھے: ''ولا تزر وازرۃ وزر اخریٰ''[۱۹] (اور کوئی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا) اور یه که ''لیس للانسان الا ما سعیٰ''[۲۰] یعنی انسان کو اس کی کوشش اور سعی کے عوض ھی اچھا اجر ملے گا -

پس اسلام کی نگاہ میں انسان کے اشرف المخلوقات ھونے کا دارو مدار اس کے عمل صالح پر ھے - اگر وہ اچھے اعمال سے انفرادی ، منزلی اور اجتماعی طور پر مقصد حیات کے تقاضوں کو پورا کرے گا اور عمدہ معاشرہ قائم کرنے میں مدد و معاون ھوگا تو اللہ اسے دونوں جہانوں میں کامیاب کرے گا - لیکن اگر وہ سیدھے راستے سے ھٹ کر گمراھی میں جا پڑے گا اور برے کاموں کا ارتکاب کر کے معاشرۂ انسانی میں فساد برپا کرنے کا موجب بنے گا تو وہ اپنے بلند مقام سے گر جائے گا اور اللہ تعالیٰ کے عتاب و عذاب کا مستحق بن جائے گا -

۱۰- **عبادات**: اسلام نے انسان کی روحانی پاکیزگی کے لیے ، اس کا رشتہ اللہ تعالیٰ سے مضبوط کرنے کے لیے ، اعلیٰ اخلاق و روحانی اقدار کی

۱۸- ایضاً: ۶۷ : ۲ - ۱۹- ایضاً: ۳۵ : ۱۸ - ۲۰- ایضاً: ۵۳ : ۳۹ -

تحصیل کے لیے ، معاشرہ میں مساوات و اخوت اور تنظیم کے جذبات پختہ تر کرنے کے لیے اور دیگر بہت سے مقاصد اعلیٰ کے حصول کے لیے عبادات کا ایک موثر نظام مرتب کیا ہے جس کے مطابق زندگی بسر کر کے انسان دینی و دنیوی فلاح و بہبود حاصل کر سکتا ہے۔

۱۱- **منزلی زندگی کی استواری:** معاشرے کی ترقی و استحکام کے لیے اسلام ضروری سمجھتا ہے کہ افراد کی گھریلو زندگی بھی پر سکون ، با سلیقہ اور منظم ہو۔ اسی لیے قرآن حکیم میں اور رسول اکرمؐ کی احادیث میں ایک اعلیٰ درجہ کے نظام منزل کے قیام کی تعلیم دی گئی ہے اور مرد ، عورت اور بچوں کے حقوق و فرائض کی وضاحت کی گئی ہے۔ نکاح ، مہر ، نان و نفقہ ، وراثت ، طلاق وغیرہ سے متعلق مسائل پر اچھی طرح سے روشنی ڈالی گئی ہے۔ اسلام نے مرد اور عورت کے باہمی رشتہ کو باعث سکون و مؤدت اور رحمت قرار دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ ''و من آیاتہ ان خلق لکم من انفسکم ازواجاً لتسکنوا الیھا و جعل بینکم مؤدۃ ورحمۃ''۲۱ (اور یہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ہے کہ اس نے تمہارے لیے تمہارے جوڑے پیدا کئے تاکہ تم ان سے سکون حاصل کرسکو اور تمہارے درمیان دوستی اور رحمت پیدا کی)۔ بنی نوع انسان پر اسلام کا یہ خاص احسان ہے کہ اس نے عورت کو ایک بلند اور باعزت مقام عطا کیا ہے۔ عورت بحیثیت ماں ، بہن ، بیوی یا بیٹی غرضیکہ ہر حالت میں قابل احترام ہے۔ اسلامی معاشرے میں جہاں ''الرجال قوامون علی النساء''۲۲ (مرد عورتوں کے قوام ہیں) کی تعلیم کے تحت مرد کو منتظم اور مدبر کی حیثیت حاصل ہے وہاں ''یا یہا الناس اتقوا ربکم الذی خلقکم من نفس واحدۃ وخلق منھا زوجھا و بث منھما رجالا کثیراً و نساء''۲۳ (اے لوگو! اللہ تعالیٰ کا تقویٰ اختیار کیے رہو جس نے تمھیں ایک جان سے پیدا کیا اور پھر اس سے اس کا جوڑا بنایا اور ان سے مرد و عورت پھیلائے)۔ کے تحت مرد و عورت حقوق میں برابر قرار دیے گئے ہیں۔ اسلام نے ''ولھن مثل الذی علیھن بالمعروف''۲۴ [اور ان پر (عورتوں) کے حقوق ہیں ویسے ہی جیسے ان پر (مردوں) کے حقوق ہیں] کی تعلیم دے کر عورتوں کے حقوق اور ان کے منصب کی حفاظت کی ہے۔

۲۱- ایضاً: ۳۰ : ۲۱ - ۲۲- ایضاً: ۴ : ۳۴ -
۲۳- ایضاً: ۴: ۱- ۲۴- ایضاً: ۲ : ۲۲۸ -

منزلی زندگی کی استواری کے ضمن میں رسول اکرم صلی علیه وسلم کا ارشاد: ''خیر کم خیر لاهله'' ۲۵ (تم میں سے بہترین وہ ہے جو اهل و عیال کے لیے بہترین ہے) بھی بہت بڑی اهمیت کا حامل ہے اور ایک اسلامی گھرانے کا نقشہ کھینچ کر سامنے رکھ دیتا ہے۔

۱۳۔ ایک متوازن نظام معیشت: اسلام ایک ایسے متوازن نظام معیشت کا حامی ہے جو افراط و تفریط سے بچا ہوا ہو۔ نہ تو اس میں افراد کو اپنی محنت سے اکٹھی کی ہوئی ملکیت سے بھی محروم کر دینے کی اجازت ہے کہ وہ بمشکل اور تنگ دستی میں زندگی کے دن کاٹیں اور نہ یہ کہ وہ بغیر محنت کے عیش و عشرت میں مگن رہیں اور دولت پر سانپ کی طرح جمے بیٹھے رهیں۔ اسلام نے ان دو انتہاؤں کو ختم کرنے کے لیے مندرجہ ذیل تدابیر نافذ کی هیں: (ا) زکواة: هر سال صاحب مال لوگ اپنے سرمائے سے ایک مقررہ رقم ضرورت مند لوگوں کے لیے نکالیں۔ (ب) انفاق فی سبیل اللہ: اللہ تعالیٰ کے راستہ میں ضرورت مندوں کے لیے خرچ کیا جائے۔ اس کا دائرہ زکواة کے دائرہ سے بہت زیادہ وسیع ہے کیوں کہ یہ سرمایے کا وہ حصہ ہے جو خوشی سے خدا کی راہ میں سماجی و قومی فلاح و بہبود کے لیے خرچ کیا جاتا ہے۔ (ج) سرمایہ کو مفید کاموں میں لگانا: اسلام اکتناز یعنی سرمایہ کو جمع کر کے رکھ لینے اور اسے قومی دولت میں اضافے کے لیے یا خود نفع حاصل کرنے کے لیے کام میں نہ لگانے کے خلاف ہے۔ قانون کی رو سے ایسا سرمایہ جو کام میں نہ لایا جائے اور دبا کر رکھ لیا جائے قابل ضبط ہے۔ (د) سود کی ممانعت: سود چوں کہ ضرورت مند لوگوں کی معاشی حالت کو تباہ کرنے والا اور سرمایہ دارانہ لوٹ کھسوٹ کی حوصلہ افزائی کرنے والا ہے اسلام میں خاص طور پر ممنوع قرار دیا گیا ہے۔ اسی طرح سے اسلام ناجائزہ ذخیرہ اندوزی، جوا، سٹہ، سرمایہ دارانہ لوٹ کھسوٹ سے روکتا ہے اور اسراف یعنی حد سے زیادہ خرچ کرنے یا کنجوسی سے کام لے کر سرمایہ کو جمع کرنے کو بھی نا جائز سمجھتا ہے۔

۱۴۔ سیاسی تنظیم: ایک اعلیٰ درجہ کی سیاسی تنظیم کے لیے اسلام نے نہایت قابل قدر اصولوں کی تلقین کی ہے۔ ان میں سے بعض درج ذیل هیں: (ا) اللہ تعالیٰ کی حاکمیت: جدید جمہوری نظریات کے برعکس اسلام سیاسی و قانونی حاکمیت کا حق فقط اللہ تعالیٰ کے لیے تسلیم

۲۵۔ ''مشکواة المصابیح''۔

کرتا ہے اور فقط اسے ہی ملک کا مالک اور قانون دینے والا سمجھتا ہے۔ حاکمیت اعلیٰ کے اس نظریے کے تحت اسلامی نظام سیاست سے آمریت اور مطلق العنانیت قطعی طور پر خارج ہو جاتے ہیں۔ (ب) اطاعت رسول: اللہ تعالیٰ کا پیغام بنی نوع انسان تک پہنچانے والے رسول اور نبی ہوتے ہیں۔ اسی لیے قرآن حکیم نے سب پیغمبروں کا احترام کرنے کی تعلیم دی ہے اور آخری رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی، جو ایک کامل دین اور شریعت لے کر بنی نوع انسان کی اصلاح اور فلاح و بہبود کے لیے آئے، مکمل پیروی اور اطاعت کی تلقین کی ہے اور اس اطاعت و پیروی کو فرض کا درجہ دیا ہے۔ اسی لیے ایک اسلامی مملکت کی انتظامیہ، مقننہ، عدلیہ، نیز اس مملکت کی مسلمان آبادی سنت رسول کے خلاف عمل کرنے کی مجاز نہیں۔ (ج) خلافت: آیت کریمہ: ''وعد اللہ الذین آمنوا منکم و عملوا الصالحات لیستخلفنہم فی الارض کما استخلف الذین من قبلہم''[٢٦] (تم میں جو لوگ ایمان لائیں اور نیک عمل کریں ان سے اللہ تعالیٰ وعدہ فرماتا ہے کہ ان کو زمین پر خلافت عطا فرمائے گا) کی رو سے قرآن حکیم حکومت کی نوعیت کی وضاحت کرتے ہوئے اسے خلافت کا نام دیتا ہے اور اس کی نیابتی حیثیت کی نشان دہی کرتا ہے۔ قرآن اس خلافت کا حق دار کسی ایک شخص یا خاندان کو نہیں بلکہ پوری امت مسلمہ کو قرار دیتا ہے۔ اس طرح اسلامی ریاست عوام و خواص کو حکومت میں شریک کرنے کے لیے جدید جمہوری نظام سے بھی زیادہ پیش پیش ہے۔ (د) شوریٰ کا اصول: ''وامرہم شوریٰ بینہم''[٢٧] (اور ان کے امور باہمی مشورے سے طے پاتے ہیں) کی تعلیم نظام سیاست میں باہمی مشورے کی اہمیت کی وضاحت کرتی ہے۔ اسلام میں باہمی مشورے کو اتنا اہم گردانا گیا ہے کہ خود پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم، کو جو بوجہ خدا سے وحی کا رشتہ رکھنے کے لوگوں کے مشورے کے محتاج نہیں تھے، حکم ہوتا ہے کہ وہ امور میں ان سے مشورے کیا کریں (وشاورہم فی الامر)[٢٨]۔ مجلس شوریٰ کی کوئی معین شکل البتہ اسلام نے متعین نہیں کی اور اسے امت مسلمہ کی صواب دید پر چھوڑ دیا ہے۔

ان اصولوں کے علاوہ ایک اعلیٰ نظام عدل کا قیام، اقلیتوں کے

٢٦۔ ایضاً: ٢٤: ٥٥۔ ٢٧۔ ایضاً: ٤٢: ٣٨۔ ٢٨۔ ایضاً: ٣: ١٥٩۔

حقوق کی حفاظت کا اہتمام، شخصی آزادی و حقوق کا تحفظ، انفرادی ملکیت کا احترام، بین الاقوامی معاملات کی استواری اور معاہدوں کا احترام۔ عبادت کی تنظیم اور ریاست میں بسنے والے انسانوں کی ہر قسم کی فلاح و بہبود کا اہتمام بھی اسلامی نظام سیاست کے اہم پہلو ہیں۔

۱۵- امر بالمعروف ونہی عن المنکر کی تعلیم: اسلام اپنے ماننے والوں کے لیے تبلیغ دین کا بھی ایک جامع نظام پیش کرتا ہے۔ ایک طرف تو اسے وہ ہر مسلمان کا انفرادی فریضہ سمجھتا ہے۔ اور دوسری طرف امت مسلمہ کو اجتماعی طور پر تبلیغ کی ذمہ داری کا احساس دلاتا ہے۔ چناں چہ تبلیغ کے لیے تنظیم کا نظریہ دیتے ہوئے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''ولتکن منکم امة یدعون الی الخیر و یامرون بالمعروف و ینہون عن المنکر''[29] (تم میں ایک ایسی جماعت ہونا ضروری ہے جو خیر کی طرف بلایا کرے اور نیک کام کرنے کو کہا کرے اور برے کاموں سے روکا کرے)۔ انفرادی، اجتماعی اور تنظیمی طور پر مسلمانوں کو تبلیغ کا نظریہ دینے کے علاوہ اسلام نے انھیں اسکا طریق کار بھی سمجھا دیا ہے۔ بالخصوص اس سلسلے میں جبر و اکراہ اور طاقت کا استعمال قطعاً ممنوع قرار دے دیا گیا ہے۔ قرآن حکیم کا ارشاد ہے: ''ادع الی سبیل ربك بالحکمة و الموعظة الحسنة وجادلھم بالتی ھی احسن''[30] (آپ اپنے رب کی راہ کی طرف علم کی باتوں اور اچھی نصیحتوں کے ذریعے بلائیے اور اگر بحث آن پڑے تو ان کے ساتھ اچھے طریقے سے بحث کیجئے)

مندرجہ بالا عوامل اسلامی ثقافت کے اساسی اجزائے ترکیبی ہیں۔ رسول اکرم نے انھی اجزائے ترکیبی سے ایک صالح معاشرے کی تشکیل کی جو ایک مثالی نمونے کے طور پر ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ہمارے لیے ایک مشعل راہ کا کام دیتا ہے۔

امان اللہ خان

۲۹- ایضاً: ۳ : ۱۰۴ -

۳۰- القرآن : ۱۶ : ۱۲۵ -

زمانہ اور تقدیر، اقبال کی نظر میں

تقدیر کا روایتی تصور یہ ہے کہ انسان کے جملہ اعمال و افعال اللہ تعالیٰ کے ہاں پہلے سے مقدر ہو چکے ہیں۔ فرقہ جبریہ نے اس عقیدہ کو اپنا مسلک قرار دیا ہے۔ یہ فرقہ انسان کو مجبور محض مانتا ہے۔ اس صورت میں جزا و سزا کا تصور بے معنی سا ہو کر رہ جاتا ہے۔ دوسرا فرقہ قدریہ ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ انسان کو اپنے ارادے میں اختیار حاصل ہے اور وہ اس اعتبار سے خالق افعال ہے۔ اگر ایسا نہ مانا جائے تو نہ صرف عذاب و ثواب کا مسئلہ بے معنی ہو کر رہ جاتا ہے بلکہ خدا کو خالق افعال ماننے کی صورت میں نعوذ باللہ اس کو خالق شر بھی تسلیم کرنا پڑتا ہے اور اگر اللہ کو خالق شر نہ مانیں تو وہ خالق کل نہیں رہتا۔

اقبال قدریہ اور جبریہ کے تضاد میں توافق اور ہم آہنگی پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان کے نزدیک انسان نہ تو مجبور محض ہے نہ مختار کل، بلکہ ان دونوں کے درمیان ایک زندہ اور متحرک طاقت ہے۔

نہ مختارم تواں گفتن نہ مجبور   کہ خاک زندہ ام در انقلابم

اقبال کے نزدیک اس ناسوتی دنیا میں انسان مادی اصول تعلیل کا پابند نہیں۔ تقدیر کے روایتی تصور کے رد میں وہ فرماتے ہیں کہ یہ کہنا کہ ماضی میں مستقبل کی باتیں متعین ہو چکی ہیں درست نہیں، اس لیے کہ زمانہ اصل میں نہ ماضی ہے نہ مستقبل؛ نہ اس میں مرور ہے نہ تسلسل۔ ماضی اور مستقبل حقیقی زمانہ میں اس طرح سمٹے ہوئے ہیں کہ ان کا پتہ لگانا ممکن ہی نہیں۔ تسلسل بظاہر جو ہمیں نظر آتا ہے ہمارے فکر کی منطقی ساخت کی وجہ سے ہے۔ لہٰذا کائنات میں علت و معلول کا جو سلسلہ ہمیں نظر آتا ہے وہ فی الحقیقت ایسا نہیں۔ ذات باری کا یہ ارشاد کہ تمام کائنات کلمہ ''کن'' سے پیدا ہوئی زمانہ کی اصل حقیقت کی نشان دہی کرتی ہے۔ غرض تقدیر کا کوئی ایسا تصور جس سے انسانی اعمال کا مستقبل ماضی میں پوشیدہ سمجھا جائے اقبال کے ہاں محال ہے۔ تقدیر ان کے نزدیک ہر شے کی اندرونی تخلیقی صلاحیتوں اور قابل حصول امکانات کا نام ہے۔ ہر

انسان کے سامنے ہر وقت لا محدود امکانات رہتے ہیں - وہ اپنے ارادہ اور تخلیقی عمل کے مطابق ان امکانات کو واقعیت کی دنیا میں منتقل کرتا ہے - ذات باری اگرچہ انسانی انا کی قدرت اور خود ارادیت کا سرچشمہ ہے تاہم بندہ کے ارادہ میں اختیار کا جزو شامل ہے؟ انسان اپنی قوت ارادہ سے جہان کو مسخر کرتا ہے - ماحول کے ساتھ اس کی مسلسل آویزش اس کو بام ترقی تک لے جاتی ہے، یہاں تک کہ انسان کا ہر فعل اور ارادہ منشاء ایزدی کے مطابق ہو جاتا ہے - چنانچہ وہ فرماتے ہیں:

''انسان کے لیے یہ مقدر ہو چکا ہے کہ وہ اپنے گرد و پیش کی کائنات کی گہری آرزوؤں میں شریک ہو اور اس طرح خود اپنے مقدر کی اور کائنات کی تقدیر کی تشکیل کرے - کبھی وہ کائنات کی قوتوں سے اپنے آپ کو مطابق بناتا ہے اور کبھی ان کو پوری قوت کے ساتھ اپنے مقاصد کے لیے ڈھالتا ہے - اس تدریجی تغیر کے عمل میں خدا اس کا شریک کار ہوتا ہے بشرطیکہ انسان کی طرف سے اقدام کیا گیا ہو: 'ان اللہ لا یغیر ما بقوم حتی یغیروا ما بانفسھم'- اگر انسان کی طرف سے اقدام نہیں ہوتا اور وہ اپنے وجود کے قویٰ کو ترقی نہیں دیتا، اگر وہ زندگی کے بڑھتے ہوئے دھارے کا زور محسوس نہیں کرتا تو اس کی روح پتھر بن جاتی ہے اور وہ مثل بے جان مادہ کے ہو جاتا ہے -''[۱]

اقبال کا تصور تقدیر در حقیقت ان کے تصور زمان سے منسلک ہے - اس لحاظ سے ''جاوید نامہ'' میں فرشتۂ زمان ''زروان'' کا بیان معنی خیز ہے:

گفت ''زروانم'' جہان را قاهرم هم نہانم از نگہ هم ظاهرم
بستہ هر تدبیر یا تقدیر من ناطق و صامت همہ نخچیر من
غنچہ اندر شاخ می بالد ز من مرغک اندر آشیان نالد ز من
دانہ از پرواز من گردد نہال هر فراق از فیض من گردد وصال
هم عتابے هم خطابے آورم تشنہ سازم تا شرابے آورم
من حیاتم، من مماتم، من نشور من حساب و دوزخ و فردوس و حور!
آدم و هم فرشتہ در بند من است عالم شش روزه فرزند من است!
هر گلے کز شاخ مے چینی منم امّ هر چیزے کہ مے بینی منم!
در طلسم من اسیر است این جہان از دمم هر لحظہ پیر است این جہان

۱- ملاحظہ ہو اقبال کے انگریزی خطبات مطبوعہ آکسفورڈ یونیورسٹی پریس ص ۱۱، ۱۲ -

لی مع اللہ[2] ہر کرا در دل نشست   آن جوانمردے طلسم من شکست
گر تو خواہی من نباشم درمیاں   لی مع اللہ باز خواں از عین جاں"[3]

غرض فرشتۂ زمان کہتا ہے کہ میں قاہر جہان ہوں۔ ہر تدبیر میری تقدیر میں اسیر ہے۔ شجر و حجر حتیٰ کہ انسان بھی میرا شکار ہے۔ کائنات میں تغیر و تبدل اور حرکت میری ہی وجہ سے ہے۔ میں ہی حیات و موت اور قیامت ہوں۔ آدم و فرشتہ سب میرے اسیر ہیں۔ میں ہر چیز کا سرچشمہ ہوں۔ میرے طلسم میں سارا جہان اسیر ہے۔ صرف وہ شخص جو "لی مع اللہ" کے مقام پر فائز ہے وہی میرے طلسم کو توڑ سکتا ہے اور تقدیر پر قابو پا سکتا ہے۔

زمانہ اور تقدیر کے باہم تعلق کو اقبال اپنے انگریزی خطبات میں بھی بہت واضح طور پر سمجھاتے ہیں:

"زمانے کو جب ایک عضوی کل کی حیثیت سے دیکھا جائے تو قرآن کی زبان میں اس کو تقدیر کہتے ہیں۔ لفظ تقدیر کی مسلمانوں کے ہاں اور غیر مسلمانوں میں بھی بالکل غلط تعبیر پیش کی گئی ہے۔ تقدیر زمانے ہی کی ایک شکل ہے جب کہ اس کے امکانات کے ظہور سے قبل اس پر نظر ڈالی جائے۔ تقدیر وہ زمانہ ہے جو سلسلۂ اسباب کے پھندے سے آزاد ہو چکا ہو۔ فہم منطقی اس پر اپنی مخصوص اشکال عائد کر دیتی ہے۔ مختصراً یوں کہہ سکتے ہیں کہ تقدیر وہ زمانہ ہے جسے ہم محسوس کرتے ہیں نہ کہ وہ جس کا ہم تفکر کرتے ہیں یا جس کے متعلق حساب لگاتے ہیں۔ اگر آپ مجھ سے یہ دریافت کریں کہ بادشاہ ہمایوں اور شاہ طہماسپ کیوں ہم عصر تھے تو میں اس کی کوئی علت نہیں پیش کر سکوں گا۔ اس کا جواب صرف یہ دیا جا سکتا ہے کہ فطرت کی ماہیت کا اقتضا یہی تھا کہ مستقبل کے لامتناہی امکانات میں ہمایوں اور شاہ طہماسپ کی زندگیاں جو دو امکانات سے عبارت تھیں ساتھ ساتھ وقوع پذیر ہوں۔ زندگی کو جب تقدیر خیال کیا جاتا ہے تو وہ اشیا کی ماہیت

۲۔ لی مع اللہ وقت لا یسعنی فیہ نبی مرسل و ملک مقرب (مجھے ذات باری کے ساتھ ایک ایسا وقت نصیب ہوا کہ اس میں نہ کوئی نبی مرسل اور نہ ہی کوئی فرشتہ بار پا سکتا ہے)۔

۳۔ "جاوید نامہ" ص ۲۱، ۲۲۔

بن جاتا ہے۔ چناں چہ ارشاد ربانی ہے ''خلق کل شئی و قدرہ تقدیرا'' (خدا نے ہر چیز کو پیدا کیا اور اس کی تقدیر یا اندازہ مقرر کیا)۔ غرضیکہ کسی شے کی تقدیر نہ ٹلنے والی مقسوم نہیں جو خارج سے جبریہ طور پر عائد کی گئی ہو بلکہ وہ خود شے کی اندرونی رسائی اور اس کے قابل تحقیق امکانات ہیں جو اس کی فطرت میں پوشیدہ تھے۔ ان امکانات کا اظہار متواتر بلا کسی خارجی جبر کے عمل میں آتا ہے''[۴]

اس اقتباس سے حسب ذیل نتائج مرتب ہوتے ہیں: (۱) تقدیر زمانے کا نام ہے جب کہ اس کا تصور ایک عضوی کل کی حیثیت سے کیا جائے اور اس کے امکانات کے ظہور سے پہلے اس پر نظر ڈالی جائے؛ (۲) زمانہ اشیا کی ماہیت ہے در این صورت کہ اس کو تقدیر خیال کیا جائے؛ (۳) تقدیر نہ ٹلنے والی مقسوم نہیں جو خارج سے جبری طور پر عائد کی گئی ہو؛ (۴) تقدیر سے مراد اشیا کے قابل تحقیق امکانات ہیں جو ان کی فطرت میں مضمر ہوتے ہیں۔ ان امکانات کا ظہور تدریجی طور پر بلا کسی خارجی جبر کے عمل میں آتا ہے؛ (۵) انسان اپنے مقدر اور کائنات کی تقدیر کی تشکیل خود کر سکتا ہے اور اس میں خدا اس کا شریک رہتا ہے۔

زمانہ اور تقدیر میں مطابقت قائم کرنے کے لیے علامہ کے ہاں دو حوالے قابل توجہ ہیں۔ ایک تو وہ حدیث جس کا ذکر امام راغب اصفہانی نے کیا ہے: ''لا تسبو الدھر فانئی انا الدھر'' (زمانہ کو گالی نہ دو، اس لیے کہ زمانہ میں ہی ہوں)۔ دوسرے امام شافعی کا قول: ''الوقت سیف'' (وقت تلوار ہے)۔ حدیث مذکورہ کے اگر ظاہری معنی لیے جائیں تو دھر اور خدا میں مطابقت صحیح ہے۔ اگر مزید براں دھر کو تقدیر قرار دیں تو یہ ماننا پڑے گا کہ خدا خود تقدیر ہے حالاں کہ وہ تقدیر کو مقرر کرنے والا ہے جیسا کہ ''و قدرہ تقدیراً'' سے ظاہر ہے۔ حضرت امام شافعی کے مقولہ کے تحت ''اسرار خودی'' میں اقبال نے ایک نظم لکھی ہے جس کا ماحصل یہ ہے: ''وقت ایک ایسی تلوار ہے جس کی آب زندگی ہے۔ جس ہاتھ میں یہ تلوار ہو وہ کلیم کے ہاتھ سے زیادہ درخشاں ہوتا ہے۔ اس کی ایک ہی ضرب سے پتھر سے چشمے ابل پڑتے ہیں اور سمندر خشک ہو جاتے ہیں۔ اسی سے حضرت موسیٰ نے بحر قلزم کو چاک کیا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ

۴۔ ملاحظہ ہو اقبال کے انگریزی خطبات ص ۴۷۔

کے ہاتھ میں بھی تلوار تھی جس سے ان کی فتوحات کا ظہور ہوا - جو شخص دوش و فردا کا اسیر ہے وہ ایک باطل فروش ہے - اس کو حیات کا عرفان کبھی بھی حاصل نہیں ہو سکتا -"

خدا کو زمانہ اس لیے نہیں کہا جا سکتا کہ وہ زمانہ کو لوگوں اور قوموں میں پھرانے والا ہے جیسا کہ آیت قرآنی سے ظاہر ہے : "تلك الایام نداولها بین الناس" (ہم زمانہ کو لوگوں اور قوموں میں گھماتے پھراتے ہیں) - یہ امر بھی محل نظر ہے کہ حدیث "لا تسبو الدهر" کا مطلب وہی ہے جو اقبال لیتے ہیں - اگر بطریق حصر بیان کیا جائے تو اس حدیث کی دو تاویلیں ہو سکتی ہیں ، اول وحدت الوجود کا اثبات یعنی دھر عین خدا ہے ؛ دوم دھر کے اثرات سے جو حوادث ظہور پذیر ہوتے ہیں ان کی بنا پر دھر کو گالی نہیں دینا چاہیے ، اس لیے کہ دھر ایک تخلیقی شے ہے جس کا نہ ارادہ ہے نہ مرضی ، اس لیے اس کا فعل اس کی طرف منسوب نہیں کیا جا سکتا نہ گالی کا اطلاق اس پر ہوگا جس کی مرضی اور اشارے پر دھر تغیر پذیر ہے - اور یہ مستلزم ہوگا کفر کو - ان میں سے کوئی بھی تاویل اقبال کے نظریہ کے لیے دلیل کا کام نہیں دے سکتی - وحدت الوجود کی صورت میں ازل سے لے کر ابد تک سب واقعات رضائے الٰہی کا پرتو ہیں - انسان کے اپنے ارادہ و اختیار کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا - حدیث کا اگر دوسرا مفہوم لیا جائے تو دھر ایک بے جان شے متصور ہوگی جس کی نہ مرضی ہے نہ ارادہ ؛ اس کے تغیرات تمام تر رضائے الٰہی کے پابند ہیں - اس صورت میں اس کی شان میں قصیدہ خوانی بے معنی سی ہو کر رہ جاتی ہے -

اس ضمن میں خلیفہ عبدالحکیم مرحوم کا انتقاد بھی قابل توجہ ہے :

"افسوس ہے کہ 'اسرار خودی' میں اقبال نے برگساں کا نام نہیں لیا اور اس کا تمام فلسفۂ وقت حضرت امام شافعی رح کے ایک قول کے ماتحت نظم کر دیا ہے - حضرت امام شافعی رح کے قول کے تحت میں کوئی فلسفہ نہیں تھا - جو فلسفہ اقبال نے برگساں سے لے کر اس قول کی تفسیر میں پیش کر دیا ہے وہ خود امام صاحب کی سمجھ میں نہ آتا - ان کا تدین اور تورع ایسے افکار سے بہت گریزاں تھا - برگساں کا یہ فلسفہ توحید کے مقابلے میں دھریت سے زیادہ قریب ہے - برگساں دھر ہی کو اصل حقیقت تصور کرتا ہے اور دھر کو وقت قرار دے کر وقت کی ماہیت کو بڑی نکتہ رسی سے بیان کرتا ہے جس کا لب لباب یہ ہے کہ زمان یا وقت

مکان سے بالکل الگ چیز ہے مگر عام طور پر نفس انسانی زمان کو بھی مکان پر ہی قیاس کرتا ہے۔ زمانہ ایک لامکانی اور تخلیقی قوت ہے۔ تغیر اور ارتقا اس کی ماہیت میں داخل ہیں اور اس کے سوا کسی حقیقت ثانیہ کا وجود نہیں۔ اقبال نے 'لاتسبو الدھر' کی حدیث قدسی سے مدد لے کر بر زمان کی دھریت کو توحید کا ہم رنگ بنانے کی کوشش کی ہے۔''[۵]

یہ کہنا پڑتا ہے کہ اقبال کے ہاں توحید اور دھریت کی ہم آہنگی کی کوشش میں مسئلہ زمان کچھ الجھ کر رہ گیا ہے۔ اقبال زمانہ کو کہیں سب کچھ کہتے ہیں اور کہیں ان کے نزدیک زمانہ کچھ بھی نہیں۔ چنانچہ وہ فرماتے ہیں:

توڑی ہوئی ہے زمان و مکاں کی زناری   نہ ہے زماں نہ مکاں لا الہ الا اللہ

ایسے اشعار میں اقبال برگساں سے آگے نکل جاتے ہیں اور نعرہ الا اللہ سے زمان و مکان کے زنار کو توڑ ڈالتے ہیں۔ ذات باری کے لحاظ سے زمانہ ایک آنی وحدت سے زیادہ کچھ بھی نہیں۔ وہاں نہ ماضی ہے نہ حال اور نہ مستقبل۔

زمانہ ایک حیات ایک کائنات بھی ایک   دلیل کم نظری قصہ جدید و قدیم

یہاں زمانے کی حیثیت ایک مخلوق کی رہ جاتی ہے۔ ''خلق کل شئی'' کے فتراک میں یہ بھی ایک نخچیر کی طرح ہے۔ اور فعال فطرت کی حرکت کا محض ایک نقش قدم ہے۔

سلسلۂ روز و شب تار حریر دو رنگ   جس سے بناتی ہے ذات اپنی قبائے صفات
سلسلہ روز و شب ساز ازل کی فغاں   جس سے دکھاتی ہے ذات زیر و بم ممکنات[۶]

لیکن اقبال زمانہ کو اشیا کی ماہیت بھی قرار دیتے ہیں جو ہمارے نزدیک محل نظر ہے۔ یہ سمجھنے کے لیے کہ آیا زمانہ اشیا کی ماہیت ہے یا نہیں ماہیت کے سمجھنے پر موقوف ہے۔ کسی شے کی ماہیت اپنے اجزائے ترکیبی سے مرکب ہوتی ہے۔ انہی اجزا پر اس شے کے وجود کا دار و مدار ہوتا ہے۔ اگر ان میں سے کوئی جزو معدوم ہو تو اس شے کا وجود ہی ناممکن ہو جاتا ہے۔ اس تعریف کے پیش نظر زمانہ کو اشیا کی ماہیت قرار دینا بعید از فہم ہے، اس لیے کہ زمانہ اشیا کے اجزا میں داخل ہی نہیں ہے، چہ جائیکہ اس پر کسی شے کے وجود کا دار و مدار ہو بلکہ

۵- ''اردو'' اقبال نمبر، ۱۹۳۸، ص ۹۴۔
۶- ''بال جبریل'' ص ۱۲۶۔

زمانہ اشیا کی حقیقت سے خارج مکان کی طرح ایک ظرف ہے۔ جس طرح مکان اشیا کی حقیقت یا ماہیت نہیں، اسی طرح زمانہ بھی نہیں۔

اقبال کے نظریۂ جبر و قدر کے سمجھنے میں بھی کچھ اشکال ہیں، مثلاً اقبال کے نزدیک تقدیر سے مراد اشیا کے ''قابل تحقق امکانات'' ہیں جو اس کی فطرت میں پوشیدہ ہوتے ہیں۔ ان امکانات کا ظہور مسلسل طور پر بلا کسی خارجی جبر کے عمل میں آتا ہے، لیکن اس سے یہ مسئلہ صاف نہیں ہوتا کہ بندہ اپنے افعال کا خود خالق ہے یا اس کے افعال کا خالق خدا ہے۔ تاہم اقبال تو یہاں تک کہہ دیتے ہیں کہ خودی ترقی حاصل کر کے خود تقدیر یزداں بن سکتی ہے۔ چناں چہ فرماتے ہیں:

تیرے دریا میں طوفاں کیوں نہیں ہے خودی تیری مسلماں کیوں نہیں ہے
عبث ہے شکوۂ تقدیر یزداں تو خود تقدیر یزداں کیوں نہیں ہے

اقبال کے نزدیک انسان تقدیر کا زندانی نہیں بلکہ اس میں تقدیر شکن قوتیں ودیعت ہیں بشرطیکہ وہ ان کے استعمال سے واقف ہو:

تقدیر شکن قوت باقی ہے ابھی اس میں ناداں جسے کہتے ہیں تقدیر کا زندانی

اقبال کے نزدیک انسان تقدیر شکن اس وقت ہوتا ہے جب وہ نقش حق اختیار کر لیتا ہے۔ جس شخص میں قوت تخلیق نہ ہو اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ کافر و زندیق ہے:

هر که او را قوت تخلیق نیست پیش ما جز کافر و زندیق نیست
از جمال ما نصیب خود نه برد از تخیل زندگانی بر نخورد
مرد حق! برنده چون شمشیر باش خود جهان خویش را تقدیر باش

اقبال کا یہ پیغام عین قرآنی یا اسلامی پیغام ہے۔ ان کے نزدیک ایمان جبر و اختیار کے درمیان ہے۔ ذات باری کی آزادی مطلق ہے لیکن اس کے برعکس انسان کی آزادی محدود اور مشروط ہے۔ خارجی کائنات یا فطرت مجبور محض ہے۔ انسان اس مجبور فطرت میں اپنی قوت ارادی سے محدود تبدیلیاں رونما کر سکتا ہے۔ چناں چہ وہ فرماتے ہیں:

تقدیر کے پابند نباتات و جمادات مومن فقط احکام الٰہی کا ہے پابند

— حافظ عباداللہ فاروقی

55594
153/153
0012868

Iqbal

A Journal of the Bazm-i Iqbal

THIS Journal is devoted to a critical study of Iqbal's thought and of those branches of learning in which he was deeply interested: Islamics, Philosophy, History, Sociology, Comparative Religion, Literature, Art, etc:

Published Quarterly
in
Two English and Two Urdu Issues

Subscription: Rs. 10
English or Urdu only: Rs. 5

All contributions and journals in exchange should be addressed to the Editor, *Iqbal*, and all business communications to the Secretary, Bazm-i Iqbal, Club Road, Lahore.

The Editor and the Bazm-i Iqbal do not take any responsibility for the views expressed by the contributors.

No articles are returned unless accompanied with a stamped envelope.

Published by M. Saeed Sheikh for the Bazm-i Iqbal and printed by Mirza Muhammad Sadiq at the Ripon Printing Press, Ltd., Bull Road, Lahore

VOLUME XV JULY 1966 NUMBER I

Iqbal

A JOURNAL OF THE BAZM-I IQBAL

Acting Editor : M. SAEED SHEIKH

CONTENTS

Page

1. Man and God in History According to Whitehead
Howard F. Didsbury 1

2. Incidence of Abrogation (*Naskh*) in the Qur'an
Qamaruddin Khan 8

3. The Man of Action in Iqbal's Poetry
S. F. Mahmud 47

4. Iqbal and Bergson on Time
Abbadullah Farooqi 56

5. Shihab al-Din Suhrawardi Maqtul
R. Ghani 60

6. Iqbal's Conception of Power
Farrukh Sultana 65

7. Book Reviews 70

PUBLISHED BY THE BAZM-I IQBAL
CLUB ROAD, LAHORE
(WEST PAKISTAN)